اے میرے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم)
تبلیغ کر جو نازل کیا گیا
تیری طرف تیرے رب کی طرف سے
(مائدہ 67)

قرآنی احکامات کے خلاف تبلیغ

سنگین فتنہ

دار العلوم دیو بند اور علماء دیو بند کی نظر میں

مرتب
مفتی سعید احمد

اے میرے رسول تبلیغ کر جو نازل کیا گیا تیری طرف تیرے رب کی طرف سے

(مائدہ 67)

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب قرآنی احکامات کی تبلیغ کرتے تو کافر پتھروں سے مارا کرتے تھے اور آج کے کافر اسرائیل میں یہودی اور امریکہ میں عیسائی اپنے اپنے عبادت خانے ہمیں تبلیغ کے کاموں کے لئے مرکز بنا کر دیتے ہیں آخر کیوں؟

کیا فرماتے ہیں اس بارے میں دارالعلوم دیوبند اور پاکستان کے علماء کرام یہ جاننے کیلئے مجھے ضرور پڑھیں۔

قرآنی احکامات وسنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت وتبلیغ کے خلاف عالمی پروپیگنڈہ

سنگین فتنہ

حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ کی نظر میں

قرآن وحدیث کے خلاف پروپیگنڈہ اور اسکے جوابات

مرتب: مفتی سعید احمد

ناشر: تحریک تحفظِ ایمان

نام کتاب: سنگین فتنہ
مرتّب: مفتی سعید احمد
تعداد: گیارہ سو
طباعت: دوم
سنِ اشاعت: 17 رجب سنہ 1437ھ بمطابق 25 اپریل 2016
ناشر: تحریک عالمی تحریک تحفظ ایمان
(فون 0322-2242192)

ملنے کے پتے

اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی 02135927159 ادارہ الانور بنوری ٹاؤن کراچی 03322204487
انعامیہ کتب خانہ اردو بازار کراچی 02132216814 رضوان خوشبو اینڈ اسلامی کیسٹ ہاؤس نزد تبلیغی مرکز مدنی مسجد مانسہرہ
لاثانی اسٹیشنرز کالج روڈ کیہال ایبٹ آباد 03345571226 الممتاز کتب خانہ قصہ خوانی پشاور 0812580331
مکتبہ عمرو بن العاص غزنی اسٹریٹ اردو بازار لاہور 03004585134 اسلامی کتاب گھر خیابان سرسید راولپنڈی 0514847585
جامع مسجد مصطفی ہارون آباد شیر شاہ کراچی 03212574455 مکتبہ فاروقیہ نزد جامعہ فاروقیہ کراچی 02134594114
دارالاشاعت اردو بازار کراچی مکتبہ اویس قرنی بنوری ٹاؤن کراچی مکتبہ امام محمدؒ بنوری ٹاؤن کراچی
مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ ممتاز کتب خانہ قصہ خوانی پشاور

آن لائن سوال وجواب کیلئے رابطہ فرمائیں۔

www.facebook.com/sangeenfitna

muftisaeed1122@gmail.com

یہ کتاب اس ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں۔

sangeenfitna.blogspot.com

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
1	نبی ؐ تبلیغ کریں تو کافر پتھروں سے ماریں اور ہمیں کافر اپنے عبادت خانے دیتے ہیں تبلیغ کیلئے آخر کیوں؟	2
2	عالمی تحریک تحفظ ایمان کے ہم مشن علماء حق کے نام	8
3	تبلیغی جماعت میں حکم نہیں درخواست ہے------۔**(حضرت مولانا انعام الحسن کاندھلوی (نور اللہ مرقدہ)**	10
4	تبلیغی جماعت میں خرابی اور تحریف پیدا ہوگئی ہے) **حضرت مولانا محمد طلحہ بن شیخ الحدیث محمد زکریا نوّر اللہ مرقدہ)**	11
5	تحریفِ معنوی یعنی قرآن کریم میں سینہ زوری کھینچا تانی کرنا-------------۔**(حضرت شاہ ولی اللہؒ)**	11
6	تحریف اور تفسیر بالرائے کی تبلیغ اور اسکے جوابات قرآن کی روشنی میں۔	12
7	تحریف یہودیوں کی خصلت ہے جن پر اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے-----۔**(مولانا عبدالرحمن صاحب)**	19
8	ایک تحریفی بزرگ کے خط کا جواب-----------------۔**(مفتی تقی عثمانی صاحب)**	19
9	عملاً جہاد کو منسوخ سمجھا جاتا ہے گویا کہ جہاد کوئی شرعی فریضہ ہی نہیں---------۔**(مفتی تقی عثمانی صاحب)**	20
10	یہ اجتہادی اختلاف نہیں حق و باطل کا اختلاف ہے-------------۔**(مفتی تقی عثمانی صاحب)**	20
11	جو حکم مکہ میں نہیں آیا میں اسے نہیں مانتا۔ جس نے کافر کو دیکھنا ہو وہ اسے دیکھ لے۔(مولانا فیض الباری صاحب)	21
12	جو تبلیغی جماعت چھوڑ کر جہاد میں گیا اسکا کام شیطان نے کر دیا-----------۔**(تبلیغی عالم)**	22
13	جب تک 8 شرائط پوری نہیں ہوتی آپ جہاد میں نہیں جاسکتے---------------۔**(مولانا احسان)**	23
14	ماشاءاللہ اب جہاد کے خلاف کھلی محاذ آرائی شروع ہوئی اور اجتماعات میں بھی **(مولانا الطاف الرحمن صاحب)**	24
15	جہاد کی اعلانیہ بھرپور مخالفت جماعت کی شناخت اور تعارف بن گیا ہے-۔**(مولانا الطاف الرحمن صاحب)**	24
16	یہ اسلام کی خدمت ہے یا کفر کی؟-----------------۔**(مولانا الطاف الرحمن صاحب)**	25
17	ایک خطرناک انداز سے کفر کی آبیاری کر رہے ہیں-----------۔**(مولانا الطاف الرحمن صاحب)**	25
18	حکم اور سنت میں کامیابی کا کہنے والوں نے سب سے پہلے حکم و سنت جہاد کی مخالفت کی جب روس نے افغانستان پر حملہ کیا------------------۔**(حضرت مولانا مفتی محمد اسماعیل احمد پور شرقیہ)**	25
19	جن لوگوں کا یہ ذہن بنتا ہو وہ گمراہ ہیں اور ان کے لئے تبلیغ میں نکلنا حرام ہے۔**(مولانا یوسف لدھیانوی شہیدؒ)**	26
20	درس قرآن میں شرکت تبلیغ کے مقابلہ میں گھر کے صحن میں آلو پیاز لگانے کے برابر ہے۔(معاذ اللہ)	28
21	کیا جامعہ فاروقیہ میں بھی دین کا کام ہوتا ہے۔ اسکا جواب--------۔**(مولانا منظور احمد مینگل صاحب)**	29

22	ایک عالم دوسرے عالم سے: کیا آپ نے اللہ کے راستے میں بھی وقت لگایا ہے۔ **(استاذ عبدالعزیز صاحب)**	29
23	تبلیغی اجتماع میں شرکت کے بارے میں کیا فرماتے ہیں ----------- **(مولانا شمس الہدیٰ صاحب)**	30
24	حق بات سے خاموش رہنے والا گونگا شیطان ہے ---------------------- **(حدیث نبویؐ)**	30
25	ایک طبقہ ہے جو دماغ سے سوچتا ہے اور منہ سے بکتا ہے ---------- **(مولانا نورالہدیٰ صاحب)**	31
26	تم ایک آیت کا ترجمہ صحیح کرو پھر اسرائیل میں کام کر کے بتاؤ --- **(مفتی محمد حنیف صاحب، دارالعلوم دیوبند)**	31
27	47 سال قبل علماءِ دیوبند کا تبلیغی جماعت کے خلاف جلسہ اور اسکی کارگزاری۔	31
28	اصول دعوت وتبلیغ کا رسالہ جب تبصرے کیلئے دارالعلوم دیوبند پہنچا۔	32
29	جماعت سے الگ ہونے کی وجہ ------------------ **(مولانا عبدالرحیم شاہ صاحب)**	33
30	تبلیغی جماعت کی طرف سے مناظرہ کرنے والے الگ ہوگئے۔ **(مولانا ارشاد احمد صاحب، دارالعلوم دیوبند)**	34
31	آخرت میں نجات عقائد کی درستگی پر ہوگی نہ کہ اعمال پر --------- **(مولانا عبدالرحیم شاہ صاحب)**	35
32	انہوں نے اس کام کی فضیلت پر حد سے تجاوز کیا اور دوسرے دینی شعبوں کی کھلم کھلا تخفیف (تحقیر) شروع کردی	37
33	نیم حکیم خطرہ جان، نیم ملا خطرہ ایمان ------------------ **(اصول دعوت وتبلیغ)**	37
34	رونے کا مقام ہے کہ جہلاء حدیثوں کی روایت بالمعنیٰ کرتے ہیں ---- **(حضرت مولانا فضل محمد صاحب)**	37
35	آج کل جو اکثر جاہل یا کالجاہل بلا تحقیق وعظ کہتے ہیں ------------ **(مولانا اشرف علی تھانویؒ)**	38
36	جیسے اس زمانے میں بہت سے جاہل وعظ کہنے کیلئے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ **(مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیعؒ)**	38
37	تبلیغی جماعت کی شرعی حیثیت پر بحث ----------- **(مولانا احتشام الحسنؒ، دارالعلوم دیوبند)**	38
38	اللہ تعالیٰ کے صریح احکام سے متنفر کرنا کفر نہیں تو کفر کیا ہے ----------- **(مولانا عبدالرحمن صاحب)**	39
39	تبلیغی جماعت کے اکابر واصاغر کو چاہیئے کہ وہ دین اسلام کو تختۂ مشق نہ بنائیں --- **(مولانا فضل محمد صاحب)**	40
40	یہ چند علماء حضرات کی کچھ کچھ باتیں انکی کتابوں سے نقل کی ہیں مزید معلومات جاننے کیلئے آگے آنے والی 100 سے زائد کتابوں اوران کے لکھنے والوں کے نام یہ ہیں۔	40
41	وہ لوگ جنہوں نے خون دیکر پھولوں کو رنگت بخشی ہے دوچار سے دنیا واقف ہے گمنام نہ جانیں کتنے ہیں	42
42	100 سے زائد کتابوں میں سے ایک کی تقریظ --- خدارا امت کو غیر اعلانیہ قادیانی نہ بنائیں۔ --------------- **(۔حضرت مولانا عبدالحفیظ صاحب (سیٹلائیٹ ٹاؤن راولپنڈی)**	49
43	قادیانی کا مشن امتِ مسلمہ کو درس قرآن، علماء کرام اور جہاد سے متنفر کرنا ہے۔	49

44	قادیانی کا پیغام اپنے مریدوں کے نام۔	49
45	کیا فرماتے ہیں حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ فتنہ قادیانیت کے بارے میں۔	49
46	ختم نبوت کے مرکزی دفتر کی مسجد میں بھی جہاد سے متنفر کرنے والے کون؟	50
47	اسلام کے بدترین دشمن تبلیغ کیلئے ہمیں اپنے عبادت خانے کیوں دیتے ہیں؟	50
48	''بھی'' والی آیات کے ساتھ ''ہی'' لگا کر کس طرح مسلمانوں کو قرآنی احکامات کا منکر بنایا جاتا ہے۔ وہ الفاظ جاننے کیلئے پہلے (''ہی'' اور ''بھی'') میں فرق ضرور سمجھ لیں۔	51
49	ہم دعا لکھتے رہے وہ دغا پڑھتے رہے۔۔۔ایک نقطے نے محرم سے مجرم بنا دیا	52
50	وہ معزز تھے زمانے میں مسلمان ہو کر۔۔۔۔۔۔۔ہم خوار ہوئے تارک قرآن ہو کر۔	53
51	ہم کھلی تخریب کاری کے قائل نہیں ہم ذہنوں میں تخریب کاری کیا کرتے ہیں۔	53
52	ایک ہی شکاری بزرگ کافی تھا ایمان کی تباہی کیلئے۔	54
53	میں حیران ہوں کہ ان میں بڑا مجرم کون؟۔۔**(حضرت مولانا عبدالرحمن صاحب۔۔۔فاضل دارالعلوم کراچی)**	54
54	نہ تیرا خدا کوئی اور ہے نہ میرا خدا کوئی اور ہے۔	55
55	یہ کھلا ہوا کفر ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**(مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیع صاحبؒ)**	55
56	اپنا سمجھ کر علماء کرام خاموش ہیں ورنہ کب کا کفر کا فتویٰ دے دیا ہوتا۔۔۔۔۔۔۔۔**سابق امام (تبلیغی مرکز)**	56
57	قرآنی احکامات کے خلاف تفسیر بالرائے اور تحریف کا پھیلانا کیا یہ نبیوں والی دعوت ہے؟	57
58	یہودی کہاوت جھوٹ پھیلاؤ سچ چھپاؤ۔	57
59	دیتے ہیں اپنی عقل سے حکم خدا میں دخل۔	58
60	داعیان اسلام کے لئے دعا۔	58
61	جہاد کے فوائد حضرت محمد ﷺ سے لیکر حضرت عیسٰی علیہ السلام کے آنے تک۔	60
62	مگر آج امتِ مسلمہ کو غافل کیا اپنوں نے قرآن وحدیث پر جھوٹ بول بول کر اللہ کے رستے جہاد سے۔	60
63	کتاب اللہ پر جھوٹ پھیلانے کے نقصانات کی مثال۔	61
64	لعنت کرتا ہے قرآن اور صاحب قرآن جن کے بارے میں، کیا کہتے ہیں آپ کہ خیر غالب ہے ان کے بارے	62
65	میں حیران ہوں کہ ان میں بڑا مجرم کون ہے؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**(حضرت مولانا عبدالرحمن صاحب)**	63
66	کیا فرماتے ہیں علمائے دین اللہ کے راستے میں جہاد سے روکنے والے اِن لوگوں کے بارے میں؟	64

67	اللہ کے رستے سے لفظ جہاد اور قتال کو نکال کر اس کی جگہ منکر جہاد فتنہ قادیانیت کی دعوت کو پھیلانا۔	65
68	نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بہتان اور کافروں کی ہمدردی میں جہاد کی کاٹ مختلف انداز میں۔	69
69	جہاد کے خلاف یہ باتیں پھیلانا کیا دین کا بہت ہی اہم شعبہ ہے تو یہ ایجاد کن کی ہے۔	69
70	ہنسی آتی ہے اللہ کے راستے میں قرآنی آیات کو چھپانے والوں کے دعوتی کام پر۔	72
71	جہاد پر اعتراضات اور اسکے جوابات۔	73
72	کیا کوئی عقل مند یہ بات کہا سکتا ہے کہ مسلمانوں کے ایمان کو خراب کرنے والی جماعت میں خیر غالب ہے؟	81
73	دعوت قرآن کے خلاف مخالفتِ قرآن۔۔۔۔اور انکے جوابات۔	83
74	عجیب چال چلتے ہیں دیوان گان عشق چلتے ہیں افریقہ پہنچتے ہیں دمشق۔	86
75	مقصد آمد نبیؐ غلبہ اسلام کی مخالفت دین کو پھیلانے کی دعوت کے نام سے کس انداز میں؟	88
76	مقصد آمد نبیؐ غلبہ اسلام کی خاطر اللہ کے رستے میں لڑنے کی مخالفت دعوت کے نام سے۔	89
77	رہبروں کے روپ میں رہزن کون؟	91
78	مشنِ قادیانی امت مسلمہ کو درس قرآن علماءِ کرام اور جہاد بالسیف سے روکنا ہے۔ آج امت مسلمہ کو جہاد سے متنفر کرنے والے قادیانی کے ہم مشن، مثلِ قادیانی کون؟	94
79	کیا خوب نیک بنائے چوری چھڑوائی ڈاکو بنائے۔	95
80	شکاری بزرگ۔	96
81	یا اللہ! کوئی ایسا مجاہد پیدا فرما جو امت مسلمہ کو اس بڑے فتنے سے آگاہ کرے۔(**حضرت مولانا حسین صاحب**)	96
82	یہ باطل فرقوں کا ایجنٹ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(**امام اہل سنت حضرت شیخ مولانا سرفراز خان صفدر صاحبؒ**)	97
83	ضروری گزارش	97
84	قرآنی احکامات کی تبلیغ کرنے والے ہمارے نبیؐ اور قرآنی احکامات کے خلاف تبلیغ کرنے والے امتی کس کے؟	98
85	تقریظ حضرت مولانا عرفان الحق المظاہری صاحب	100

یہ کتاب "سنگین فتنہ" اس ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں۔

sangeenfitna.blogspot.com

مزید معلومات کیلئے رابطہ: مفتی سعید احمد فاضل احسن العلوم گلشن اقبال کراچی۔

0322-22-42-192

عالمی تحریک تحفظ ایمان کے ہم مشن علماء حق کے نام

حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ، حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ، حضرت مولانا مفتی شفیع صاحبؒ،

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ، حضرت مولانا شبیر علی تھانویؒ

حضرت مولانا سرفراز خان صفدرؒ حضرت مولانا مفتی رشید احمدؒ مفتی نظام الدین شامزئی شہیدؒ،

حضرت مولانا یوسف لدھیانوی شہیدؒ، حضرت مولانا حکیم محمد اختر صاحب (نوّر اللہ مرقدہ)

{علماء دیوبند}

حضرت مولانا قاری محمد طیبؒ ۔۔۔ مہتمم دار العلوم دیوبند، حضرت مولانا عبد الرحیم شاہ صاحبؒ، استاذ دار العلوم دیوبند،

شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی سعید احمد پالن پوری صاحب (دامت برکاتہم) استاذ دار العلوم دیوبند،

حضرت مولانا ارشاد احمدؒ استاذ دار العلوم دیوبند، حضرت مولانا مفتی محمد حنیف دار العلوم دیوبند،

حضرت مولانا مفتی عبد المتین قدوائیؒ، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلویؒ، حضرت مولانا مفتی علی احسنؒ،

حضرت مولانا انظر شاہ قاسمی (دامت برکاتہم)

حضرت مولانا محمد فاروق اترانویؒ المظاہری، حضرت مولانا عرفان الحق المظاہری،

{اکابر علماء دیوبند پاکستان}

شیخ الحدیث حضرت مولانا فضل محمد صاحب (دامت برکاتہم) استاذ جامعہ علوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی،

شیخ الحدیث حضرت مولانا نور الہدیٰ صاحب (دامت برکاتہم) مہتمم جامعہ ربانیہ قصبہ کالونی کراچی،

شیخ الحدیث حضرت مولانا شمس الہدیٰ صاحب (دامت برکاتہم) مہتمم جامعہ ربانیہ ناظم آباد کراچی،

شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی عیسیٰ خان صاحب (دامت برکاتہم) فتاح العلوم نوشہرہ گوجرانوالہ،

حضرت مولانا قاضی عبد السلام نوشہروی (نوّر اللہ مرقدہ)،

شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا مفتی زرولی خان صاحب (دامت برکاتہم) مہتمم جامعہ عربیہ احسن العلوم کراچی،

مجاہد اسلام حضرت مولانا محمد مسعود ازہر صاحب (دامت برکاتہم)،

مناظر اسلام حضرت مولانا الیاس گھمن صاحب (دامت برکاتہم)،
شیخ الحدیث حضرت مولانا فیض الباری صاحب (دامت برکاتہم) مانسہرہ،
شیخ الحدیث حضرت مولانا امان اللہ صاحب (دامت برکاتہم) جامعہ مدنیہ جدید رائیونڈ،
سابقہ امیر تبلیغی جماعت حضرت مولانا انعام الحسن (نوّر اللہ مرقدہ)، حضرت مولانا محمد طلحہ (دامت برکاتہم) بن محمد زکریاؒ،
حضرت مولانا ضیاء الحقؒ سابقہ امام تبلیغی مرکز مانسہرہ، حضرت مولانا محمد عزیز صاحب (دامت برکاتہم) سابقہ امام تبلیغی مرکز کراچی، شیخ الحدیث حضرت مولانا الطاف الرحمن بنوی صاحب (دامت برکاتہم)،
حضرت مولانا محمد صالح صاحب (دامت برکاتہم)، حضرت مولانا سیف اللہ (دامت برکاتہم) مستونگ،
حضرت مولانا مفتی محمد اسمٰعیل صاحب (دامت برکاتہم) احمد پور شرقیہ، حضرت مولانا عبد الحنان صاحب (دامت برکاتہم) منڈہ گچھا ہزارہ، حضرت مولانا زبیر احمد صدیقی صاحب (دامت برکاتہم)، حضرت مولانا مفتی معصوم افغانی صاحب (دامت برکاتہم)، حضرت مولانا عبد الشکور ترمذی صاحب (دامت برکاتہم)،
حضرت مولانا عبد الحفیظ صاحب (دامت برکاتہم) راولپنڈی، حضرت مولانا پیر ذوالفقار نقشبندی (دامت برکاتہم)،
حضرت مولانا عبد الرحمن صاحب (دامت برکاتہم)۔۔۔ مصنف۔۔۔ انکشاف حقیقت فاضل دار العلوم کورنگی کراچی،
حضرت مولانا عبد الغفار (دامت برکاتہم) غور غشتی، حضرت مولانا احتشام الحق (نوّر اللہ مرقدہ)،
اور عالمی تحریک تحفظ ایمان کے امیر محترم حضرت مولانا قاری فتح محمد صاحب دامت برکاتہم

اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر
علماء آتے گئے قافلہ بنتا گیا

حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ جماعت کو لازم پکڑو (یعنی اہل علم) اللہ تعالیٰ امت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کبھی بھی گمراہی پر جمع نہیں کریگا۔ (معجم طبرانی کبیر جلد 17 صفحہ نمبر 240)

نوٹ: علماء حق کے خلاف بین الاقوامی سازش۔۔۔ کہ یہ دین کا کام نہیں کرتے اور ہمارے ساتھ گلیوں میں نہیں گھومتے تاکہ یہ بھی ان کی طرح ہوجائیں اور قرآن وسنت کے مطابق مدرسوں میں لاکھوں طالب علموں کو تبلیغ کرنے والے اس عظیم کام کو چھوڑ کر انکی طرح بن جائیں۔

تبلیغی جماعت میں حکم نہیں درخواست ہے۔

کیا فرماتے ہیں تبلیغی جماعت کے امیر امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے بارے میں

امیر جماعتِ تبلیغ (حضرت جی)

حضرت مولانا انعام الحسن کاندھلوی (نور اللہ مرقدہ)

(آخری تقریر اجتماع مدنی مسجد تبلیغی مرکز کراچی پاکستان)

اقتباس: صفحہ نمبر 520۔۔۔ سہ ماہی احوال و آثار کاندھلہ 9/5/1991

{بیان کے اختتام کے آخری الفاظ}

یہ امر نہیں ہے کہ امر جو ہے بڑے کا چھوٹے کے اوپر چلتا ہے۔۔۔ ہماری اس تبلیغ میں اس دعوت میں نہیں ہے۔۔۔ یہ عرض ہے۔۔۔ یہ خدا کے بندوں کے سامنے پیش کرنا ہے۔ یہ حکم نہیں ہے جس کو کہا ہے امر بالمعروف ونہی عن المنکر۔۔۔ یہ ان لوگوں کیلئے ہے۔۔۔ جن کے پاس مرتبہ ہو جن کے پاس طاقت ہو ہمارے پاس یہ نہیں ہے۔ ہم اس کے مکلف نہیں ہیں۔۔۔ ہمارے لئے تو دعوت ہے دعوت کے اندر عرض ہوتی ہے۔

عرض الدعوۃ۔۔۔ دعوت کا پیش کرنا عرض ہوتا ہے۔ چھوٹا بن کر کسی بات کو پیش کرنا، جیسا کہ ہمارے محاورہ میں بھی مشہور ہے۔۔۔ عرض پیش کی میں نے۔۔۔ تو یہ دعوت ہے۔۔۔ دعوت کے اندر عرض ہے۔۔۔ اس کے اندر امر نہیں ہے۔

اللہ جل شانہ عم نوالہ ہمیں اپنی زندگی میں صحیح چلنے کی توفیق نصیب فرمائے۔۔۔ اور اسکی محنت کرنے کیلئے خدائے پاک ہم کو قبول فرمائے۔۔۔

راقم: اس بیان میں خود شریک تھا اور اسی بیان کے بعد الحمد للہ حضرت جی سے بیعت کا شرف بھی حاصل ہوا۔ اللہ تعالیٰ حضرت جی کی قبر کو نور سے منور فرمائے کے جنہوں نے فرما دیا کہ اس تبلیغ کے کام میں امر حکم

نہیں ہے اور نہ ہی نہی عن المنکر کے ہم مکلف ہیں جس کام پر اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہترین امت کہا ہے یہ کام وہ کر سکتے ہیں جن کے پاس طاقت اور حکومت ہے الحمد اللہ یہ کام افغانستان کے طالبان کرتے تھے طاقت سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر جس کی وجہ سے پورے ملک سے برائیاں ختم ہو گئیں اور امن قائم ہو گیا۔ ۔ ۔ اور کافر امن کے نام نہاد داعی اسی لئے ان کے دشمن بن گئے اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ان کی طرح امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرنے کی توفیق نصیب فرمائے۔ (آمین)

اس (تبلیغ) میں خرابی اور تحریف پیدا ہو گئی ہے۔

(حضرت مولانا محمد طلحہ بن شیخ الحدیث محمد زکریا نوّراللہ مرقدہ)

فرمایا تبلیغ وہ کریں جو مولانا الیاس رحمہ اللہ اور مولانا یوسف رحمہ اللہ کے زمانے میں تھی۔

بعد میں اس (تبلیغ) میں خرابی اور تحریف پیدا ہو گئی ہے۔

باتیں بہت ہیں لیکن نظام الدین والے کہیں گے کہ طلحہ نے پاکستان جا کر ہماری شکایتیں لگائیں۔

ملفوظ: حضرت مولانا محمد طلحہ بن شیخ الحدیث محمد زکریاؒ بیان: معہد الخلیل مورخہ ۲۲ جمادی الثانی 1436ھ

ناقل: (استاذ الحدیث حضرت مولانا) فضل محمد یوسف زئی (دامت برکاتہم العالیہ)

کیا فرماتے ہیں حضرت مولانا شاہ ولی اللہؒ تحریف کے بارے میں؟

ترجمہ: اور تحریف معنوی تاویلات فاسد کا نام ہے، یعنی سینہ زوری اور کھینچا تانی کر کے راہ مستقیم سے ہٹ کر آیت کو اس کے اصل معنی کے خلاف پر حمل کرنا۔ (شرح فوز الکبیر صفحہ ۵۵)

قرآنی احکامات کے خلاف تفسیر بالرائے اور تحریف معنوی کی تبلیغ اوران کے جوابات

(کیا فرماتے ہیں علمائے دین) بہترین امت کا لقب ہمیں کس کام پر ملا ہے۔

نیک کام کا حکم کرنے اور برائی سے روکنے پر۔ یا۔ قرآن وحدیث کے خلاف تبلیغ کرنے پر؟

اور درج ذیل قرآنی احکامات کے خلاف پھیلائی ہوئی باتیں۔ تفسیر بالرائے اور تحریف معنوی ہیں کہ نہیں؟

اگر ہیں تو شرعاً کیا حکم لگتا ہے انکے پھیلانے والوں کے بارے میں۔

1	قرآن کا حکم	اے نبی آپ لڑیں اللہ کے راستے میں۔۔۔۔۔۔	(النساء 84)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	ہمارے نبی لڑنے بھڑنے والے نہیں تھے۔	
2	القرآن	بہت سے نبی لڑے ہیں اللہ کے رستے میں۔۔۔۔۔۔۔	ال عمران 146
	قرآن کے خلاف تبلیغ	لڑنا بھڑنا نبیوں کا کام نہیں۔	
3	قرآن کا حکم	محمد اللہ کے رسول ہیں اور آپ کے ساتھ والے سخت ہیں کافروں پر	(الفتح 28)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	ہمارے نبی کی محنت سے صحابہ کافروں کیلئے بڑے ہی نرم دل بن گے تھے۔ کہ راتوں کو ان کیلئے ہدایت کی دعائیں مانگتے اور دن کو ان پر محنت کرتے تھے۔	
4	القرآن	اے نبی۔ جہنمیوں (جہنم میں جانے والے کافروں) کے بارے میں آپ سے کچھ باز پرس نہیں ہوگی۔	(البقرہ 119)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	ایک ایک کافر جو بھی جہنم میں جائے گا اس کے بارے میں پوری اُمت سے پوچھ ہوگی۔	

5	القرآن	لڑو اُن لوگوں سے جو ایمان نہیں لاتے اللہ پر نہ آخرت پر۔۔	(التوبہ 29)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	ہمارے نبی نے کبھی اقدامی جہاد نہیں کیا۔	
6	قرآن کا حکم	اے نبی کافروں اور منافقوں سے لڑو اور ان پر سختی کرو۔	(التحریم 9)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	ہمارے نبی نے کبھی طاقت استعمال نہیں کی۔	
7	قرآن کا حکم	بدلہ لینا تم پر فرض کر دیا ہے۔۔۔۔۔۔	(البقرہ178)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	ہمارے نبی بدلہ لینے والے نہیں تھے۔	
8	القرآن	کافر تمھارے کھلے دشمن ہیں۔۔۔	(النساء101)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	یہ نفس اور شیطان ہی ہمارے دشمن ہیں اور کوئی دشمن نہیں۔ (نوٹ: یعنی کافر دشمن نہیں)	
9	القرآن	کافروں کی دلی خواہش ہے کہ تم اسلحہ و اسباب سے غافل ہو جاؤ پھر تم پر حملہ کر دیں گے ملکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	(النساء 101)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	اسلحہ و اسباب سے کچھ نہیں ہوتا اس کا خیال ہی دل سے نکال دو ہمارے لئے صرف ایک اللہ ہی کافی ہے۔	
10	قرآن کا حکم	مارو کافروں کی گردنوں پر۔۔۔	(الانفال 12)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	کافروں کو مارنے سے تو وہ بچارے جہنم میں چلے جائیں گے۔	
11	قرآن کا حکم	اگر یہ کافر تم سے لڑیں تو قتل کر ڈالو یہی ہے سزا کافروں کی۔	(البقرہ191)

	قرآن کے خلاف تبلیغ	اگر یہ کافر تم سے لڑیں تو کلمہ والی گولی سے علاج کرو۔ تاکہ وہ بھی جنت میں جائیں تم بھی۔	
12	قرآن کا حکم	تمھیں کیا ہوا کہ نہیں لڑتے اللہ کے رستے میں اُن مظلوموں کی خاطر جن پر کافر ظلم کرتے ہیں۔	(النساء 75)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	ہم کیوں لڑیں اُن کی خاطر جن پر اللہ کا عذاب آیا ہے ان کے گناہوں کی وجہ سے	
13	قرآن کا حکم	لڑو اب اللہ ان (کافروں) کو تمھارے ہاتھوں سے عذاب دے گا	(التوبہ 14)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	اللہ جب چاہے گا کافروں کو اپنی قدرت سے عذاب دے گا ہمیں اُس کے کام میں مداخلت نہیں کرنی۔	
14	قرآن کا حکم	اگر (تم جہاد کیلیئے) نہیں نکلو گے تو اللہ تمھیں دردناک عذاب دے گا	(التوبہ 39)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	اگر ان باتوں کی دعوت کو پھیلانے کیلیئے نہیں نکلو گے تو اللہ تمھیں درد ناک عذاب دے گا۔	
15	القرآن	ایمان والے تو لڑتے ہیں اللہ کے رستے میں ۔۔	(النساء 76)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	جہاد سے پہلے ایمان بنانا ہوتا ہے۔ اور یہ ایمان بنانے کی محنت کا کام ہم نے ڈرتے ڈرتے کرنا ہے اور کرتے کرتے ہی مرنا ہے	
16	القرآن	جب اللہ کی آیتیں ان کے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو ان کا ایمان اور بڑھ جاتا ہے۔۔۔۔	(الانفال 2)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	ایمان صرف ان باتوں کی دعوت کو پھیلانے سے ہی بڑھتا ہے ۔ اور کسی چیز سے نہیں بڑھتا (معاذ اللہ یعنی قرآن سے نہیں)	

17	القرآن	جنہوں نے روکا دوسروں کو اللہ کے رستے سے اُن کے اعمال تباہ ہو گئے۔۔ اللہ محبت کرتا ہے ان سے جو لڑتے ہیں اللہ کے رستے میں۔	(محمد 1) (الصّف 4)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	اللہ 70 مرتبہ پہلے رحمت کی نظر سے جسے دیکھتا ہے اُسے ان باتوں کی دعوت کو پھیلانے کیلئے قبول کرتا ہے۔ (نوٹ: کیا اللہ تعالیٰ قرآنی احکامات کے خلاف تبلیغ کرنے والوں کو پہلے ستر مرتبہ رحمت کی نظر سے دیکھتا ہے پھر قبول کرتا ہے۔ معاذ اللہ)	
18	القرآن	برابر نہیں بیٹھنے والے اور لڑنے والے اللہ نے بلند کیا درجہ اور اجرِ عظیم اُن مجاہدین کا جو لڑتے ہیں اللہ کے رستے میں۔۔۔۔۔	(النساء 95)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	یہ ہے سب سے اُونچا اور سب سے اعلیٰ دین کی محنت کا کام جو ہم کر رہے ہیں اس میں ثواب سمندر کی طرح ملتا ہے اور اس کے مقابلے میں دین کے تمام کاموں کو جمع کریں جہاد کو بھی شامل کر کے تو اُن میں ثواب قطرے کی طرح ملتا ہے۔ نوٹ: کیا بہترین امت کا لقب ہمیں مسلمانوں کو نمازی بنا کر ذکر کرتے ہوئے قرآنی احکامات کیخلاف پروپیگنڈہ پھیلانے والی دعوت کے کام پر ملا ہے۔	
19	القرآن	وہی تو ہے (اللہ) جس نے بھیجا رسول دین حق کے ساتھ سچا دین دے کر تا کہ غالب کرے اس کو تمام دینوں پر خواہ مشرکوں کو بُرا کیوں نہ لگے۔۔۔۔۔۔۔	(التوبہ 33)

	قرآن کے خلاف تبلیغ	اللہ نے نبی کو دنیا میں صرف اور صرف دعوت والا کام دے کر ہی بھیجا ہے۔ اور کسی مقصد کیلئے نہیں بھیجا۔ (معاذ اللہ یعنی غلبہ اسلام کیلئے بھی نہیں بھیجا)	
20	القرآن	لڑو اُن سے یہاں تک کہ باقی نہ رہے کوئی فتنہ اور دین ہو جائے سارا ایک اللہ کا۔۔۔۔۔۔	(البقرہ 193)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	لڑنے سے تو فتنے پیدا ہوتے ہیں دین تو دنیا میں صرف اسی دعوت کی محنت سے ہی آئے گا جو ہم کر رہے ہیں اور کسی محنت سے نہیں۔ (معاذاللہ)	
21	القرآن	بلا شبہ اللہ نے خریدا ہے مسلمانوں کی جان اور مال کو اس قیمت پر کہ ان کیلئے جنت ہے۔ وہ لڑتے ہیں اللہ کے رستے میں۔۔ قتل کرتے ہیں اور قتل کئے جاتے ہیں اسپر وعدہ ہے۔۔۔	(التوبہ 111)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	اللہ نے ہماری جان و مال کو صرف ان باتوں کی دعوت کو پھیلانے کیلئے ہی خریدا ہے اور کسی کام کیلئے نہیں خریدا۔ (یعنی لڑنے کیلئے نہیں خریدا، معاذ اللہ)	
22	قرآنی فتویٰ	اس سے بڑا ظالم کون ہوگا جو جھوٹ باندھے اللہ پر سن لو ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے جو روکتے ہیں دوسروں کو اللہ کے رستے سے۔۔۔	(ہود 19-18)
23	قرآنی فتویٰ	جو لوگ چھپاتے ہیں اس کو جس کو نازل کیا ہے ہم نے ان پر لعنت کرتا ہے اللہ اور لعنت کرتے ہیں ان پر لعنت کرنے والے۔۔	(البقرہ 159)

24	القرآن	یہی لوگ ہیں کہ لعنت کی اللہ نے ان پر اور کر دیا ان کو بہرہ اور اندھی کر دیں ان کی آنکھیں۔ کیا دھیان نہیں کرتے قرآن میں یا ان کے دلوں پر تالے لگ چکے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	(محمد 24)
		باغباں جب چور ہو پھر کون رکھوالی کرے باغ ویراں کیوں نہ ہو مالی جو پامالی کرے	
25	القرآن	ہم نے اس قرآن کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔۔۔۔۔۔۔	(الحجر 9)
26	قرآن کا حکم	لڑنا تم پر فرض کر دیا ہے اور وہ تمھیں ناگوار لگتا ہے ایک چیز جس کو تم ناپسند کرتے ہو اس میں خیر ہے۔ نوٹ: اللہ تعالیٰ لڑنے والے کام میں خیر بتاتا ہے اور نادان نہ لڑنے میں۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ہم پر لڑنا فرض فرمایا ہے جہاد نہیں فرمایا۔	(البقرہ 216)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	کیا تم نے جہاد کا مطلب لڑنا ہی سمجھ لیا ہے جہاد کا مقصد تو دین کیلئے جدوجہد کرنا ہے اور وہ ہم بڑا جہاد کر رہے ہیں۔	
27	قرآن کا حکم	حکم ہوا ان لوگوں کو لڑنے کا جن سے کافر لڑتے ہیں۔۔۔	(الحج 39)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	جب تک ہمارے بڑے اجازت نہیں دیں گے ہم نہیں لڑیں گے۔	
28	قرآن کا حکم	اے ایمان والو حکم مانو اللہ کا اور اس کے رسول کا تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔	(ال عمران 32)
	قرآن کے خلاف تبلیغ	جتنا دین کو بہتر ہمارے بڑے سمجھتے ہیں اتنا کوئی نہیں سمجھتا جیسا وہ کہیں گے ہم وہی کریں گے۔	

29	القرآن	**وارث الانبیاء علماء حق کے سمجھانے کے باوجود خلاف شریعت باتوں کی تبلیغ کرنے والے چھوٹوں اور بڑوں کا انجام** قیامت کے دن سب لوگ اللہ کے سامنے کھڑے ہوں گے اور ضعیف (چھوٹے اپنے بڑوں سے) متکبرین سے کہیں گے کہ ہم تو تمھارے تابع تھے (کہ دین کی جو راہ تم نے دکھائی ہم اُسی پر چلے) کیا تم اللہ کا عذاب ہم پر سے کچھ ہٹا سکتے ہو تو وہ کہیں گے کہ اگر اللہ ہمیں ہدایت کرتا تو ہم تمھیں بھی ہدایت کرتے اب ہم گھبرائیں یا صبر کریں ہمارے حق میں برابر ہے۔ کوئی جگہ ہماری رہائی کیلئے نہیں ہے۔	(ابراھیم 21)
30	القرآن	کیا ان کو معلوم نہیں کہ جو اللہ اور اس کے رسول کا مقابلہ کرتا ہے اس کیلئے جہنم کی آگ تیار ہے۔---------	(التوبہ 63)
31	قرآن کا حکم	جو مومن ہیں وہ تو اللہ کے لئے لڑتے ہیں اور جو کافر ہیں وہ بتوں کے لئے لڑتے ہیں سو تم شیطان کے مددگاروں سے لڑو۔	(النساء76)

قرآنی احکامات کے خلاف تبلیغ کے نام سے پروپیگنڈا پھیلانے والا یہ دعوتی کام اللہ کے راستے میں ہے یا شیطان کے راستے میں؟

دیتے ہیں اپنی عقل سے حکم خدا میں دخل۔ ۔ رہزن بھی ہیں وہ رہنمائی کے ساتھ ساتھ
اچھائی کر رہے ہیں برائی کے ساتھ ساتھ۔۔ کھلا رہے ہیں زہر بھی دوائی کے ساتھ ساتھ

{نوٹ: قرآنی احکامات میں سے صرف ایک آیت جہاد کے انکاری، باقی تمام نیک اعمال پر مسلمانوں کو لانے اور سارے کافروں کو مسلمان کرنے کے بھی یہ منکرین جہاد جنتی ہیں یا جہنمی؟

(کیا فرماتے ہیں علمائے دین) مندرجہ بالا قرآنی احکامات کے خلاف پھیلائی ہوئی باتیں۔ تفسیر بالرائے اور تحریف معنوی ہیں کہ نہیں؟ اگر ہیں تو شرعاً کیا حکم لگتا ہے انکے پھیلانے والوں کے بارے میں؟

تحریف یہودیوں کی خصلت ہے۔

تشریح: تحریف ۔۔۔ کتب سابقہ تورات وغیرہ میں تحریف لفظی بھی ہوئی اور معنوی بھی اور اصل تحریف تو تحریف لفظی ہے کیونکہ تحریف کے معنی حروف اور لفظ کے بدل دینے کے ہیں۔ جس سے قرآن کریم محفوظ ہے لیکن تاویل فاسد کر کے معنی بدل دینا حکم بدل دینے کو بھی مجازاً تحریف کہتے ہیں۔ یہاں جس تحریف کا ذکر کیا گیا ہے وہی تحریف مراد ہے۔ قرآن کریم کے حکم کے خلاف عمل کرنا یا دعوت دینا قرآن کریم کے احکام کو چھپانا اور انکے برعکس عمل کرنا۔ پس جو شخص یا جماعت اس لعنتی دعوت کی مرتکب ہوگی وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں مجرم ہوگی تحریف اتنا بڑا جرم ہے کہ یہ یہودیوں کی خصلت ہے اور یہودی وہ قوم ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے قیامت تک ذلت اور مسکنت مسلط کردی ہے۔ اور وہ ملعون قوم ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو اپنے مبارک احکام اور ہادی سُبل، خاتمِ رُسل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نورانی طریقوں کے مطابق عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔

حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب (مصنف: انکشافِ حقیقت) فاضل دارالعلوم کورنگی کراچی۔

ایک تحریفی بزرگ کے خط کا جواب۔

کیا فرماتے ہیں مفتی تقی عثمانی صاحب (دامت برکاتہم)

لیکن اب جماعت کے ایک سرکردہ اور مقتدر بزرگ جن کا میں بہت احترام کرتا ہوں ان کا خط پڑھنے کا اتفاق ہوا جو انہوں نے ایک صاحب کے نام لکھا تھا جن کے نام وہ خط تھا انہوں نے وہ خط مجھے بھیج دیا۔ اس خط کے اندر تحریر کا سارا رُخ اس طرح ہے کہ گویا اس وقت جہاد کی طرف توجہ کرنا یا جہاد کی بات کرنا جہاد کے بارے میں سوچنا یا جہاد کے بارے میں کوئی اقدام کرنا کسی بھی طرح درست نہیں، بلکہ جہاد تو اصل میں دعوت کے لئے ہے۔ اگر دعوت کی آزادی ہو تو اس صورت میں نہ صرف یہ کہ جہاد کی ضرورت نہیں بلکہ وہ مضر ہے۔ ساتھ میں یہ بھی لکھا کہ ابھی یہ بات لوگوں کی سمجھ میں نہیں آرہی ہے لیکن

رفتہ رفتہ علماء کی سمجھ میں بھی آ جائے گی۔ اس خط میں معلوم ہوتا ہے کہ جو باتیں تبلیغی جماعت کے حضرات کی طرف منسوب کر کے نقل کی گئی ہیں وہ اتنی بے بنیاد نہیں ہیں بلکہ یہ فکر رفتہ رفتہ ہے۔ یہ بات ایسی نہیں ہے کہ اس پر خاموش رہا جائے، چنانچہ اس سلسلے میں پھر ہم نے جماعت کے ان حضرات سے زبانی گذارش بھی کی۔ جن سے ہمارے رابطے ہیں لیکن اور بڑوں تک یہ بات پہنچانے کا اہتمام کیا کہ یہ بات جو پیدا ہو رہی ہے یہ بڑی خطرناک ہے۔ خط میرے پاس موجود ہے اگر کوئی پڑھنا چاہے تو پڑھ لے۔

(تقریر ترمذی، جلد دوم، صفحہ نمبر 210)

یہ راز بھی اب کوئی راز نہیں۔۔۔۔ سب اہل گلستاں جان گئے
ہر شاخ پہ الو بیٹھا ہے۔۔۔۔ انجام گلستاں کیا ہوگا

نوٹ: یہ خط کتاب " دفاعِ تبلیغ " صفحہ نمبر 7 پر موجود ہے۔

عملاً جہاد کو منسوخ سمجھا جاتا ہے گویا کہ جہاد کوئی شرعی فریضہ ہی نہیں۔

مزید کیا فرماتے ہیں۔۔۔ **مفتی محمد تقی عثمانی صاحب (دامت برکاتہم)** اپنے فتاویٰ عثمانی میں تبلیغی جماعت کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں:۔

’’یہ بات احقر کی فہم ناقص سے بالاتر ہے کہ تبلیغ میں نکلنے پر ہمیشہ صحابہ کرامؓ کے جہاد کے واقعات سے استدال کیا جاتا ہے۔ لیکن عملا جہاد کے بارے میں طرز عمل یہ ہے کہ گویا جہاد کوئی شرعی فریضہ ہی نہیں ہے۔ بلکہ اسے عملا منسوخ سمجھا جاتا ہے اور جہاد کی بعض اوقات مخالفت بھی کی جاتی ہے‘‘

بحوالہ۔۔۔ فتاویٰ عثمانی۔۔۔ جلد اول صفحہ نمبر ۲۴۲

یہ اجتہادی اختلاف نہیں حق و باطل کا اختلاف ہے۔

کیا فرماتے ہیں اس بارے میں مفتی تقی عثمانی صاحب (دامت برکاتہم)

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر کوئی فرد یا جماعت جہاد کی ابتدائی فرضیت سے انکار کر دے جبکہ وہ نصوص

قطعیہ سے ثابت ہے اور وہ جماعت صرف دفاعی جہاد کی قائل ہو تو شریعت میں ایسی جماعت کی کیا حیثیت ہے؟ ایسی جماعت کے طرف کفر یا ضلالت کی نسبت کرنا درست ہے؟ یہ تو میں نے عرض کر دیا کہ یہ نقطہ نظر بالکل غلط ہے کہ جہاد صرف دفاع کے لئے مشروع ہوا ہے۔ لیکن جو شخص یا جماعت اس نقطہ نظر کی قائل ہو اس پر کفر کا فتویٰ لگانا بھی مشکل ہے اس لئے کہ تکفیر ایک ایسی چیز ہے جس میں بہت احتیاط لازم ہے اس لیے جو شخص یا جماعت مطلق جہاد کی منکر ہو اس پر بے شک کفر کا فتویٰ لگایا جائے گا کیونکہ جہاد کی مشروعیت دین میں سے ہے لیکن جو شخص یا جماعت دفاعی جہاد کی قائل ہے اور ابتدائی جہاد کی مشروعیت سے انکار کرتی ہے تو وہ جماعت ماؤل (تاویل کرنے والی ہے) اور ماؤل کو کفر نہیں کہا جائے گا۔ اس لئے اس جماعت کو کافر نہیں کہیں گئے۔

البتہ یہ نقطہ نظر بالکل غلط اور باطل ہے اور یہ صرف اجتہادی اختلاف نہیں ہے بلکہ حق و باطل کا اختلاف ہے اور ابتدائی جہاد سے انکار کرنے والے کو یہ کہا جائے کہ یہ باطل پر ہے حق پر نہیں ہے لیکن کفر کا فتویٰ نہیں لگائیں گے **(صفحہ نمبر ۲۰۷ جلد نمبر ۲ تقریر ترمذی)**

جو حکم مکہ میں نہیں آیا میں اسے نہیں مانتا۔۔۔ جس نے کافر کو دیکھنا ہو وہ اسے دیکھ لے۔

حضرت مولانا فیض الباری صاحب (خطیب جامع مسجد سنہری۔۔۔ ضلع مانسہرہ)

فرماتے ہیں کہ میرے پاس ایک تبلیغی آیا اور کہا کہ مولانا مکی زندگی میں جہاد تھا۔ میں نے کہا کہ کیا مطلب ہے تمہارا۔۔۔ اس نے پھر یہی بات دھرائی۔۔۔ تو میں نے کہا کہ کیا مطلب ہے تمہارا کہ مکی زندگی میں اگر جہاد کا حکم نہیں آیا تو کیا تم جہاد کو نہیں مانو گے۔۔۔ تو اس نے زور سے کہا کہ جو حکم مکی زندگی میں نہیں آیا ہم اسکو نہیں مانتے۔۔۔ تو پھر فرماتے ہیں کہ میں نے مسجد کے اندر اس سے بھی زیادہ زور سے کہا کہ اگر کسی نے کافر کو دیکھنا ہے تو اس شخص کو دیکھ لو۔۔۔ کہ اس نے میرے سامنے کفریہ کلمہ بکا ہے۔۔۔ فرماتے ہیں کہ بعد میں اسکا بیٹا میرے پاس آیا۔۔۔ اور کہا کہ میرے والد صاحب کو معاف

فرمادیں کہ ان سے غلطی ہوئی ہے ۔۔۔ تو میں نے جواب دیا ۔۔۔ میں کوئی خدا نہیں جو میں معاف کروں ۔۔۔ لہذا آپ اپنے والد سے کلمہ پڑھائیں ۔۔۔ اور والدہ کا اپنے والد سے نکاح دوبارہ کروائیں ۔۔۔

جو تبلیغی جماعت چھوڑ کر جہاد میں گیا اسکا کام شیطان نے کر دیا۔ (تبلیغی عالم)

ایسی باتیں ان کو درسِ قرآن اور جہاد کے خلاف کوئی عام لوگ نہیں مرکز کے اندر انکو انکے بڑے حضرات ہی بتاتے ہیں ۔ جسکی مثال یہ ہے کہ راقم خود اس بیان میں موجود تھا تبلیغی مرکز مدنی مسجد مانسہرہ فجر کے بیان میں ایک بنگالی عالم کہہ رہا تھا کہ اپنی جماعت کو لازم پکڑو جو جماعت کو چھوڑ دیتا ہے شیطان اس کو اکیلی بکری کی طرح اچک لیتا ہے جس طرح اکیلی بکری کو بھیڑیا کھا جاتا ہے اور بکری بھیڑے کا شکار کیوں بنتی ہے کہ وہ اپنے ریوڑ سے ہٹ جاتی ہے سبز گھاس کو دیکھ کر اسکے پیچھے بھاگ جاتی ہے اور اس گھاس کے پیچھے بھیڑیا چھپا ہوتا ہے جو اسے کھا جاتا ہے جسطرح بکری سبز گھاس کی خاطر شکار ہوگئی اس طرح تمہیں کسی نے جہاد کے فضائل سنائے اور تم اپنی جماعت کو چھوڑ کر اس طرف چلے گئے تو تمہارا کام بھی شیطان نے اس طرح کر دیا جس طرح بکری کا بھیڑے نے کیا اب لوگ آپ کو اتنے بڑے عظیم کام سے ہٹا کر کس طرح چھوٹے کام میں لگاتے ہیں اسکی مثال جیسے ایک بچے کے ہاتھ میں ۱۰۰۰ روپے کا نوٹ ہو اور اسے کوئی ٹافی دے کر کہہ یہ کاغذ مجھے دے دو اور یہ ٹافی لے لو ۔۔۔ اب وہ بچہ اس ایک ہزار کی اہمیت کو نہیں جانتا کہ اس میں کتنی ٹافیاں مل سکتی ہیں وہ بچہ کاغذ سمجھ کر وہ ایک ہزار روپے کا نوٹ دے دیتا ہے اور ٹافی لے لیتا ہے بالکل اسی طرح جو لوگ تمہیں اس تبلیغ کے کام سے ہٹا کر جہاد میں لگانا چاہتے ہیں ۔۔۔ جہاد کے فضائل سنا سنا کر وہ تمہارے ہاتھ سے ایک ہزار کا نوٹ لے کر ایک ٹافی دے رہے ہیں ۔ میری یہ باتیں تم کسی اور کے سامنے نقل مت کرنا کیونکہ میں جواب دے سکتا ہوں میں عالم ہوں اور تم جواب نہیں دے سکتے اور میں بنگلہ دیش کے تبلیغی مرکز میں ہوتا ہوں ۔۔۔ نوٹ

: اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں نبی ﷺ کو فرمارہے ہیں کہ اے نبی ایمان والوں کو لڑنے پر ابھاریں (سورۃ انفال 60)

اور یہ بدبخت تبلیغی مرکز مدنی مسجد مانسہرہ میں منبر رسول پر بیٹھ کر کیا کہ رہا ہے۔۔۔ اس جیسی مثالوں سے یہ لوگ مسلمانوں کو جہاد اور درس قرآن سے کس کس طرح متنفر کرتے ہیں۔۔

جب تک 8 شرائط پوری نہیں ہوتی آپ جہاد میں نہیں جاسکتے۔ (مولانا احسان، رائیونڈ)

حضرت مولانا عبدالحمید صاحب فرماتے ہیں کہ میں جب سال لگا کر تبلیغ میں واپس رائیونڈ آیا تو واپسی کی ترغیب علماء حضرات کو مولانا احسان صاحب دے رہے تھے کہ کام کس طرح کرنا ہے۔ ترغیب دیتے دیتے کہا کہ جہاد میں جانے سے پہلے آٹھ شرائط ہوتی ہیں اگر پوری نہ ہوں تو آپ جہاد میں نہیں جاسکتے۔ یہ بات مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیع صاحبؒ معارف القرآن میں لکھی ہے۔ اگر کسی کو یقین نہ آئے تو دیکھ لیں۔ یہ بات بار بار تین مرتبہ دہرائی اور کہا کہ کسی کو کوئی اعتراض ہے۔۔۔ تو جب تیسری بار یہ بات کہی۔۔۔ تو میں اُٹھ کر کھڑا ہو گیا اور میں نے کہا کہ بے شک مفتی محمد شفیع صاحبؒ نے معارف القرآن میں لکھا ہے کہ جہاد میں جانے سے پہلے آٹھ شرائط لازمی ہیں مگر ساتھ ہی نیچے یہ بھی لکھا ہے کہ جب دشمن حملہ کر دے تو پھر کوئی شرط لاگو نہیں ہوتی۔ بس یہ بات سن کر مولانا احسان صاحب کو غصہ آگیا۔ نوٹ فرمائیں کہ یہ بات کہنے کی ضرورت ہی کیوں پیش آئی ہے کہ آپ جہاد میں نہیں جاسکتے جب تک آپ کی 8 شرائط پوری نہیں ہوتی۔۔۔ کیا یہ حضرات اسرائیل فتح کرنے جارہے تھے یا امریکہ اور پھر اتنے بڑے عالم دین ہو کر بین الاقوامی مرکز رائے ونڈ میں وہ بھی علماء کے حلقہ میں یہ بات کہنے کی ضرورت کیوں پیش آئی ؟ اور کہا یہ جاتا ہے کہ ہمارے کام میں نہ کسی کی مخالفت ہے نہ کسی پر تنقید ہے۔۔۔ بڑے منع کرتے ہیں۔۔۔ کیا بڑے صرف اور صرف اسلام دشمن کافروں ہی کی مخالفت سے منع کرتے ہیں۔۔۔ اور ان پر تنقید سے بھی۔۔۔ اور اسلام اور امت مسلمہ کی خاطر جان کی بازی لگانے

والوں کی خود بھی مخالفت لاکھوں کے اجتماع میں کرتے ہیں اور ان پر تنقید بھی پھر وہی باتیں جگہ جگہ چھوڑے نقل کرتے ہیں کہ جہاد ہم اسلئے نہیں کرتے کہ شروع مکی زندگی میں جہاد نہیں تھا۔۔۔ اسی لئے تو امریکہ میں عیسائی اور اسرائیل میں یہودی اپنے عبادت خانے کی جگہ ان کو جہاد اور قرآن کریم کے خلاف دعوت پھیلانے کے لئے مرکز بنا کر دیتے ہیں۔

کیا فرماتے ہیں پاکستان کے علماء حضرات قرآن کریم کے خلاف پروپیگنڈہ پھیلانے والوں کے بارے میں

ماشاءاللہ جہاد کے خلاف کھلی محاذ آرائی شروع ہوئی اور اب اجتماعات میں بھی۔

حضرت شیخ الحدیث والتفسیر مولانا الطاف الرحمن بنوی امام وخطیب جامع مسجد عمر فاروق پشاور

(1) جہاد کے خلاف کھلی محاذ آرائی اور قرآن وحدیث میں تحریفات کی جرات، ایک طویل عرصے تک تو جہاد سے لاتعلقی برتنے پر اکتفا کیا جاتا رہا لیکن اب ماشاءاللہ جہاد کے خلاف کھلی محاذ آرائی شروع ہوئی اور تبلیغ کے بڑے بڑے صوبائی اور ملکی اجتماعات میں جہادیوں پر طنز وتعریض کے تیر اور گولیاں برسائی جارہی ہیں۔ بحوالہ موجودہ تبلیغی جماعت حق صریح سے انحراف کی راہوں پر ص:25

جہاد کی اعلانیہ بھرپور مخالفت جماعت کی سب سے بڑی شناخت اور تعارف بن گیا ہے۔

(2) کسی مسلمان ملک پر کفر کی ایسی جارحانہ یلغار پر اس کا مقابلہ کرنا فرض عین ہوجاتا ہے یہ کیا معنی کہ ایسے نازک موقع پر مقابلے کی فکر کے بجائے لاحاصل حیل وحجت سے اس فرض کو ٹالنے کی کوشش کی جائے یہی وہ پہلا اچنبھا تھا جس نے تبلیغی دوستوں کے بارے میں میرے ذہن میں تردد پیدا کردیا تاہم یہ یقین ہرگز نہیں تھا کہ جہاد کو ٹالنے کا یہ رویہ پوری جماعت کا مستقل فلسفہ دین بنے گا لیکن اس کے بعد کے حالات وواقعات نے رفتہ رفتہ میری اس خوش گمانی کو تحلیل کردیا اب صورت یہ ہے جہاد کی اعلانیہ بھرپور مخالفت جماعت کی سب سے بڑی شناخت اور تعارف بن گیا ہے۔

بحوالہ۔۔۔ موجودہ تبلیغی جماعت حق صریح سے انحراف کی راہوں پر۔۔۔ صفحہ 21

یہ اسلام کی خدمت ہے یا کفر کی؟

(3) (یہ جماعت) کس طرح سے ایسی کافرانہ تبدیلی سے دوچار ہوئی کہ جہاد جیسے قطعی منصوص حکم سے نہ صرف اپنا دامن چھڑا رہی ہے بلکہ جہاد ہی کی وجہ سے قرآن کو پوری امت سے دیس نکالا دینے کی سرگرمیوں میں مصروف ہے کیا واقعی یہ اسلام کی خدمت ہے یا کفر کی؟

بحوالہ۔۔۔ موجودہ تبلیغی جماعت حق صریح سے انحراف کی راہوں پر۔۔۔ صفحہ 35

ایک خطرناک انداز سے کفر کی آبیاری کر رہے ہیں۔

(4) ایک طویل عرصہ تک تبلیغی جماعت کا ہمدرد اور دفاع کرنے والے کا ذرا جماعت کے بارے یہ تبصرہ ملاحظہ فرمائیں:۔ ہماری حکومتیں اور روشن خیال طبقے اپنے انداز سے کفر کی پشتبانی کرتے ہیں اور اسلام کے یہ احمق دوست (تبلیغی) ان سے بڑھ کر ایک خطرناک انداز سے کفر کی آبیاری کر رہے ہیں۔ بحوالہ۔۔۔ موجودہ تبلیغی جماعت حق صریح سے انحراف کی راہوں پر۔۔۔ صفحہ 48

حکم اور سنت میں کامیابی کا کہنے والوں نے سب سے پہلے حکم وسنت جہاد کی مخالفت کی

حضرت مولانا مفتی محمد اسماعیل احمد پور شرقیہ

جب سے افغانستان میں روسی فوجوں کے خلاف دفاعی جہاد شروع ہوا جس کی برکت سے پورے عالم اسلام میں جہاد کی فضاء قائم ہوئی اور مختلف علاقوں اور ملکوں میں مظلوم مسلمانوں میں کچھ دفاعی جہاد کی ہمت بندھی اور وہ غاصب کفار حملہ آوروں کے خلاف اٹھنے لگے تو ان مظلوم مجاہدین کو تعاون کی سب سے زیادہ توقع اس دیندار طبقے سے تھی جن کا عنوان اور پہچان یہ جملہ ہے کہ ”اللہ کے حکموں اور نبی کے طریقوں میں دونوں جہانوں کی کامیابی ہے“ مخالفت جہاد میں سبقت مگر حیرت کی انتہا نہ رہی کہ جب جہاد اسلامی کے اس حکم خدا اور سنت نبویؐ کی مخالفت سب سے پہلے اور سب سے زیادہ اسی صالح اور بزعم خود دین کے بڑے ہمدرد وغم خوار طبقے نے شروع کی اور چھ نمبروں کے بیان کی بنسبت ساتواں

نمبر بنا کر احکام جہاد اور مجاہدین پر خوب دھول اڑائی ۔ تا کہ لوگ کہیں اس فریضہ جہاد کی طرف متوجہ نہ ہو جائیں ، اور ہم جو سہ روزہ چلے کے نظام کو جہاد کہتے ہیں اور بتلاتے ہیں کہیں یہ نظام بے رونق نہ ہو جائے اور ماند نہ پڑ جائے اسی لئے قران کریم میں موجودہ جمیع احکام جہاد اور آپ ؐ کی تمام جہادی سنتوں کے بیان کرنے اور ان کی ترغیب دینے کی بجائے مجوزہ شب جمعہ، سہ روزہ چلے کے سرکل (پھیر) میں پوری امت کو گھما دینے کو اصل دین باور کرایا جانے لگا کہ دعوت جہاد فی سبیل اللہ سب کچھ یہی ہے ۔

بحوالہ ۔۔۔ اصلاح خلق کا الٰہی نظام ۔۔۔ صفحہ 33، 34

کیا فرماتے ہیں حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ

جن لوگوں کا یہ ذہن بنتا ہو وہ گمراہ ہیں اور ان کے لئے تبلیغ میں نکلنا حرام ہے ۔

س ۔۔۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو دین کی تعلیم دی تھی وہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ماحول میں یعنی مسجد کے اندر دی ، اس تعلیم کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی الگ مدرسہ جیسی صورت اختیار نہیں کی یا کوئی الگ جگہ اس کے لئے مقرر نہیں کی تو پھر آج کیوں ہمارے دینی اداروں میں مسجد تو بہت چھوٹی ہوتی ہے مگر مدارس کی عمارتیں بہت بڑی بڑی بنا دی جاتی ہیں ، اگر یہ چیز بہتر ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس چیز کو سب سے پہلے سوچتے ، حالانکہ مسجد کا ماحول بہت بہتر ماحول ہے ، وہاں انسان لایعنی سے بھی بچ سکتا ہے ۔

س ۔۔۔ ۲ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحاب صفہ کو جو تعلیم دی ، بنیادی ، وہ ایمانیات اور اخلاقیات کی دی ان کو ایمان سکھایا ، لیکن ہمارے دینی مدرسوں میں جو بنیادی تعلیم دی جاتی ہے وہ بالکل اس چیز سے ہٹ کر لگتی ہے ، اور برائے مہربانی میں اپنی معلومات میں اضافے کے لئے اس بات کی وضاحت طلب کرنا چاہتا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو اصحاب صفہ کو تعلیم دی وہ کیا تھی ؟

س ۔۔۔ ۳ ہمارے مدرسوں سے جو عالم حضرات فارغ ہو کر نکلتے ہیں ان کے اندر وہ کڑھن اور فکر دین کے مٹنے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طریقے کے چھوٹنے کی نہیں ہوتی جو فکر اور کڑھن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کی تھی یا حضرات صحابہ ؓ کی تھی اور وہ لوگوں سے اس عاجزی اور انکساری سے بات نہیں کرتے جس طرح ہمارے اکابر اور آپ یا اور جو دوسرے بزرگ موجود ہیں وہ بات کرتے ہیں۔

س۔۔۔ ۴ معذرت کے ساتھ اگر اس خط میں مجھ ناچیز سے کوئی غلط بات لکھی گئی ہو تو اس پر مجھے معاف فرمائیں۔ اگر خط کا جواب آپ خود تحریر فرمائیں تو بہت مناسب ہوگا۔

ج۔۔۔ ۱ آنحضرت ﷺ نے ہمارے شیخ کے ''فضائل اعمال'' نامی کتاب کی بھی تعلیم نہیں دی، پھر تو یہ بھی بدعت ہوئی، کیا آپ نے اکابر تبلیغ سے بھی کبھی شکایت کی؟

ج۔۔۔ ۲ آپ کو کس جاہل نے بتایا کہ ہمارے دینی مدرسوں میں آنحضرت ﷺ والی تعلیم نہیں؟ کیا آپ نے کبھی مدرسہ کی تعلیم کو دیکھا اور سمجھا بھی ہے؟ یا یوں ہی سن کر ہانک دیا۔ اور رائے ونڈ میں جو مدرسہ ہے اس کی تعلیم دوسرے مدرسوں سے اور دوسرے مدرسوں کی رائے ونڈ سے مختلف ہے؟

ج۔۔۔ ۳ یہ بھی آپ کو کسی جاہل نے کہہ دیا کہ مدارس میں سے نکلنے والے علماء میں ''کڑھن'' اور دین کے لئے مر مٹنے کی فکر نہیں ہوتی، غالباً آپ نے یہ سمجھا ہے کہ دین کی فکر اور کڑھن بس اس کا نام ہے جو تبلیغ والوں میں پائی جاتی ہے۔

ج۔۔۔ ۴ آپ نے لکھا ہے کہ کوئی غلط بات لکھی ہو تو معاف کر دوں، میں نہیں سمجھا کہ آپ نے صحیح کونسی بات لکھی ہے؟

لوگ مجھ سے شکایت کرتے رہتے ہیں کہ تبلیغ والے علماء کے خلاف ذہن بناتے ہیں۔ اور میں ہمیشہ تبلیغ والوں کا دفاع کرتا رہتا ہوں۔ لیکن آپ کے خط سے مجھے اندازہ ہوا کہ لوگ کچھ زیادہ غلط بھی نہیں کہتے، آپ جیسے عقلمند جن کو دین کا فہم نصیب نہیں ان کا ذہن واقعی علماء کے خلاف بن رہے ہیں یہ جاہل صرف تبلیغ میں نکلنے کو دین کا کام اور دین کی فکر سمجھے بیٹھے ہیں، ان کے خیال میں دین کے باقی شعبے بیکار ہیں۔ یہ جہالت کفر کی سرحد کو پہنچتی ہے کہ دین کے تمام شعبوں کو لغو سمجھا جائے، اور دینی مدارس کے وجود کو فضول

قرار دیا جائے، میں اپنی رائے اظہار ضروری سمجھتا ہوں کہ تبلیغ میں نکل کر جن لوگوں کا یہ ذہن بنتا ہو وہ گمراہ ہیں اور ان کے لئے تبلیغ میں نکلنا حرام ہے۔۔ میں اس خط کی فوٹو اسٹیٹ کاپی مرکز (رائے ونڈ) کو بھی بھجوار ہا ہوں تاکہ ان اکابر کو بھی اندازہ ہو کہ آپ جیسے عقلمند تبلیغ سے کیا حاصل کر رہے ہیں۔۔؟

(آپ کے مسائل اور انکا حل۔۔۔جلد 10 صفحہ نمبر 19،20،21)

(مولانا تو خط رائے ونڈ بھیجوار ہے ہیں اور رائے ونڈ والوں کی موجودگی میں لاکھوں کے اجتماعات کے اندر درس قرآن کے خلاف کس طرح ذہن سازی کی جاتی ہے)

درس قرآن میں شرکت تبلیغ کے مقابلہ میں گھر کے صحن میں آلو پیاز لگانے کے برابر ہے۔(معاذاللہ)

کراچی منگوپیر کے سالانہ ۲۰۱۴ کے اجتماع میں لاکھوں کے مجمع میں کوئی بیان کر رہا تھا جس میں راقم خود بھی موجود تھا۔ کسی بہت بڑے عالم کا نام لیا جو مجھے یاد نہیں کہ ایک شخص ان کا درس قرآن کتنے عرصے تک سنتا رہا لیکن اسکی اصلاح نہیں ہوئی اور اس نے کچھ وقت تبلیغ میں لگایا تو اس کی سمجھ میں بات آگئی ۔۔۔اور اسکی اصلاح ہوگئی۔ اور پھر کہا کہ یہ تبلیغ کا کام بین الاقوامی کام ہے اسکے مقابلے میں درس قرآن میں بیٹھنے کی مثال اس طرح ہے کہ کسی نے اپنے گھر کے صحن میں کچھ آلو ٹماٹر لگائے اب اس چھوٹی سی جگہ یہ آلو ٹماٹر سے تو اسکے اپنے گھر کا کھانا بھی تیار نہیں ہوسکتا اس میں اور چیزوں کی بھی ضرورت ہے اور اسکے علاوہ گھر کی دیگر ضروریات آلو پیاز کیا پوری کریں گے ۔۔۔اور اس تبلیغ کے کام کی مثال اس طرح ہے کہ کسی نے بہت بڑی زمین یہ تمام سبزیاں لگائی ہوں اور خود بھی کھائے اور دوسرے کو بھی فروخت کر کے تمام گھر کی ضروریات پوری کرے یہ ہے تبلیغ کا عالمی کام اور اس کے عالمی فائدے۔۔۔ درس قرآن کا مقابلے میں (معاذاللہ)

لاکھوں کے اجتماعات میں ایسی باتیں سننے کے بعد یہ لوگ علمائے کرام کے پاس کیا ذہن لیکر جاتے ہیں۔

کیا جامعہ فاروقیہ میں بھی دین کا کام ہوتا ہے۔

اسی طرح حضرت مولانا شاہ فیصل صاحب (شیر پاؤ لانڈھی والے) فرماتے ہیں کہ مدرسہ جامعہ فاروقیہ میں کچھ تبلیغی۔۔۔ **حضرت مولانا منظور احمد مینگل صاحب دامت برکاتہم سے ملنے آئے**۔ باتوں باتوں میں بار بار کہنے لگے کہ حضرت یہاں مدرسہ میں دین کا کام بھی ہوتا ہے۔ حضرت مولانا منظور احمد مینگل صاحب فرمانے لگے کہ کیا یہ دین کا کام نہیں ہے۔۔ بے غیرتو۔ یہاں کیا یہ رات دن صبح شام قرآن و حدیث کا سیکھنا سکھانا تم کو دین کا کام نظر نہیں آتا۔۔۔۔ چلو دفعہ ہو جاؤ یہاں سے۔۔۔۔

اسی طرح یہ باتیں ان کو کون سکھاتا ہے ان کے بڑے مراکز کہاں پر ہیں جہاں سے یہودی عیسائی قادیانی ہی والی باتیں کہ اللہ کا راستہ یہ ہی ہے اور دین کا کام یہ ہی ہے۔ سیکھتے سکھاتے اور پھر مسلمانوں کے روپ میں آ کر کس انداز میں پھیلاتے ہیں۔

ایک عالم دوسرے عالم سے: کیا آپ نے اللہ کے راستے میں وقت لگایا ہے؟

استاذ مولانا عبدالعزیز صاحب فرماتے ہیں کہ کراچی قائد آباد لانڈھی کی توحیدی مسجد میں نماز کے بعد جب میں نکلنے لگا۔۔۔ تو ایک تبلیغی عالم جو جماعت میں آیا ہوا تھا وہ مجھے دعوت دینے لگا اور کہا کہ حضرت آپ نے اللہ کے راستے میں بھی کچھ وقت لگایا ہے۔۔۔ تو میں نے جواب دیا کہ الحمدللہ پورے 8 سال لگائے ہیں۔ تو وہ یہ بات سن کے کہنے لگا ماشاءاللہ، ماشاءاللہ کہاں کہاں کس کس ملک میں وقت لگایا ہے آپ نے۔ میں نے کہا کہ مدرسہ میں۔ تو اس نے کہا کہ نہیں میں تو اللہ کے راستے کی بات کر رہا ہوں مدرسہ کی نہیں۔ تو میں نے کہا۔ اللہ کے بندے آپ عالم ہو کر بھی ایسی باتیں کرتے ہیں بڑے ہی افسوس کی بات ہے۔ کیا علم دین سیکھنے کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کا راستہ نہیں فرمایا۔ کیا اس بات پر آپ کو یقین نہیں کہ یہ بھی اللہ کا راستہ ہے اور کیا قرآن وحدیث کا علم سیکھنا اللہ کے راستے میں نہیں ہے تو یہ جواب سن کر اس کی آنکھوں میں آنسوں آ گئے اور کہا کہ ہم بہت بڑی غلطی پر ہیں۔ نوٹ: یہ ہے بار بار ہی کہنے کا

کمال کہ اللہ کا راستہ یہ ہی ہے اور دین کا کام یہ ہی ہے اور کوئی نہیں۔ کہنے کا انجام۔۔۔۔

تبلیغی اجتماع میں شرکت کے بارے میں کیا فرماتے ہیں۔

(مہتمم جامعہ ربانیہ) شیخ الحدیث حضرت مولانا شمس الھدیٰ صاحب (دامت برکاتہم)

فرماتے ہیں کہ میرے پاس ایک تبلیغی آیا اور کہا کہ آئیں مولانا سامنے گاڑی کھڑی ہے بیان سن کر آتے ہیں منگو پیر میں تبلیغی اجتماع ہو رہا ہے میں نے منع کر دیا کہ میں نہیں جاتا اس کے بار بار اسرار اور میرے بار بار منع کرنے کے بعد اس نے کہا کہ آخر آپ کیوں نہیں جاتے وجہ کیا ہے۔ میں نے کہا کہ لاکھوں کے اجتماع میں تمھارے بزرگ ممبر رسول پر بیٹھ کر قرآن و حدیث کے خلاف باتیں کریں گے اور مجھ سے برداشت نہیں ہوگا۔ اور میں وہاں اگر حق سچ بولوں گا تو تمھارے تبلیغی مجھے ماریں گے اور اگر خاموش گونگا شیطان بن کر بیٹھا رہونگا تو اللہ تعالیٰ آخرت میں فرشتوں سے پٹوائے گا کہ تم نے عالم ہو کر بھی میری سچی کتاب قرآن کا دفاع کیوں نہ کیا۔ اب میں ایسی جگہ کیوں جاؤں جہاں سے مجھے دونوں طرف سے ماریں پڑیں اور نہ جانے میں کسی طرف سے بھی مار نہیں۔ اسلئے میں نہیں جاتا۔

حق بات سے خاموش رہنے والا گونگا شیطان ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔(حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

گونگا شیطان کیوں کہا گیا ہے کہ کسی دینی مجلس میں قرآن کریم کے خلاف بات ہو رہی ہو اور یہ عالم اور مفتی ہو کر بھی اس وقت قرآن کریم کا دفاع نہ کرے اور نہ ہی اس مجلس سے اٹھ کر جائے تو ہر ہر آدمی یہی سمجھتا ہے کہ یہ قرآن کریم کے خلاف بات نہیں ہو رہی، اگر یہ بات قرآن کریم کے خلاف ہوتی تو اتنے بڑے بڑے عالم خاموش بیٹھے نہ رہتے اس طرح وہ قرآن و حدیث کے خلاف غلط باتیں حجت بن جاتی ہیں کہ عوام اسے حق اور سچ سمجھتے ہیں لہذا اب جتنے لوگ بھی گمراہ ہوں گے اسکا گناہ اس عالم کو ملے گا جس نے قرآن کریم کا دفاع نہ کیا اور نہ ہی ان مخالفین قرآن کی مجلس سے اٹھا اسی لئے کہا گیا ہے کہ حق بات سے خاموش رہنے والا گونگا شیطان ہے۔۔ (حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ایک طبقہ ہے جو دماغ سے سوچتا ہے اور منہ سے بکتا ہے۔

(شیخ الحدیث حضرت مولانا نورالہدیٰ صاحب دامت برکاتہم)

فرماتے ہیں کہ ایک طبقہ ہے جس کا نام عندیہ ہے وہ دماغ سے سوچتا ہے اور منہ سے بکتا ہے اور کہتا ہے کہ اللہ نے یہ فرمایا اور اللہ کے رسول ﷺ نے یہ فرمایا اور وہ بات نہ قرآن کریم میں ہے اور نہ ہی حدیث مبارک میں ہوتی ہے۔

{یہودی کہاوت: جھوٹ بول بول کر جھوٹی باتوں کو اتنا پھیلاو کہ مسلمان جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ سمجھیں}

تم ایک آیت کا ترجمہ صحیح کرو پھر اسرائیل میں کام کر کے بتاؤ۔

دارالعلوم دیوبند کے مفتی محمد حنیف صاحب فرماتے ہیں کہ میرے پاس ایک تبلیغی آیا اور کہنے لگا کہ مولانا ہماری حکمت عملی دیکھیں کہ ہم تو اسرائیل کے اندر بھی کام کر رہے ہیں، تم مدرسے والے بھی کام کر کے دکھاؤ۔ تو میں نے کہا کہ تم تبلیغ کے بارے میں جتنی بھی آیات قرآن کریم کی دنیا بھر میں پڑھتے ہو اُن میں سے ایک آیت کا صحیح ترجمہ کرو پوری دنیا میں کہیں بھی اور پھر مجھے اسرائیل کے اندر کام کر کے بتاؤ۔ تم تو قرآن حکیم کی ہر ہر آیت کا ترجمہ غلط کرتے ہو۔ اسی لیے تو

اسلام کے بدترین دشمن، اسرائیل میں یہودی، امریکہ میں عیسائی اپنے عبادت خانے تمہیں دعوت و تبلیغ کے کاموں کے لئے مرکز بنا کر دیتے ہیں کبھی تم نے سوچا بھی ہے۔

کیا فرماتے ہیں دارالعلوم دیوبند کے علماء کرام تبلیغ کی آڑ میں قرآنی احکامات کے خلاف پروپیگنڈا پھیلانے والوں کے بارے میں؟

47 سال قبل دارالعلوم دیوبند والوں کا تبلیغی جماعت کے خلاف جلسہ

26 فروری 1968 قصبہ تاؤلی مدرسہ حسینیہ مظفرنگر بھارت میں علماء دیوبند کا جلسہ منعقد ہوا جو 4 گھنٹے جاری رہا اور یہ جلسہ یادگار سلف حضرت مولانا انظر شاہ کشمیری کی زیر صدارت ہوا اور اس میں مولانا

عبدالاحد صاحب محدث دارالعلوم دیوبند مولانا فخر الحسن صاحب دار العلوم دیوبند مولانا ارشاد احمد صاحب دارالعلوم دیوبند مولانا ابوکلام صاحب دیوبند مولانا یعقوب مظاہر العلوم مولانا سید عبدالرحیم شاہ دیوبند مولانا شبیر احمد قدوائی فاضل دارالعلوم دیوبند مولانا عبدالمتین فاضل دیوبند مولانا نور محمد صاحب فاضل دیوبند کے علاوہ سینکڑوں علماء نے شرکت فرمائی ہر مقرر نے تبلیغی جماعت کی خلاف شریعت باتوں کو بیان کیا اوران کے غلط نظریات اور کفریہ عقائد کو طشت از بام کیا۔

اب اچانک ان کے پاس کوئی 30 پاروں کا قرآن لے آیا۔ تو کیا وہ لوگ 2 پاروں کا انکار کریں گے یا نہیں اگر وہ انکار کریں گے تو کیا وہ مسلمان رہیں گے۔ تو ان کو قرآن کا منکر کافر کس نے بنایا۔ اسی طرح جو لوگ اللہ کے رستے میں لڑنے والے جہاد و قتال کے احکامات کو دعوت کے کام میں لگاتے ہیں۔ اور پھر پروپیگنڈا کرتے ہیں کہ اللہ کا رستہ یہ ہی ہے، اللہ تعالیٰ کا رستہ یہ ہی ہے۔ یہ ہی باتیں جو لوگ سنتے سناتے بچپن سے جوان اور پھر بوڑھے ہو گئے۔ اب کوئی عالم درس قرآن کے درمیان بیان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری جان و مال کو خریدا ہے جنت کے بدلے اللہ کے رستے میں لڑنے والے کام کیلئے۔۔۔ (سورۃ التوبہ 111) اسی کام سے فتنے ختم ہونگے اور دین غالب آئے گا۔ (البقرہ 193) اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دنیا میں آنے کا مقصد دین اسلام کا غلبہ بھی ہے۔۔۔) التوبہ 33 الفتح 28) تو اسطرح درس قرآن میں حق سچ بیان کرنے والے علماء اکرام کے وہ لوگ دشمن بن جاتے ہیں کہ جن کو پہلے سے ہی ان آیات کے بارے میں جھوٹ کی دعوت پھیلانے پر بڑے ہی اجر و ثواب کا کام بتا کر لگایا گیا تھا کہ اللہ کا راستہ یہ ہی ہے یعنی اور کوئی نہیں (معاذ اللہ) تو اس طرح جہاد و قتال اور دوسرے احکامات کا خود بخود انکار ہو گیا۔ تو انہی باتوں کی دعوت پھیلانے والی جماعت میں خیر غالب ہے یا شر؟

لعنت کرتا ہے قرآن اور صاحب قرآن جن کے بارے میں، کیا کہتے ہیں آپ کہ خیر غالب ہے ان کے بارے

جو لوگ چھپاتے ہیں اس کو جس کو نازل کیا ہے ہم نے ان پر لعنت کرتا ہے اللہ اور لعنت کرتے ہیں ان پر لعنت کرنے والے (البقرہ 159)

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک زمانہ ایسا بھی آنے والا ہے کہ اس دور کے پڑھے لکھے (قرآن کے

ماہر) بھی کہیں گے کہ یہ جہاد کا زمانہ نہیں ہے۔۔۔صحابہ اکرام نے سوال کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ کون لوگ ہوں گے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ وہ لوگ ہونگے کہ جن پر اللہ کی ،فرشتوں کی اور تمام انسانوں کی لعنت ہوگی ۔۔۔۔ایک اور حدیث میں ارشاد ہے کہ آخری زمانے میں کچھ لوگ ہونگے جو جہاد کو نہیں مانیں گے اللہ انہیں ایسا عذاب دیگا کہ جیسا کسی کو بھی نہیں دیا ہوگا۔(حدیثیں اور روایتیں کتاب مشارع الاشواق سے لی گئی ہیں)۔

مخالفین جہاد جن پر اللہ تعالیٰ اور پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت کی ہے ان کے بارے میں جب بتایا جاتا ہے کہ یہ لوگوں قرآنی احکامات کے خلاف پروپیگنڈا کرتے ہیں ان کا نوٹس لیا جائے تو جواب ملتا ہے کہ یہی لوگوں تو ہمیں چندہ دیتے ہیں تم کیا دیتے ہو کہ تمہاری بات مان کر ان کا نوٹس لیں معاذ اللہ کیا ایسے لوگ اسلام اور کفر کے سب سے بڑے آخری مقابلے میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ساتھ دے گے یا چندہ زیادہ دینے والے دجال ملعون کا؟

میں حیران ہوں کہ ان میں بڑا مجرم کون ہے؟(حضرت مولانا عبدالرحمن صاحب)

میں حیران ہوں کہ ان میں بڑا مجرم کون ہے؟ وہ جو علیٰ الاعلان جہاد فی سبیل اللہ کی مخالفت کرتا ہے یا وہ ”شیخ الاسلام“ علیٰ الاعلان مخالفت کا علم رکھنے کے باوجود انکی تعریف کرتے ہیں؟ اور اپنے دارالعلوم سے فارغ ہونے والے علماء کرام کو اس دین دشمن جماعت میں بھیجنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ یہ بات تو یقینی ہے، ہی کہ جہاد فی سبیل اللہ کی مخالفت کرنا منافقت کے بغیر ممکن نہیں۔ اب ان میں کون بڑا منافق ہے یہ غور طلب معاملہ ہے۔ **(حضرت مولانا عبدالرحمن صاحب۔۔۔مصنف انکشافِ حقیقت)**

جومسلمان کسی نیک کام میں تعاون کرے گا اُس کو تمام نیک کام کرنے والوں کے برابر اجر بھی ملے گا۔

اور جو کسی گناہ کے کام میں تعاون کریگا اُسکو تمام گناہ کرنے والوں کے برابر گناہ بھی ملے گا۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اللہ کے راستے میں جہاد سے روکنے والے ان لوگوں کے بارے میں؟

جو اللہ کے گھر مسجدوں میں بیٹھ کر اللہ کی سچی کتاب قرآن کریم پر جھوٹ بولتے ہوئے اللہ کے رستے میں جہاد وقتال کے الفاظ کو چھپا چھپا کر ان کی جگہ منکر جہاد قادیانی کی دعوتی باتوں کو پھیلانے کیلئے بات اسطرح شروع کرتے ہیں۔

الحمد اللہ، اللہ کی توفیق سے اللہ کے گھر مسجد میں بیٹھ کر اللہ کے راستے میں جس دین کی دعوت کی فکر میں آج ہم یہاں جمع ہیں اللہ نے اسی دین کی دعوت کو پھیلانے کیلئے ہی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھیجا ہے دنیا میں اور کسی کام کیلئے نہیں بھیجا۔

نوٹ:۔ اور کسی کام کے لئے نہیں بھیجا یعنی غلبہ اسلام کے لئے نہیں بھیجا، انکار قرآن کسی انداز میں۔

یہ اتنا اونچا کام ہے کہ اللہ نے ہماری جان اور مال کو بھی خریدا ہے جنت کے بدلے اللہ کے رستے میں انہی باتوں کی دعوت کو پھیلانے والے کام کیلئے اور کسی کام کیلئے نہیں۔

نوٹ:۔ اور کسی کام کے لئے نہیں خریدا یعنی لڑنے کے لئے نہیں خریدا، انکار قرآن کس انداز میں۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام ہی سے فتنے ختم ہونگے اور دین دنیا میں آئے گا اور کسی کام سے نہیں۔ اللہ نے ہمیں اسی دعوت والے کام کی وجہ سے بہترین امت کا لقب دیا ہے اور کسی کام کی وجہ سے نہیں۔ نوٹ:۔ یعنی طاقت سے اچھائی کا حکم دینا اور برائی سے روکنے کی وجہ سے نہیں (معاذ اللہ) انکار قرآن کس انداز میں۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام کی فکر میں تھوڑی دیر بیٹھنا 60 سال کی بے ریا عبادت سے افضل ہے۔ نوٹ: یہ تمام فضائل اللہ کے رستے جہاد کے بارے میں ہیں مگر جب انکو اللہ کے رستے میں دعوت۔ جھوٹ بول بول کر آسان آسان کاموں پر اتنے بڑے بڑے اجر وثواب بتائیں گے تو پھر مشکل کام اللہ کے رستے میں جہاد والا کون کریگا؟

(حدیث مبارک) قسم ہے اس پروردگار کی جسکے قبضہ قدرت میں محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی جان ہے ایک صبح یا ایک شام کو اللہ کے رستے جہاد میں چلے جانا دنیا اور دنیا کی تمام چیزوں سے بہتر ہے اور تم میں سے کسی کا میدان جنگ میں جماعت کے ساتھ صف میں کھڑا ہونا اسکی ساٹھ سال کی تنہا پڑھی جانے والی نماز سے بہتر ہے (مشکوٰۃ شریف صفحہ نمبر 334)۔

نوٹ: اب اس حدیث میں جہاد کے لفظ کی جگہ دعوت کا لفظ لگا دینا اسی طرح تمام قرآن وحدیث میں اللہ کے رستے میں جہاد وقتال کی جگہ لفظ دعوت لگانے کی مثال جیسے موبائل فون کا ایک نمبر غلط بتانے سے کالیں مقصد سے ہٹ کر کہاں سے کہاں چلی جاتی ہیں تو اسی طرح اللہ کے رستے میں لڑنے والے جنت کے رستے قرآن کے بتائے ہوئے پر غلط بیانی پھیلانے سے امت جنت کی طرف جائے گی یا جہنم کی طرف؟

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اللہ کے رستے سے لفظ جہاد اور قتال کو نکال کر اس کی جگہ منکر جہاد فتنہ قادیانیت کی دعوت پھیلانے والوں کے بارے میں

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام میں ایک صبح یا ایک شام کا لگا دینا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام میں نکلنے والوں کے پہلے قدم پر تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام میں نکلنے والوں کے قدموں پر لگنے والی دھول کی وجہ سے جہنم کی آگ تو کیا دھواں بھی حرام ہوجاتا ہے۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام میں پہرا دینے پر لیلۃ القدر کا ثواب ملتا ہے۔

نوٹ: یہ سب فضائل اللہ کے راستے جہاد فی سبیل اللہ کے ہیں جو آگے آرہے ہیں۔

اللہ کے رستے جہاد سے واپسی پر نبیؐ نے ارشاد فرمایا ہم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف آرہے ہیں۔ (معاذ اللہ۔ سفید جھوٹ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔)

اس بارے میں معلومات جاننے کیلئے

حضرت مولانا فضل محمد صاحب کی کتاب دعوتِ جہاد۔۔۔ صفحہ نمبر 51 ضرور دیکھیں۔

االلہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام کے برابر کوئی کام نہیں یہ سب سے اونچا اور اعلیٰ کام ہے اسمیں اللہ نبیوں والی جنت عطاء کریگا۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام میں اللہ ڈھائی کروڑ حوروں والی جنت عطا کریگا۔ (سفید جھوٹ ہے)

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام میں نکلنے والوں کو پہلے اللہ ستر مرتبہ رحمت کی نظر سے دیکھتا ہے۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام میں ایک نماز کا ثواب انچاس کروڑ نمازوں کے برابر ملتا ہے۔

نوٹ اس کا جواب مفتی رشید احمد صاحبؒ کی کتاب بنام انچاس کڑرو کا ثواب میں دیکھ لیں۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام میں ایک روپیہ خرچ کرنے پر سات لاکھ کا ثواب ملتا ہے۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام کو کرنے والوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا سو فیصد مدد کا وعدہ ہے۔ اور ہر مخلوق انکی بات مانتی ہے۔

نوٹ: اللہ کی مدد کا وعدہ تو جہاد کے ساتھ بھی ہے اور ان کی بات مخلوق کس طرح مانتی ہے جیسا کہ ہواؤں نے پیغام حضرت عمرؓ کا میدان جہاد میں لڑنے والے کمانڈر کو پہنچایا جنگل کے درندوں نے مجاہدین اسلام کی ایک آواز پر جنگل خالی کر دیا سمندر پر گھوڑے کافروں کو مارتے اور انکا پیچھا کرتے ہوئے صحابہ اکرام نے دوڑائے پھر ملکوں کے ملک اللہ کے رستے جہاد سے فتح ہوئے شہزادے غلام اور شہزادیاں لونڈیاں بنیں اور مال غنیمت کے ڈھیر لگے پھر اللہ نے اسلام کو غلبہ اور مسلمانوں کو عزت دی پھر مسلمان حاکم اور کافر غلام بنے جس اللہ کے رستے جہاد سے۔ آج اسی اللہ کے رستے جہاد سے غافل کرنے کیلئے یہ دعوت اسطرح پھیلائی جارہی ہے۔ توجہ فرمائیں۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام کیلئے نکلنے والوں کی ایک آواز پر جنگل درندوں نے خالی کردیئے۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام کیلئے نکلنے والوں کے پیغام اللہ نے ہواؤں کے ذریعے پہنچائے۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام کیلئے نکلنے والوں کے گھوڑے اللہ نے سمندر پر خشکی کی طرح دوڑائے۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام میں نکلنے والوں کے ذریعے اللہ نے ملکوں کے ملک فتح کرائے۔

اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام کی وجہ سے اللہ نے شہزادیاں، باندیاں اور شہزادے غلام بنا کر مال غنیمت کے ڈھیر لگائے۔

آج اللہ کے رستے میں اسی دعوت والے کام کو چھوڑنے کی وجہ سے ملکوں کے ملک مسلمانوں کے ہاتھ سے نکل گئے مسلمان مرد غلام اور عورتیں لونڈیاں بنی۔

یہ سب اللہ کا عذاب ہے مسلمانوں پر کیونکہ انہوں نے اتنے بڑے عظیم دعوت والے کام کو چھوڑ دیا جس سے انسانیت جہنم سے بچکر جنت میں جانے والی بنتی ہے۔

نوٹ: اللہ کے رستے جہاد جس پر عمل کرنے سے اللہ نے دین اسلام کو دنیا میں غلبہ دیا اور مسلمانوں کو عزت بخشی جس کو دیکھ کر کافر فوج در فوج فتح مکہ کے بعد مسلمان ہو کر جہنم سے بچ کر جنت میں جانے والے بنے جس جہاد کی وجہ سے تو پھر ان کافروں نے قادیانی، منکر جہاد کو تیار کیا جس نے اس اللہ کے راستے جہاد سے مسلمانوں کو غافل کرنے کیلئے 400 کتابیں اور پچاس الماریوں جتنا لیٹریچر لکھ کر پھیلایا مگر اتنا نقصان وہ قادیانی بھی نہ پہنچا سکا جتنا کہ آج مسلمان اللہ کے رستے میں جہاد وقتال کے احکامات و فضائل پر جھوٹ بول کر پہنچا رہے ہیں۔

نوٹ: کافروں کو خوش کرنے کے لئے جہاد کے خلاف فتنہ قادیانیت کی دعوت کو پھیلانے کی وجہ سے پورا دیوبند جن کے خلاف ہو۔۔۔ کیا اس جماعت میں خیر غالب ہو سکتی ہے؟

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اللہ کے رستے میں جہاد سے سندھ و ہند کے فاتح محمد بن قاسمؒ اور اللہ کے

رستے جہاد میں دجال کو واصل جہنم کرنے والے حضرت عیسیٰ ؑ کے بارے میں بھی ایسی باتیں پھیلانے والوں کے بارے میں؟

اسی دعوت والے کام کے لئے محمد بن قاسم عرب سے سندھ میں آئے اور اسلام کی دعوت پھیلائی جس سے ہم بھی مسلمان ہوئے ورنہ کیا پتہ ہم کیا ہوتے۔

اسی دعوت والے کام کی وجہ سے حضرت عیسیٰ ؑ نے دعا مانگی اور قبول ہوئی اب وہ نبی بن کر نہیں امتی بن کر آئیں گے۔ اور وہ بھی یہ ہی دعوت والا کام کریں گے۔ جو ہم کر رہے ہیں یہ اتنا اونچا اور عظیم نبیوں والا کام ہے۔ مگر پہلے اس کام کو چار ماہ لگا کر سیکھنا ہوگا۔ پھر آ کر اپنے مقام پر بڑوں کی ترتیب کے مطابق اس انداز سے دعوت پھیلانی ہے اور پوری دنیا کے مسلمانوں کو اسی دعوت والے کام پر لانا ہے۔

نوٹ: پہلے اللہ کے رستے سے جہاد اور قتال کے الفاظ کو چھپانا پھر ان پر جھوٹ بول کر **واپسی کی ترغیب** اس انداز میں دینا یہ کس دین کی دعوت کا کام ہے۔

ہم جہاد کے خلاف تو نہیں ہیں مگر ایک دم تو اللہ تعالیٰ نے جہاد کا حکم نازل نہیں کیا۔۔۔ پہلے دعوت کا حکم آیا ہے آخر میں جہاد کا۔۔۔ ہم نے پہلے والا کام پہلے اور بعد والا بعد میں کرنا ہے اور یہ دعوت کا کام ہم نے ڈرتے ڈرتے کرنا ہے اور کرتے کرتے ہی مرنا ہے۔ (نوٹ جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

ہم جہاد کے خلاف تو نہیں ہیں مگر جہاد سے پہلے دعوت ہوتی ہے نہ مانیں تو جزیہ نہ دیں تو۔۔۔ انتظار کریں۔۔۔ پھر بھی نہ سمجھیں تو راستہ دوسرے کافروں کو جہنم سے بچانے کیلئے۔۔ اگر راستہ بھی نہ دیں۔۔۔ تو پھر مجبور ہو کر تلوار اٹھانی پڑتی ہے۔۔۔ ابھی تو کافر ہماری دعوت کے راستے میں رکاوٹ نہیں بنتے۔ بلکہ اپنے گرجے گھر ہمیں دعوت کے کام کیلئے دیتے ہیں ایسے دعوت کے ہمدردوں کو مارنا کیا عقل کی بات ہے۔ (نوٹ جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

ہم جہاد کے خلاف تو نہیں ہیں مگر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی ؓ سے کہا تھا کہ تمھاری وجہ سے اگر ایک

کافر ہدایت پر آ گیا تو سو کافروں کو مارنے سے بہتر ہے اور مجھے اللہ نے کافروں کو مار مار کر جہنم میں ڈالنے کیلئے نہیں بھیجا۔ (معاذ اللہ)

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بہتان اور کافروں کی ہمدردی میں جہاد کی کاٹ مختلف انداز میں

ہم جہاد کے خلاف تو نہیں ہیں مگر اسلام تو اخلاق سے پھیلا ہے تلوار سے نہیں آج اگر ہم مسلمانوں کے اخلاق اور اعمال درست ہو جائیں تو کافران کو دیکھ دیکھ کر ہی مسلمان ہو جائیں گے پھر جہاد کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی۔ **(نوٹ جہاد کی کاٹ کس انداز میں)**

ہم جہاد کے خلاف تو نہیں ہیں مگر کامیابی تو اللہ نے پورے کے پورے دین میں رکھی ہے کسی ایک حکم پر عمل میں نہیں رکھی اور یہ دعوت کا حکم سب سے بڑا حکم ہے اور سب سے پہلے آیا ہے اسمیں ثواب سمندر کی طرح ملتا ہے اور اسکے مقابلے میں سارے اعمال کو جمع کر دیں جہاد کو بھی شامل کر کے تو ان میں ثواب قطرے کی طرح ملتا ہے۔

جہاد سے پہلے مسلمانوں کو غسل کے فرائض نماز جنازہ تو سکھادو۔۔۔۔ بغیر نمازِ جنازہ کے سندھ میں مسلمان دفن ہو رہے ہیں۔۔۔۔ تمہیں جہاد کی پڑی ہوئی ہے۔

جہاد کی کاٹ کس انداز میں یہ دعوت کن کی دعوت ہے؟

ایک یہودی عالم نے کہا ہے کہ جب فجر میں جمعہ کے برابر نمازی ہو جائیں گے تو کفر خود بخود بغیر جہاد ہی کے دنیا سے ٹوٹ جائے گا۔ ابھی تو مسلمان **10** فیصد بھی نماز نہیں پڑھتے کفر کیسے ٹوٹے گا۔ پہلے مسلمانوں کو نمازی تو بنا دو پھر جہاد میں بھی لے جانا۔

جہاد کے خلاف یہ باتیں پھیلانا کیا دین کا بہت ہی اہم شعبہ ہے تو یہ ایجاد کن کی ہے

ہم جہاد کے خلاف تو نہیں ہیں مگر جہاد سے پہلے ایمان بنانا ہوتا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے **13** سال صحابہ کے ایمان پر محنت کی ہے پھر جا کر صحابہ کا ایمان بنا ہم تو ساری زندگی محنت کرتے رہیں پھر بھی اس

طرح کا ایمان نہیں بنا سکتے اسلیئے ہم نے ایمان بنانے کی محنت کا کام ڈرتے ڈرتے کرنا ہے اور کرتے کرتے ہی مرنا ہے۔

نوٹ: قرآنی احکامات کی مخالفت اور کافروں کی ہمدردی میں صحابہ کرام کے ایمان پر **13** سالہ ضرب اور جہاد کی کاٹ کس کس انداز میں۔۔۔ انکے جوابات آگے آرہے ہیں، انشاء اللہ

ہم جہاد کے خلاف تو نہیں ہیں مگر جہاد کا حکم تو مدینہ میں آیا ہے مکہ میں نہیں آیا ابھی تو ہم مکی زندگی میں چل رہے ہیں یہاں جہاد کا حکم نہیں آیا اسلیئے ابھی ہم جہاد نہیں کرتے۔

جہاد کے خلاف اس طرح کی باتیں پھیلانا مسلمانوں کے دلوں پر کس کی محنت ہو رہی ہے۔۔۔؟

ہم جہاد کے خلاف تو نہیں ہیں مگر اللہ کی مدد کا وعدہ صرف اور صرف اسی دعوت والے کام کے ساتھ ہے اور کسی کام سے نہیں اسی دعوت والے کام کو کروگے تو اللہ کی مدد آئے گی اسلیئے ہم کہتے ہیں کہ پہلے دعوت والے کام پر دنیا کے مسلمانوں کو لے آؤ پھر جہاد میں جانا ورنہ مارے جاؤ گے۔

(جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

فرشتے بدر والے کام جہاد کو کرنے والوں کی مدد کرنے آتے ہیں یا جہاد کے خلاف دعوت پھیلانے والوں کو لوٹے بستر اٹھا کر دینے کیلیئے۔؟

ہم جہاد کے خلاف تو نہیں ہیں مگر جہاد سے پہلے نفس کا جہاد ہوتا ہے آج نفس کے غلام **3** دن دینے کیلیئے تیار نہیں ہیں تم ساری زندگی کی بات کرتے ہو۔۔۔ پہلے انکو **3** دن کیلیئے تو گھر سے نکالو پھر جہاد میں بھی لے جانا۔ (جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

ہم جہاد کے خلاف تو نہیں ہیں مگر جہاد کا مقصد کیا تم نے لڑنا ہی سمجھ لیا ہے جہاد تو جدوجہد سے ہے۔ دین کیلیئے جو بھی جدوجہد کریں گے وہ جہاد ہے۔ (جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

ہم جہاد کے خلاف تو نہیں ہیں مگر جہاد کا مقصد تو اللہ کا کلمہ بلند کرنا ہے لڑنا نہیں اور ہم گلی گلی نگر نگر مسجد

مسجد قریہ قریہ کلمہ بلند کر رہے ہیں کلمہ کی دعوت دیکر۔ (جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

نوٹ: لوگ کہتے ہیں کہ یہ وہ اللہ والے لوگ ہیں جو کسی کافر کے خلاف بھی بات نہیں کرتے نہ کسی پر تنقید کرتے ہیں۔ سچ کہتے ہیں لوگ کہ یہ کسی کافر کے خلاف بھی بات نہیں کرتے۔ نہ کسی پر تنقید کرتے ہیں۔ یہ تو صرف اور صرف خلاف ہیں اللہ کے رستے جہاد کے اور تنقید بھی اسی اللہ کے حکم اور نبی ﷺ کی سنت جہاد ہی پر کرتے ہیں۔

ہم اس جہاد کو نہیں مانتے جسمیں خود پہلے یہ مجاہد کافروں کو چھیڑتے ہیں پھر وہ آکر مسلمانوں کو مارتے ہیں ہم کیوں لڑیں ایسے جہاد میں۔ (جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

ہم اس جہاد کو نہیں مانتے جسمیں چھوٹے چھوٹے بچوں کو جہاد میں لے جاتے ہیں۔

(جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

ہم اس جہاد کو نہیں مانتے ہیں جو چندے کر کے دین کو بدنام کرتے ہیں۔ (جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

ہم اس جہاد کو نہیں مانتے جسمیں بغیر دعوت کے کافروں سے لڑنے جاتے ہیں۔

(جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

ہم کیوں لڑیں ان مسلمانوں کی خاطر جن پر اللہ کا عذاب آیا ہے ان کے گناہوں کی وجہ سے۔

(جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

کافروں کو اللہ اپنی قدرت سے عذاب دیگا جب چاہے گا۔ ہمیں اسکے کام میں مداخلت نہیں کرنی۔

(جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

ہم اس جہاد کو نہیں مانتے جسمیں ڈالروں کی بارش ہو رہی ہے۔

ہم اس جہاد کو نہیں مانتے یہ تیل اور زمین کی جنگ ہے۔ (جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

ہم اس جہاد کو نہیں مانتے یہ امریکہ اور روس کی جنگ ہے۔

ہم اس جہاد کو نہیں مانتے یہ سب ایجنسیوں کا کھیل ہے۔ (جہاد کی کاٹ کس انداز میں)

ہم اس جہاد کو نہیں مانتے جسمیں اب تک کشمیر اور فلسطین بھی فتح نہ ہو سکے۔

ہم اس جہاد کو نہیں مانتے یہ افغانستان میں مسلمان مسلمان آپس میں لڑ رہے ہیں۔

نوٹ: رات دن صبح شام اسی طرح کی باتوں کی دعوت سننے سنانے والوں کو جب جہاد جیسے اہم فریضہ سے نفرت ہو جاتی ہے تو وہ پھر اس آیت کا مصداق بن جاتے ہیں۔۔

حکم سن کر لڑنے کا انکے چہروں پر غشی چھا گئی جیسے مرنے کے وقت ہو سو ہلاکت ہو ان پر،،، (سورۃ محمد **20**)

جو لوگ چھپاتے ہیں اسکو جسکو نازل کیا ہے ہم نے ان پر لعنت کرتا ہے اللہ۔۔۔ (البقرہ **159**)۔

اب جن پر اللہ لعنت کرے اور کہہ دے کہ ہلاکت ہو ان پر ان کی سمجھ میں قرآن کریم کی بات کیسے آسکتی ہے۔ ایسے ہی لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اندھے اور بہرے ہیں آنکھیں ہیں دیکھ نہیں سکتے کان ہیں سن نہیں سکتے۔ نوٹ: پھر ایسے ہی لوگ اخلاص نیت کے ساتھ کافروں کی خدمت دین کا سب سے اعلیٰ کام سمجھتے ہوئے کرتے ہیں۔ جن کے بارے میں شیطان نے کہا تھا کہ اے اللہ میں تیری نافرمانی کا کام ان سے بڑے ثواب کا کام بتا کر کرواؤں گا جس کو یہ گناہ کا کام ہی نہیں سمجھیں گے پھر یہ نہ معافی مانگیں گے اور نہ تو معاف کریگا۔

ہنسی آتی ہے اللہ کے راستے میں قرآنی آیات کو چھپانے والوں کے دعوتی کام پر جھوٹ بول کر روکتے ہیں اللہ کے راستے سے خود اور لعنت کرتے ہیں شیطان پر

جہاد دین اسلام اور امت مسلمہ کا محافظ فریضہ ہے اسکا دشمن دین اسلام اور امت مسلمہ کا دشمن ہے۔ دشمنان اسلام نے امت مسلمہ کو ذہنی قادیانی بنانے کے لئے منکرِ جہاد غلام احمد قادیانی دجال کو تیار کیا جس نے تمام جہاد ہی کے نہیں بلکہ قتال کے احکامات اور فضائل پر جھوٹ بول بول کر ان کو دوسرے نیک

کاموں میں لگا کر امت مسلمہ کے رخ کو میدان جہاد سے موڑ کر جہاد کے میدانوں کو کافروں کے لئے خالی کر دیا تا کہ نہ کوئی مسلمان اپنے دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کی مدد کرے اور نہ ہی قرآن کریم کی بے حرمتی کا بدلہ لینے کا کسی کے دل میں خیال آئے نہ ہی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے والے کافر کو کوئی پھڑکائے کیوں کہ یہ سارے کام جہاد سے ہوتے ہیں نہ جہاد ہوگا اور نہ ہی اسلام، قرآن، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، امت مسلمہ کا کوئی دفاع کرے گا اور نہ کافروں کی ٹھکائی ہوگی اس کیلئیکافروں کے غم خوار منکرِ جہاد قادیانی نے کافروں کو مارنے والے قرآنی احکامات کے خلاف جہاد سے مسلمانوں کو غافل کرنے کے لئے قرآن وحدیث میں تاویلیں کر کر کے چار سو بڑی بڑی کتابیں لکھ کر اپنے مریدوں کے ذریعے دنیا میں پھیلا دیں یہ کہہ کر کہ ان باتوں کی دعوت کو پھیلانے والے بڑا جہاد کر رہے ہیں اور لڑنے والا چھوٹا جہاد ہے یہ جہاد اکبر ہے وہ جہاد اصغر ہے اس میں ثواب سمندر کی طرح ملتا ہے اُس میں ثواب قطرے کی طرح ملتا ہے۔ آپ جہاد میں نہیں جاسکتے جب تک آپ کی آٹھ شرائط پوری نہ ہوں۔ نوٹ جہاد کے خلاف اسطرح کی باتیں پھیلانا کس کی دعوت کا کام ہے۔ اور شرائط بھی وہ جو اقدامی جہاد کی دفاعی جہاد میں لگا دیں جو نہ آج تک پوری ہوئی ہیں اور نہ قیامت تک پوری ہونگی اور نہ کوئی جہاد میں جائے گا۔ اسطرح جہاد کے خلاف باتیں کر کے مسلمانوں کو ذہنی قادیانی بنانے کے لئے پھیلائی ہوئی سیکڑوں باتوں میں سے چند باتیں اور ان کے جوابات یہ ہیں۔

جہاد پر اعتراضات اور اسکے جوابات

(1) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر ابھی وقت نہیں آیا ہے جہاد کا۔۔۔ **نوٹ:۔ 70** سال سے ان کیلئے وقت نہیں آیا بلکہ جہاد سے مسلمانوں کو بدظن کر رہے ہیں یہ کام کن کی دعوت کا ہے؟ ابھی جہاد کا وقت نہیں آیا تو کب آئے گا جبکہ دنیا بھر میں مسلمانوں پر کافروں کے ظلم کی یلغار قرآن کریم کی بے حرمتیاں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخیاں اور پڑوسی ملک میں کافروں کا اتحادی بن کر اسلامی خلافت مٹانے کو دیکھ

کر بھی جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ ابھی جہاد کا وقت نہیں آیا تو دراصل بات وہی ہے جو حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ فرما گئے۔ کہ چودہ سوسالہ تاریخ میں اتنا بڑا سنگین فتنہ میں نے نہیں دیکھا۔ (الامان والحفیظ)

(2) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں اگر ہمارے اعمال درست ہوجاتے تو کافر ہمارے اعمال دیکھ کر خود بخود مسلمان ہوجاتے پھر ان سے جہاد کی ضرورت ہی نہ پڑتی۔

نوٹ:۔ کتنے دل ہلا دینے والی باتیں پھیلائی جاتی ہیں کہ اگر اعمال اچھے ہوں تو پھر کافروں سے جہاد کی ضرورت ہی نہ پڑے کیا معاذاللہ نبی اکرم ﷺ اور صحابہ اکرام کے اعمال اچھے نہ تھے کہ ان کو کافروں سے جہاد کرنا پڑا؟ جب انسان عقل کا اندھا ہوجاتا ہے تو اسکے منہ سے ایسی ہی باتیں نکلتی ہیں۔

(3) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر جہاد سے پہلے دعوت ہوتی ہے اور آج لاکھوں کافر دعوت سے مسلمان ہورہے ہیں پھر جہاد کی کیا ضرورت ہے۔

نوٹ: پھر جہاد کی کیا ضرورت ہے اس طرح قرآنی حکم کا انکار کرنے سے مسلمانوں کو کافر کیا جارہا ہے یا کافروں کو مسلمان؟؟؟ اور پھر جہاد کا مقصد کافروں کو مسلمان کرنا نہیں بلکہ کفر کے باطل نظاموں کی شان وشوکت کو پاش پاش کرکے دین اسلام کو غالب کرنا ہے ۔۔۔۔ القرآن: لڑو ان سے یہاں تک کہ باقی نہ رہے کوئی فتنہ اور دین ہوجائے سارا ایک اللہ کا (البقرہ 193 انفال 39) (اسی جہاد والے حکم پر عمل کرتے ہوئے نبی اکرمؐ اور صحابہ کرام نے فتح مکہ کے بعد دنیا کی سپر طاقتوں کے ملک روم، شام، فارس کے باطل نظاموں کے فتنوں کو ختم کرکے اسلام کے جھنڈے لہرادیئے یہ ہے جہاد کا مقصد۔ اب اس مقصد سے مسلمانوں کو ہٹانا یہ کن کی دعوت ہے۔ قرآنی دعوت ہے یا جہاد کے خلاف قادیانی دعوت ہے۔

(4) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر اسلام تو اخلاق سے پھیلا ہے تلوار سے نہیں ہمارے اخلاق درست ہوجائیں تو کافر خود بخود مسلمان ہوجائیں گے پھر جہاد کی ضرورت ہی نہ رہے گی۔ **نوٹ:** نبی اکرم ﷺ اور صحابہ اکرام نے کیا معاذاللہ تلوار اخلاق میں کمزوری کی وجہ سے اٹھائی تھی تلوار تو اسلام کے غلبے میں

رکاوٹ بننے والے باطل نظاموں کے فتنے باز، سرداروں، ابوجہلوں کی گردنیں کاٹتی ہے پھر غلبہ اسلام کے بعد لوگ اسلامی نظام کے عدل وانصاف واخلاق کو دیکھ کر فتح مکہ کے بعد کی طرح فوج در فوج مسلمان ہو کر جہنم سے بچ کر جنت میں جانے والے بن جاتے ہیں پھر اخلاق بھی نبی ﷺ کی سنت ہے اور تلوار بھی ایک سنت اخلاق سے ہمیں محبت اور دوسری سنت تلوار سے نفرت مسلمانوں کے دلوں میں پیدا کرنا یہ قرآنی دعوت ہے یا قادیانی دعوت؟

(5) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر بہترین امت کا لقب تو دعوت والے کام کی وجہ سے ملا ہے جہاد میں تو ثواب قطرے کی طرح ملتا ہے۔ نوٹ: بہترین امت کا لقب تو نیک کام کا حکم کرنے اور برائی سے روکنے پر ملا ہے اور نیکیوں میں سب سے بڑی نیکی کلمہ طیبہ ہے اور برائیوں میں سب سے بڑی برائی اس کلمہ کا منکر کفر ہے۔ اب بہترین امت کا لقب تو صحابہ اکرام کی طرح ہاتھوں میں تلوار لیکر کافروں کو حکم دینا کہ کلمہ پڑھو اگر وہ کلمہ نہیں پڑھتے اور اِس کفر کی برائی کو نہیں چھوڑتے تو پھر ان کی گردن ابو جہل کی طرح اڑانے والے کام جہاد پر ملا ہے۔ ورنہ برائی سے بچنے کی دعوت دینے والے کام تو بنی اسرائیل نے بھی کئے ہیں جس نے نہیں کئے اللہ نے ان کو بندر اور خنزیر بنا دیا تو بہترین امت کا لقب تو حکم دینے پر ملا ہے درخواستی دعوت پر نہیں۔ اب طاقت کے استعمال سے مسلمانوں کو ہٹا کر منت سماجت پر لگانا اور اسکو بڑے ثواب کا کام بتانا کن کی دعوت کا کام ہے۔

(6) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر اس دعوت والے کام میں ایک روپیہ خرچ کرنے پر سات لاکھ اور ایک نماز پر انچاس کروڑ کا ثواب ملتا ہے جو جہاد میں نہیں ملتا۔ اتنے بڑے کام کو چھوڑ کر ہم چھوٹے میں جائیں۔ **نوٹ:** یہ سارے فضائل جہاد کے ہیں سات لاکھ کا ثواب اللہ تعالی نے لڑنے والے مجاہدین کیلئے رکھا ہے۔۔۔ حدیث کا مفہوم ہے۔۔۔ حضرت علیؓ حضرت ابودرداؓ حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ

جس نے گھر سے ایک درہم دیا اللہ کے راستے جہاد میں اس کو سات سو کا ثواب ملے گا اور جو خود نکلا اللہ کے راستے جہاد میں اور مال بھی خرچ کیا اس کو ثواب ملے گا ایک درہم پر سات لاکھ کا۔۔۔ پھر فرمایا اللہ جس کے لئے چاہتا ہے مزید اضافہ فرماتا ہے (ابن ماجہ) یہ اجر و ثواب مجاہدین کیلیئے ہے کیونکہ وہ اللہ کے راستے جہاد میں نکلتے ہیں کیونکہ حدیث میں غزا کا لفظ آیا ہے غزا سے مراد لڑنا ہے اور اللہ نے خریدا ہے مسلمانوں کی جان و مال کو لڑنے کیلیئے اب ان تمام فضائل کو درخواستی دعوت میں لگانا اور جہاد کی نفی کن کی دعوت کا کام ہے؟ اور یہ قرآنی دعوت ہے یا جہاد کے خلاف قادیانی دعوت ہے؟

(7) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر پہلے امت کا ایمان تو بن جائے اور ایمان بنانے کی محنت کا کام ہم نے ڈرتے ڈرتے کرنا ہے اور کرتے کرتے ہی مرنا ہے۔

(نوٹ) پھر کیا قبر میں جا کر یا قیامت میں جہاد کرنا ہے؟ اسطرح کے بہانے صدیوں سے بنانا کن کی دعوت کا کام ہے۔

(8) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر جہاد کا مقصد جدو جہد کرنا ہے اور ہم بڑا جہاد کر رہے ہیں کیونکہ نبی نے فرمایا ہم چھوٹے جہاد سے بڑے کی طرف آرہے ہیں۔

نوٹ: چھوٹے جہاد میں نبیؐ نے 27 مرتبہ کمان کی مجاہدین اسلام کی اور 56 مرتبہ صحابہ کرام کو روانہ کیا دشمنان اسلام سے لڑنے کیلیئے یہ دس سال میں ٹوٹل 83 جنگیں ہوئیں اور دس سال میں مہینے ایک سو بیس ہوتے ہیں گویا ڈیڑھ ماہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرام کی زندگی میں خالی نہیں گزرا کہ اللہ کے دشمنوں سے لڑنے کیلیئے چھوٹے جہاد میں نہ نکلے ہوں اور اگر ہم اس چھوٹے جہاد میں ایک مرتبہ بھی نہ نکلے تو قیامت کے دن حوض کوثر پر کیا منہ دکھائیں گے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو اپنے پیارے بدری صحابہ سے ایک چھوٹے جہاد تبوک میں نہ جانے کی وجہ سے 50 دن تک ناراض رہے اور پوری امت کا ان سے بائیکاٹ کرا دیا۔ جس جہاد کی اتنی

اہمیت ہو جسمیں سینے چھلنی بیویاں بیوائیں بچے یتیم ماں باپ بے اولاد ہوتے ہوں جس میں جنگلوں پہاڑوں سانپوں بچھوؤں میں بھوکے پیاسے مجاہد رہتے ہوں جس میں قید ہو کر دشمنوں کی جیلوں میں ڈرل مشینوں سے جسموں میں سوراخ کیے جاتے ہوں پلاس سے ناخن اکھاڑے جاتے ہوں۔

اللہ تعالیٰ جس جہاد کے بارے میں فرماتے ہیں کہ برابر نہیں کوئی ان لڑنے والے مجاہدین کے۔۔۔ اس جہاد کو نیچا دکھانا اسے قطرہ بتانا اسے چھوٹا جہاد بتانا یہ کن لوگوں کی دعوت کا کام ہے اور یہ کہنا کہ نمازی جب فجر میں جمعہ کے برابر ہو جائیں گے تو بغیر جہاد کے کفر خود بخود ٹوٹ: جائے گا۔۔۔ نوٹ: حضور ﷺ کے زمانے میں تو سارے نمازی تھے کفر خود نہ ٹوٹا اور اُن کو خود جہاد میں نکلنا پڑا اور ہم سب کے نمازی بننے سے کفر خود بخود ٹوٹ جائے گا۔ مقصد یہ ہے کہ مسلمان سارے نمازی قیامت تک تو بنیں گے نہیں لہذا کفر کو کھلی چھٹی دے دی کہ تم جو چاہو کرو ہم پہلے مسلمانوں کو نمازی بنائیں گے۔ نوٹ: نماز کی دعوت کو آڑ بنا کر مسلمانوں کو جہاد سے غافل کرنا کن کی دعوت کا کام ہے؟

(9) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر جہاد کا مقصد تو اعلاء کلمۃ اللہ ہے اور وہ ہم گھر گھر گلی گلی مسجد مسجد کر رہے ہیں لوگوں کو کلمے کی دعوت دیکر۔۔۔ نوٹ کلمہ بلند کرنے کی محنت جس طرح صحابہ کرامؓ نے کی کہ آدھی دنیا فتح کر کے کلمے والے جھنڈے لہرا دیئے یہ ہے کلمے کا بلند کرنا اور نبیؐ نے ارشاد فرمایا جس کا مفہوم ہے کہ مجھے میرے رب نے حکم دیا ہے کہ میں ان لوگوں سے لڑوں اس وقت تک یہاں تک کہ یہ کلمے کے قائل ہو جائیں (بخاری و مسلم) یہ ہے کلمے کو بلند کرنے کا مقصد جو نبیؐ نے بتایا اور صحابہ کرام نے عمل کر کے دکھایا آج گلیوں میں کلمہ پڑھ کر اس کو جہاد کا مقصد بتانا یہ کن لوگوں کی دعوت کا کام ہے؟

(10) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر جہاد کا حکم تو مدنی زندگی میں آیا ہے اور ابھی ہم مکی زندگی میں چل رہے ہیں یہاں جہاد کا حکم نہیں آیا تھا اس لئے ہم جہاد نہیں کرتے۔

(11) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر قرآن تو تھوڑا تھوڑا نازل ہوا ہے ایک دم جہاد کا حکم نازل نہیں ہوا پہلے

اور احکامات آئے ہیں جہاد کا حکم تو آخر میں آیا ہے ایک دم نہیں آیا۔

(12) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر پہلے ہمارے نبی نے 13 سال ماریں کھائی ہیں اور گالیاں سنی ہیں پھر جہاد کا حکم آیا ہے پہلے جہاد شروع کرنا بے ترتیب اور سنت کے خلاف ہے اور دین تو دنیا میں نبی کے طریقہ سے ہی آئے گا اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طریقہ پہلے 13 سال ماریں کھانا ہے۔ ان کے جوابات آگے آرہے ہیں۔ انشاء اللہ

(13) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر جہاد کیلئے دشمن سے زیادہ نہیں تو کم از کم برابر اسلحہ اور تعداد ہو مرکز اور خلافت ہو پھر ایک امیر حکم دے گا پھر ہم جہاد میں نکلیں گے۔ **نوٹ:** مسلمان اسلحہ اور تعداد میں کافروں کے برابر ہوں تو پھر اللہ کی مدد کا کیسے پتا چلے گا کیونکہ ٹکر برابر کی ہے اللہ کی مدد کا پتا تو جب چلے گا کہ بدر والوں کی طرح مسلمانوں کے پاس اسلحہ اور تعداد کم ہو اور پھر اللہ تعالیٰ فتح مسلمانوں کو دے جیسے آج افغانستان میں ایک طرف پوری دنیا کی فوجیں اور اسلحہ نیٹو اتحادی دوسری طرف کمزور نہتے کم تعداد کم اسلحہ کے فاتح طالبان مجاہدین اب یہ شور مچانا کہ جہاد سے پہلے اسلحہ اور تعداد برابر ہونی چاہئے یہ کن لوگوں کی دعوت کا کام ہے۔

(14) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر جہاد میں جان دینے سے ایک شہید کا ثواب ملتا ہے جبکہ مٹی ہوئی سنت کو زندہ کرنے سے 100 کا اور دعوت والے کام میں تو کروڑوں کا ثواب ملتا ہے۔۔۔ نوٹ: شہیدوں کا ثواب کمانا الگ بات ہے اور شہید کا مرتبہ الگ شان ہے کروڑوں کا ثواب کمانے والا جب مرتا ہے تو اس کے کپڑے اتارے جاتے ہیں نہ نکلیں تو پھاڑ کر اتارے جاتے ہیں غسل دینے کیلئے اور جب شہید ہوتا ہے کوئی مجاہد تو اس کے کپڑے نہیں اتارے جاتے غسل دینے کیلئے یہ ہے شہید کا مرتبہ جو شہیدوں کا ثواب کمانے والے کسی درخواستی داعی کو حاصل نہیں۔ حضرت مولانا انور شاہ صاحب سچ فرما گئے کہ سنگین فتنہ منکرِ جہاد ذہنی قادیانی بننے سے بچیں اور بچائیں۔

(15) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر مقصد آمد نبی تو انسانیت کو جہنم سے بچا کر جنت کی طرف لانا ہے جبکہ

جہاد میں کافروں کو مار مار کر جہنم میں ڈالا جاتا ہے یہ مقصد کے خلاف ہے۔ نوٹ۔۔۔ کیا اللہ تعالیٰ کو پتہ نہ تھا کہ کافروں کو مارنے والے احکامات مقصد آمد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف ہیں۔ پھر بھی اتنے احکامات دے دیئے۔۔ معاذ اللہ

(16) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر اللہ اس پر رحم نہیں کرتا جو اللہ کی مخلوق پر رحم نہیں کرتا اور جہاد میں تو محترم انسان کی جانوں سے کھیلا جاتا ہے جو مخلوق پر ظلم ہے (نوٹ) بدر میں جو کافر مردار ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان کو تم نے نہیں۔۔۔ اللہ نے قتل کیا ہے کیا (معاذ اللہ) اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق پر ظلم کیا ہے کہ ان کافروں کو مار کر جہنم میں ڈالا اسی طرح جو کافر مجاہدین کے ہاتھوں مارے جاتے ہیں وہ بھی اللہ تعالیٰ کے حکم سے مارے جاتے ہیں جس اللہ تعالیٰ کے حکموں کو پورا کرنے میں دونوں جہانوں کی کامیابی ہے۔ بھائیو، دوستو، بزرگو یہ جہاد بھی اللہ تعالیٰ کا حکم اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ہے۔ اور پورے دین میں جہاد بھی ہے اور جہاد پورے دین کا محافظ بھی ہے۔

(17) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر ابھی تو مسلمانوں کو کلمہ نماز بھی نہیں آتا وضو کے فرض تک کا پتہ نہیں ان کو وضو نماز سکھائیں یا پہلے ہی جہاد میں جائیں۔ (نوٹ) ان کو کچھ نہیں آتا آپ کو تو سب کچھ آتا ہے پھر جہاد میں کیوں نہیں جاتے کیا قیامت میں اللہ تعالیٰ کو بھی یہی جواب دیں گے اور پھر بے نمازی کو تو نمازی بنانا ہمارا کام ہے اور الحمد اللہ بہت اچھا کام ہے۔ مگر نمازیوں کو جہادی بنانا کس کا کام ہے (القرآن۔ اے نبی ایمان والوں کو لڑنے پر اُبھاریں۔ (الانفال۔ ۶۵) اب یہ کام کون کریگا۔ اور مسلمانوں کو نمازی بنانے کی آڑ میں ذہنی قادیانی بنانا کن کی دعوت کا کام ہے؟ بات دراصل وہی ہے جو حضرت شاہ صاحب فرما گئے کہ قادیانی فتنے سے بچیں اور بچائیں۔ الامان والحفیظ

(18) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر اللہ کی مدد دعوت کے ساتھ ہے اور اب تو اسرائیل اور امریکہ والے بھی اسکی حقانیت کو سمجھ کر ہمیں اپنے ملکوں میں دعوت کے کام کے لئے مرکز بنا کر دیتے ہیں

۔نوٹ: فضائے بدر پیدا کر فرشتے تیری نصرت کو اتر سکتے ہیں گردوں سے قطار اندر قطار اب بھی۔ اللہ کی مدد والے اس رستے سے ہٹا کر جو لوگ کافروں سے ماریں کھانے گالیاں سننے پر لگا کر مسلمانوں کو ذہنی قادیانی بنانے کو بڑا جہاد کہتے ہیں پھر اسی کام پر پوری امت مسلمہ کو لانے کی فکر میں اپنی جان مال وقت لگا رہے ہوں بڑے ثواب کا کام بتا کر تو پھر کافر ایسے لوگوں سے خوش ہو کر کیوں نہ مرکز بنا کر دیں ایسی قادیانی دعوت کو پھیلانے کیلئے اسرائیل میں بھی۔۔۔ کہ جس نے پاکستان کے پاسپورٹ پر کاٹ کا نشان بنوا رکھا ہے۔

(19) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر اللہ بڑی قدرت والا ہے وہ جب چاہے گا پہلی امت کے نافرمان قوموں کی طرح ہوا، پانی پتھروں،، مچھروں ابابیلوں سے کافروں کو عذاب دیگا ہمیں اس کے کام میں مداخلت نہیں کرنی ہمیں تو اللہ نے اتنا اونچا عظیم نبیوں والا کام دیا ہے دعوت کا ہم اس کی فکر کریں وہ کام اللہ کا ہے کافروں کو عذاب دینا وہ جانے اسکا کام۔ اور یہ کام دعوت کا سوا لاکھ نبیوں والا کام ہے اور صحابہ اسی دعوت کو لے کر پوری دنیا میں پھیل گئے۔ (نوٹ): (معاذ اللہ) کیا سوا لاکھ انبیاء نے کلام الہی پر جھوٹ بولنے اور احکامات خداوندی کو چھپانے والی دعوت کا کام کیا ہے کیا صحابہ کرام جہاد و قتال والے احکامات کے خلاف جھوٹی باتوں کی درخواستی دعوت کو لے کر دنیا میں پھیل گئے یا جہاد و قتال کے ساتھ امر بالمعروف کا حکم دیتے ہوئے کلمہ پڑھو اور نہی عن المنکر کفر کی برائی کو چھوڑو ورنہ میدان میں آجاؤ پھر جانوں کے نذرانے پیش کرتے ہوئے دین کو دنیا پر غالب کر گئے؟

پھر (معاذ اللہ) کیا اللہ تعالی کو معلوم نہ تھا کہ میں کافروں کو عذاب دے سکتا ہوں پہلی نافرمان قوموں کی طرح اپنی قدرت سے پھر بھی اللہ تعالی نے قرآن کریم میں فرما دیا کہ اب تمہارے ہاتھوں سے عذاب دونگا۔ (توبہ۔ ۱۴)

(20) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر جہاد کیلئے اسلحہ کی کیا ضرورت ہے کیا حفاظت کی دعا یا آیت الکرسی ہماری حفاظت کیلئے کافی نہیں۔ نوٹ: (معاذ اللہ) کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم نہ تھا کہ حفاظت کیلئے اللہ تعالی

نے آیت الکرسی دی ہے۔ پھر بھی آپ نے نو 9 تلواریں آٹھ نیزے، چھ کمانیں، چار ڈھالیں، دو ترکش، دو جنگی ٹوپیاں، خچر، اونٹنی وراثت میں دیں امت کو۔ نوٹ دشمنان جہاد قادیانی نے معاذاللہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھی اعتراض کس کس انداز میں کیئے۔

(21) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر جہادی مسجدوں میں چندہ جمع کر کے دین کو بدنام کرتے ہیں نوٹ۔ سب سے پہلے تو چندہ جہادی نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد نبوی میں تبوک کے موقع پر کیا یہ اعتراض کرنے والے کن کی دعوت کا کام کررہے ہیں۔ قرآنی یا قادیانی؟

(22) ہم جہاد کو فرض تو سمجھتے ہیں مگر جہادی چھوٹے چھوٹے بچوں کو جہاد میں لے جاتے ہیں ایسے جہاد کو ہم نہیں مانتے۔ نوٹ۔ بچوں کو تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ساتھ لے کر گئے تھے جنہوں نے ابوجہل کو واصل جہنم کیا۔ اسطرح لاکھوں قسم کے الزامات نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پر لگانے والے مسلمانوں کے دلوں پر کس دین کی محنت کررہے ہیں۔۔ قرآنی یا قادیانی؟

کیا کوئی عقل مند یہ بات کہہ سکتا ہے

کہ مسلمانوں کے ایمان کو خراب کرنے والی جماعت میں خیر غالب ہے؟

(لمحہ فکریہ) نہایت ہی دردمندانہ گزارش ہے ان محترم بھائیوں دوستوں اور بزرگوں! سے جو خالص اللہ کی رضا کی خاطر اپنی جان مال وقت دین اسلام کی محبت اور امت مسلمہ کی آخرت کی فکر میں لگاتے ہیں وہ ان قرآنی احکامات کو جو ابھی ہم پڑھ رہے ہیں اگر ہم ان کی دعوت سچ سچ بیان کریں اور پھیلائیں گے تو جب تک مسلمان ان پر عمل کرتے رہیں گے ہمیں بھی ثواب ملتا رہے گا اور اللہ بھی راضی ہوگا اور اگر ہم ان قرآنی احکامات کے خلاف جھوٹی باتوں کی دعوت ثواب سمجھ کر پھیلائیں گے تو مسلمان اللہ کی سچی کتاب کے قرآنی احکامات پر شک ہی نہیں کریں گے بلکہ جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ سمجھتے ہوئے قرآنی آیات کا انکار کرنے لگیں گے اور پھر ایمانی دولت سے محروم ہو کر قرآنی احکامات کی سچی دعوت دینے

والے نبیوں کے وارث علماء کے دشمن بن جائیں گے جیسا کہ آج ہو رہا ہے اور بنی اسرائیل میں ہوا اسی لئے اللہ تعالیٰ ایسے قرآنی احکامات کو چھپانے اور ان پر جھوٹ بولنے کی دعوت دینے والوں سے ناراض ہو کر ان پر لعنت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حق اور سچ کی دعوت دینے والا سچا داعی بنائے اور یہودیوں کی طرح کلام الٰہی کے مقابلے میں جھوٹی باتوں کی دعوت پھیلانے سے بچائے۔

یہودی کہاوت ہے کہ جھوٹ بول بول کر جھوٹی باتوں کو اتنا عام کر دو کہ یہ لوگ جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ سمجھیں۔

اس لیے سچ اتنا بولو اتنا بولو کہ ہر ہر مسلمان سچ کو سچ اور جھوٹ کو جھوٹ سمجھے۔

اگر یہ بات مسلمان بھائی سمجھ جائیں آپس کے جھگڑے سارے ختم ہو جائیں

قرآن حدیث کو سچ سچ بیان کرنے والے داعی کی مخالفت کرنے والا مسلمان نہیں دشمن قرآن ہے۔ اور قرآنی احکامات کو چھپا کر حدیث مبارک پر جھوٹ بولنے والا مبلغ انسان نہیں شیطان ہے۔ کیونکہ شیطان نے انسان کو جہنم میں ساتھ لے جانے کی قسم کھائی ہے اور یہ مبلغ بھی قرآن کے خلاف لوگوں کو جہنم کی دعوت دے رہا ہے۔

بنی اسرائیل کے یہودی کلام الٰہی کے مقابلے میں جھوٹی باتوں کی دعوت دیتے تھے جب اللہ کے رستے میں انبیاء علیہم السلام نے توحید کی سچی دعوت دی تو جھوٹے یہودیوں نے یہ کہہ کر لوگوں کو نبیوں کا دشمن بنا دیا کہ یہ ہمارے بڑوں کی دعوت کے خلاف باتیں کرتے ہیں پھر ایک ایک دن میں صبح ۷، ۷ نبیوں اور شام کو انکے ماننے والے بے شمار ساتھیوں کو بیدردی سے شہید کیا بنی اسرائیل کے تخریبی جعلی بزرگوں نے۔ آج انہی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے قرآنی احکامات کے مقابلے میں جھوٹی باتوں کی دعوت پھیلانے والوں کے سامنے جب نبیوں کے وارث علماء کرام قرآنی احکامات کی سچی دعوت دیتے ہیں تو یہ ان کے اسی طرح دشمن بن جاتے ہیں جس طرح بنی اسرائیل والے نبیوں کے بنے۔ کیا نبیوں کے وارثوں کو قرآنی احکامات سچ سچ بیان کرنے پر مارنا یہ نبیوں والا کام ہے؟ یا نبیوں کے دشمن بنی

اسرائیلیوں کا؟ نوٹ :۔ آج طارق جمیل کیسٹ کا نام کمزور ایمان والا مسلمان، میں کہتا ہے کہ ہمارے لئے بدر، دلیل نہیں احد دلیل نہیں خندق دلیل نہیں خلافت راشدین دلیل نہیں ہمیں اس بھنور سے نکلنے نے کیلئے بنی اسرائیل میں جانا پڑے گا کہ انہوں نے کیا کیا۔ وہ اس بھنور سے کیسے نکلے ہمیں بھی وہی کام کرنا پڑے گا۔ نوٹ : ان باتوں کے جوابات تفصیل سے حضرت مفتی عیسیٰ صاحب نے کتاب کلمۃ الہادی میں دیے ہیں۔

نوٹ: ایک تو بنی اسرائیل والوں نے اپنی کتابوں میں جھوٹ کی ملاوٹ کی اور سچ بولنے پر انبیاء کرام کو شہید کیا دوسرا بنی اسرائیل والوں نے جہاد کا انکار کیا اور کہا اے موسیٰ تو لڑ اور تیرا رب لڑے یہ ہے بنی اسرائیلیوں کا کام آج یہ امت مسلمہ کو بنی اسرائیلیوں کی طرف لے جا کر کیا بنانا چاہے ہیں؟

(سوال رحمن سے) کیا فرمایا ہے یا اللہ آپ نے بنی اسرائیلیوں کی طرح قرآنی احکامات کو چھپانے اور ان پر جھوٹ بولنے والوں کے بارے میں؟

(جواب قرآن سے)اے اہل کتاب کیوں ملاتے ہو سچ میں جھوٹ اور چھپاتے ہو سچی بات جان کر۔

(اٰل عمران 71)

اس سے بڑا ظالم کون ہو گا جو جھوٹ باندھے اللہ پر سن لو ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے جو روکتے ہیں دوسروں کو اللہ کے رستے سے۔-------------------------(ھود 19-18)

جو لوگ چھپاتے ہیں اسکو جسکو نازل کیا ہے ہم نے ان پر لعنت کرتا ہے اللہ اور اسپر لعنت کرتے ہیں لعنت کرنے والے---------------------------(سورۃ البقرۃ۔159)

دعوت قرآن کے خلاف مخالفتِ قرآن ۔۔۔۔اور انکے جوابات

(دعوتِ قرآن) کافر تمہارے کھلے دشمن ہیں.... (سورہ نساء آیت نمبر 101)

(23)(مخالفتِ قرآن) صرف نفس اور شیطان ہی ہمارے دشمن ہیں اور کوئی ہمارا دشمن نہیں

(یعنی کافر دشمن نہیں انکار قرآن کس انداز میں)؟

(دعوتِ قرآن) مارو کافروں کی گردنوں اور جوڑ جوڑ پر .....۔۔۔۔۔۔۔(سورہ انفال آیت نمبر 12)

(24) (مخالفتِ قرآن)اسطرح مارنے سے تو وہ کافر بیچارے جہنم میں چلے جائیں گے۔۔۔۔

(نوٹ) کافروں کی ہمدردی میں مخالفت قرآن کس انداز میں؟ وہ تو جہنم میں بعد میں جائیں گے پہلے تم گئے مخالفت قرآن کی وجہ سے بھائیو دوستو۔

(دعوتِ قرآن)اگر یہ کافر تم سے لڑیں تو قتل کر ڈالو انکی یہی سزا ہے ....(سورہ البقرۃ آیت نمبر 191)

(25)(مخالفتِ قرآن)اگر یہ کافر تم سے لڑیں تو کلمہ والی گولی سے مارو تاکہ وہ بھی جنت میں جائیں تم بھی۔۔۔ مجاہد کی گولی سے تو وہ جہنم میں چلے جائیں گے۔۔۔۔۔

(نوٹ) کافروں کی ہمدردی کے انداز نرالے اگر وہ ملک پر حملہ کریں تب بھی تم نے نہیں لڑنا دفاعی جہاد کے حکم کی مخالفت کس انداز میں۔۔۔۔

(دعوتِ قرآن)لڑو اب اللہ ان (کافروں) کو تمھارے ہاتھوں سے عذاب دے گا...

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(سورہ توبہ آیت نمبر 14)

(26)(مخالفتِ قرآن) کافروں کو اللہ جب چاہے گا پہلی امتوں کے نافرمانوں کی طرح اپنی قدرت سے عذاب دیگا ہمیں اس کے کام میں مداخلت نہیں کرنی.....

(دعوتِ قرآن)اگر نہیں نکلو گے تو اللہ تمہیں دردناک عذاب دے گا.....۔۔۔۔۔۔۔۔(توبہ 39)

(27)(مخالفتِ قرآن) اگر اس دعوت والے کام کے لئے نہیں نکلو گے تو اللہ تمہیں دردناک عذاب دے گا۔ (نوٹ)اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ لڑو تمہارے ہاتھوں سے کافروں کو عذاب دوں گا اگر نہیں نکلو گے تو تمہیں دردناک عذاب دوں گا۔

اب مخالفین قرآن ان آیتوں کے بارے میں قتال کی جگہ دعوت کا لفظ کس طرح پھیلاتے ہیں آپ خود

توجہ فرمائیں۔ (الٹ گیا نظام امن دور ہے فساد کا)

(دعوتِ قرآن) تمہیں کیا ہوا کہ نہیں لڑتے اللہ کے رستے میں ان مظلوموں کی خاطر جن پر کافر ظلم کرتے ہیں.... ------------------------------(سورہ نساء آیت 75)

(28) (مخالفت قرآن) ہم کیوں لڑیں ان کی خاطر جن پر اللہ کا عذاب آیا ہے انکے گناہوں کی وجہ سے۔

(نوٹ) کتاب اللہ کو جواب کس انداز میں؟ اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ کیوں نہیں لڑتے اور یہ کہتے ہیں کہ کیوں لڑیں یہ انکار قرآن ہے یا نہیں؟

(دعوتِ قرآن) محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے ساتھ ہیں وہ سخت ہیں کافروں پر..... ------------------------------(سورہ فتح آیت 29)

(29) (مخالفتِ قرآن) نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی محنت سے صحابہ کیسے نرم دل بنے کہ وہ راتوں کو کافروں کے لئے اٹھ اٹھ کر ہدایت کی دعائیں مانگا کرتے تھے اور دن کو ان پر محنت کرتے تھے۔

(نوٹ) قرآن کا ارشاد ہے کہ صحابہؓ سخت تھے کافروں پر۔ جب کہ یہ کہتے ہیں صحابہ نرم دل تھے کافروں کیلئے یہ مخالفت قرآن ہے یا نہیں۔

(دعوتِ قرآن) کافروں کی دلی خواہش ہے کہ تم اسلحے اسباب سے غافل ہو جاؤ پھر تم پر حملہ کر دیں گے سب مل کر.... ------------------------(نساء 101)

(30) (مخالفتِ قرآن) اسلحہ اسباب سے کچھ بھی نہیں ہوتا اسکا خیال ہی دل سے نکال دو یہ سب مچھر کا پر ہے یہ ایمان بناؤ ہمارے لئے صرف ایک اللہ ہی کافی ہے۔

(نوٹ) اسلحہ اسباب جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے اس کا خیال ہی دل سے مسلمانوں کے نکالنا جو کافروں کی دلی خواہش ہے کیا اس جھوٹی دعوت کے عمل سے اللہ ہمارے لئے کافی ہوگا یا ناراض ہوگا ایمان بنے گا یا بگڑے گا اللہ ایسے ایمان بگاڑنے والوں کو جنت دے گا یا جہنم دے گا

ایسے لوگ مسلمانوں کو دعوت دے کر کس طرف لے کر جارہے ہیں جنت کی طرف یا جہنم کی طرف؟ یہ لوگ جو داعی ہیں جہنم کے (یعنی جہنم کی طرف بلا رہے ہیں) (حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

عجیب چال چلتے ہیں دیوان گان عشق چلتے ہیں افریقہ پہنچتے ہیں دمشق

(دعوتِ قرآن) ایمان والے تو لڑتے ہیں اللہ کے رستے میں ....۔۔۔۔۔۔۔۔(سورہ نساء آیت 76)

(31) (مخالفتِ قرآن) جہاد سے پہلے ایمان بنانا ہوتا ہے جس طرح نماز سے پہلے وضو ہوتا ہے جس طرح بغیر وضو کے نماز نہیں ہوتی اسی طرح بغیر ایمان کے جہاد نہیں ہوتا۔

(نوٹ) وضو اور ایمان کب سے کب تک بنانا ہے شریعت نے جہاد سے پہلے ایمان لانے کا تو کہا ہے لیکن ایمان بنانے کا تو کہیں نہیں کہا ہے۔ ورنہ کافر ہماری عزتوں سے کھیلیں قرآن کی بے حرمتی کریں، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخیاں کریں ہمارے ملکوں پر حملے کریں اور جو لوگ ایسے نازک وقت بھی ایمان دکھانے کی بجائے ایمان بنانے کی باتیں کریں تو کافر ایسے لوگوں سے خوش کیوں نہ ہونگے۔ اور پھر وضو بنانے میں ٹائم ہی کتنا لگتا ہے۔۔۔ دوسرا موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ پر آنے والے جادو گروں کا ایمان کتنی دیر میں بنا۔ جو غیر مسلم تھے اور نماز روزہ حج زکوۃ کے لئے ایمان لانا شرط ہے یا بنانا شرط ہے اگر ان احکامات کے لئے ایمان بنانا شرط نہیں تو پھر جہاد کے لئے یہ شرط کیوں؟ حقیقت میں ایمان بنانے کی دعوت کا صدیوں سے ایک بہانہ ہے اصل میں مقصدی کام کافروں کی گردنوں کو بچانا ہے اور مسلمانوں کی گردنوں کو کافروں کے ہاتھوں کٹوانا ہے۔

(دعوتِ قرآن) جب اللہ کی آیتیں ان کے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو انکا ایمان اور بڑھ جاتا ہے۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(سورہ انفال آیت 2)

(32) (مخالفتِ قرآن) ایمان صرف اور صرف دعوت والی محنت ہی سے بڑھتا ہے اور کسی عمل سے نہیں بڑھتا۔ (معاذ اللہ)

(نوٹ) اور کسی عمل سے ایمان نہیں بڑھتا قرآن کی نفی کس انداز میں؟ کہ خود قرآنی آیات پر جھوٹ بولتے ہیں کیا اس جھوٹی دعوت سے ایمان بڑھتا ہے جسکا انجام ہمارے سامنے ہے کہ جہاد کی بات سننا بھی جن کو گوارا نہیں یہ ہے انکے قرآنی احکامات پر جھوٹ بولنے والی قادیانی دعوت کا نتیجہ۔

حکم سن کر لڑنے کا جن کے دلوں میں مرض ہے ان کے چہروں پر غشی چھائی گئی

جیسے مرنے کے وقت (ہو) سو ہلاکت ہو ان پر۔-------------------(محمد 20)

کہتے ہیں کہ ہم اصلاح کرنے والے ہیں جان لو یہی لوگ فساد کرنے والے ہیں۔ (البقرۃ 12-11)

(دعوتِ قرآن) اور کافروں نے کہا کہ اس قرآن کو سنو مت اور بے ہودہ گوئی کرو۔۔۔ (سورہ حٰم سجدہ)

(33) (مخالفتِ قرآن) قرآن کو ترجمہ کے ساتھ مت پڑھا کرو اسکو سمجھنے کیلئے بہت بڑے علم کی ضرورت ہے۔ (نوٹ) قرآن کریم کی جہاد وقتال والی آیتوں کو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے سے اس لئے منع کرتے ہیں کہ قرآن اللہ کی سچی کتاب ہے جو جھوٹوں کی پول پٹیاں کھول دیتی ہے۔

(دعوتِ قرآن) اور لڑو ان لوگوں سے جو ایمان نہیں لاتے اللہ پر نہ آخرت پر.... (سورۃ توبہ 29)

(34) (قادیانی دعوت) اسلام میں اقدامی جہاد نہیں ہے نبی ﷺ نے صرف دفاع کیا ہے اقدام کبھی نہیں کیا.. (معاذ اللہ) (نوٹ) اگر اقدام نہیں کیا تو مکہ اور خیبر پر حملہ کس نے کیا تھا پھر روم اور فارس اقدام سے فتح ہوئے یا دفاع سے؟

(دعوتِ قرآن) اے نبی آپ لڑیں اللہ کے رستے میں....-------------(سورۃ نساء 84)

اے نبی ایمان والوں کو لڑنے پر ابھاریں۔ (انفال 65)

(35) (مخالفتِ قرآن) ہمارے نبی لڑنے بھڑنے والے نہیں تھے اللہ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صرف دعوت والا حکم دے کر بھیجا ہے لڑنے بھڑنے والا بنا کر نہیں۔

(نوٹ) آپ اپنے نبی کا نام بتائیں پتا تو چلے کہ آپ کس نبی کا کلمہ پڑھتے ہیں کہ جس کو اللہ حکم دے

لڑنے کا اور وہ کہے کہ میں لڑنے بھڑنے والا نبی نہیں ہوں ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تو بدر احد خندق سے تبوک تک 27 مرتبہ مجاہدین اسلام کی کمان کی اسکا انکار کس انداز میں کہ کہتے ہیں پیچھے مکی زندگی میں جہاد نہیں تھا اس لئے ہم جہاد نہیں کرتے اور کبھی کہتے ہیں کہ ہمیں اور پیچھے بنی اسرائیل میں جانا پڑے گا ۔ اور بدر، احد، خندق، خلفائے راشدین کی سنت ہمارے لئے دلیل نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (معاذ اللہ)

افسوس کہ حضرت عمرؓ کے ہاتھ میں توریت دیکھ کر تو غصے سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اگر آج صاحب توریت (حضرت موسیٰؑ) بھی ہوتے تو انکو بھی میری پیروی کے بغیر چارہ کار نہیں مگر افسوس کہ آج کے جھوٹے داعی کو نجات بنی اسرائیل میں نظر آتی ہے کہیں یہ انہی میں سے تو نہیں؟ ذرا تحقیق تو کریں ؟؟؟

(دعوتِ قرآن): بہت سے نبی لڑے ہیں اللہ کے رستے میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (آل عمران 146)

(36) (مخالفتِ قرآن) لڑنا بھڑنا کافروں کو مارنا اگر نبیوں کا کام ہوتا تو ایک ہی فرشتہ کافی تھا اللہ نبیوں کے ساتھ کر دیتا وہ مار مار کر ان کو سیدھا کر دیتا مگر یہ لڑنا مرنا مارنا نبیوں والا کام نہیں ہے نبیوں والا یہ کام ہے دعوت کا جو ہم کر رہے ہیں ۔

(نوٹ) اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ بہت سے نبی لڑے ہیں اللہ کے رستے میں اور یہ کہتے ہیں لڑنا نبیوں کا کام نہیں انکار قران کس انداز میں؟

یہ ہے ان کی نبیوں والی مسلمانوں کے دلوں پر محنت جہاد سے پہلے جو کرنے کی ہے جس سے یہ امت کو تیار کر رہے ہیں جہاد کے لئے یا انکار جہاد کے لئے؟

مقصد آمد نبیؐ غلبہ اسلام کی مخالفت دین کو پھیلانے کی دعوت کے نام سے کس انداز میں؟

(دعوتِ قرآن) وہی تو ہے اللہ جس نے بھیجا رسول دین حق کے ساتھ اور سچا دین دے کر تا کہ غالب کرے اسکو تمام دینوں پر اور کافروں کو برا کیوں نہ لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (سورۃ توبہ 33)

(37) (مخالفتِ قرآن) اللہ نے نبیؐ کو دنیا میں صرف اور صرف اس دین کی دعوت کو پھیلانے والے کام ہی کیلیئے بھیجا ہے اور کسی کام کیلیئے نہیں بھیجا یہ مقصد آمد نبیؐ والا کام ہے دعوت کا جو ہم کر رہے ہیں۔

نوٹ: مقصدی کام غلبہ اسلام کی مخالفت کس انداز میں کسی نے مقصد آمد نبی کو جشن آمد نبی بنا دیا اور کسی نے مقصد آمد نبی کو دعوت آمد نبی بنالیا۔ کیونکہ مقصد آمد نبی غلبہ اسلام کے راستے میں رکاوٹ بننے والے ابوجہلوں کی نسل سے اللہ تعالیٰ نے لڑنے کا حکم دیا۔ جو منکر جہاد قادیانیوں کے مذہب میں نہیں۔

(دعوتِ قرآن) اور لڑو ان سے یہاں تک کہ باقی نہ رہے کوئی فتنہ اور دین ہو جائے سارا ایک اللہ کا-----------------------(البقرۃ 193)

(38) (مخالفتِ قرآن) لڑنے سے تو فتنے پیدا ہوتے ہیں دین تو دنیا میں صرف اور صرف دعوت والی محنت سے ہی آئے گا اور فتنے بھی اسی کام سے ختم ہوں گے اور کسی کام سے ختم نہیں ہوں گے۔ جس طرح اندھیرہ ڈنڈوں سے نہیں بھاگتا، اس کے لئے روشنی چاہیئے۔ دعوت کی روشنی کا چراغ جلاؤ گے تو یہ بے دینی کا اندھیرا خود ہی ختم ہو جائے گا۔ (نوٹ) مخالفت قرآن دعوت کی آڑ میں کس انداز میں اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ لڑو فتنے بازوں سے فتنوں کے خاتمے تک تو دین غالب آئے گا سارا اللہ کا اور یہ کہتے ہیں کہ اندھیرا ڈنڈوں سے نہیں جاتا۔ اگر ابوجہلوں کی جہالت کا اندھیرہ صرف باتوں کی دعوت سے ختم ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرامؓ بار بار بدر، احد، خندق، تبوک کے میدانوں میں نہ نکلتے لہذا لاتوں کے بھوت ابوجہل کی نسل باتوں سے نہیں مانتے۔ بھائیو، دوستو باز آ جائیں مخالفت قرآن سے ورنہ جہنم کی آگ تیار ہے۔ کیا ان کو معلوم نہیں کہ جو اللہ اور اس کے رسول کا مقابلہ کرتا ہے اسکے لئے جہنم کی آگ تیار ہے-----------------------(سورہ توبہ آیت 63)

مقصد آمد نبیؐ غلبہ اسلام کی خاطر اللہ کے رستے میں لڑنے کی مخالفت دعوت کے نام سے

(دعوتِ قرآن) بلاشبہ اللہ نے خرید لی مسلمانوں کی جان اور مال اس قیمت پر کہ ان کے لئے جنت ہے

وہ لڑتے ہیں اللہ کے راستے میں قتل کرتے ہیں اور قتل کیئے جاتے ہیں اس پر وعدہ ہے.....(توبہ 111)

(39)(مخالفتِ قرآن)اللہ نے ہماری جان اور مال کو صرف اور صرف دعوت والے کام ہی کے لئے خریدا ہے اور کسی کام کے لئے نہیں خریدا۔

(مخالفین قرآن کے لیے وعیدیں)اس سے بڑا ظالم کون ہوگا جو جھوٹ باندھے اللہ پر سن لو ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے جو روکتے ہیں دوسروں کو اللہ کے رستے سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(ھود 19-18)

جو لوگ چھپاتے ہیں اسکو جس کو نازل کیا ہے ہم نے۔۔۔ان پر لعنت کرتا ہے اللہ۔۔۔(البقرۃ 159)

اے ایمان والو بہت سے عالم اور پیر مال کھاتے ہیں اور روکتے ہیں دوسروں کو اللہ کے رستے سے..(توبہ 34) جنہوں نے روکا دوسروں کو اللہ کے رستے سے ان کے اعمال تباہ ہو گئے۔۔۔(محمد 1)

یہی لوگ ہیں کہ لعنت کی اللہ نے ان پر اور کر دیا انکو بہرہ اور اندھی کر دیں انکی آنکھیں۔ کیا دھیان نہیں کرتے قرآن میں یا ان کے دلوں پر تالے لگ چکے ہیں.۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(محمد 24)

نوٹ۔ جن لوگوں پر اللہ تعالی لعنت کرتا ہے وہی لوگ یہودیوں، عیسائیوں کے نورِ نظر ہوتے ہیں

اللہ تعالیٰ اس قرآن کی وجہ سے کتنے ہی لوگوں کو بلند مرتبہ کرتا ہے اور کتنے ہی لوگوں کو پست اور ذلیل کرتا ہے (رواہ مسلم)

جو لوگ اس قرآن پر عمل کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے مرتبے بلند کرتا ہے اور جو لوگ اس قرآن کے خلاف پروپیگنڈا کرتے ہیں اللہ تعالی ان کو ذلیل کرتا ہے

تو اِدھر اُدھر کی نہ بات کر یہ بتا قافلہ کیوں لٹا مجھے رہزنوں سے گلہ نہیں تیری رہبری کا سوال ہے
لباسِ خضر میں اکثر رہزن بھی پھرتے ہیں اگر دنیا میں رہنا ہے تو کچھ پہچان پیدا کر

رہبروں کے روپ میں رہزن کون؟

اگرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں مجھے ہے حکمِ آذاں لا الہ الا اللہ

(دعوتِ قرآن) برابر نہیں لڑنے والے اور نہ لڑنے والے اللہ نے بلند کیا درجہ اور اجر عظیم ان مجاہدین کا جو لڑتے ہیں اللہ کے رستے میں.....-------------------------(نساء95)

(40) (مخالفتِ قرآن) سب سے اونچا اور سب سے اعلیٰ یہ ہے نبیوں والا کام دعوت کا جو ہم کر رہے ہیں اس کام میں ثواب سمندر کی طرح ملتا ہے اور اس کے مقابلے میں دین کے سارے کاموں کو جس میں جہاد کو بھی شامل کر کے ثواب قطرے کی طرح ملتا ہے۔

(نوٹ) معاذ اللہ جس کام کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ برابر بھی نہیں کوئی نیک کام ان لڑنے والوں کے اسے یہ قطرہ بتاتے ہیں۔

(دعوتِ قرآن) اللہ محبت کرتا ہے ان سے جو لڑتے ہیں اللہ کے رستے میں---------(صف 4)

(41) (مخالفتِ قرآن) اللہ 70 مرتبہ رحمت کی نگاہ سے جسے دیکھتا ہے اسے اس نبیوں والے دعوت کے کام کے لئے قبول کرتا ہے۔ ہر ایک ایرے غیرے کو اس نبیوں والے عظیم کام کے لئے قبول نہیں کرتا۔ (نوٹ) معاذ اللہ! قرآن کریم کی ہر ہر آیت پر جھوٹ بولنا کیا یہ نبیوں والا کام ہے کیا اس کام کے لئے اللہ 70 مرتبہ رحمت کی نظر سے دیکھتا ہے؟ کیا اس طرح قرآن پر جھوٹ بولنے والی دعوت سے ایمان بڑھے گا یا جو ہے وہ بھی رخصت ہوگا؟

(دعوتِ قرآن) لڑنا تم پر فرض کر دیا گیا ہے اور وہ تم کو ناگوار لگتا ہے......---------(البقرة216)

(نوٹ: اللہ تعالیٰ نے تو ہم پر لڑنا فرض فرمایا ہے اور مخالفین کیا کہتے ہیں؟)

(42) (مخالفتِ قرآن) جہاد کا مقصد تو دین کیلئے جدوجہد کرنا ہے لڑنا نہیں۔ اور اللہ نے ایک دم لڑنے کا حکم نہیں دیا پہلے دعوت کا حکم آیا ہے لڑنے والا حکم 13 سال بعد آیا ہے۔ اس لئے ہم پہلے والا کام پہلے

کریں گے اور بعد والا بعد میں اور یہ دعوت والا کام ایمان بنانے کی محنت کا ہم نے ڈرتے ڈرتے کرنا ہے اور کرتے کرتے ہی مرنا ہے۔

(نوٹ) کیا قبر میں جا کر لڑنے والے احکامات پر عمل کرنا ہے ایک دم تو نماز روزہ، حج زکوٰۃ کا حکم بھی نہیں آیا، یہ بھی تو 13 سال بعد آئے ہیں پھر ان احکامات پر بھی عمل 13 سال بعد کریں پھر نہ ہی سود، شراب حرام ہوئی پھر سود کھاؤ اور شراب بھی پیو پھر نہ ہی پردے کا حکم آیا یہ احکامات بھی 13 سال کے بعد آئے پھر اپنی ماؤں بہنوں کو بھی بے پردہ گھماؤ پھراؤ بھائیوں دوستو صرف جہاد ہی سے دشمنی کیوں؟ کہ اسکا حکم 13 سال بعد آیا ہے اب تو 14 صدیاں گزر چکی ہیں۔ آپ جیسوں کو لاکھوں قسم کے بہانے بناتے ہوئے اور قرآن کریم کی ہر ہر آیت پر جھوٹ بولتے ہوئے۔

(دعوتِ قرآن) حکم ہوا ان لوگوں کو (لڑنے کا) جن سے کافر لڑتے ہیں۔۔۔۔ (الحج آیت نمبر 39)

(43) (مخالفتِ قرآن) جب تک ہمارے بڑے اجازت نہیں دیں گے ہم نہیں لڑیں گے۔ (نوٹ) یہ ہے ایک اللہ کا حکم ماننے میں دونوں جہانوں کی کامیابی کا یقین دلوں میں لانے کی محنت کا نتیجہ۔ کہ اللہ تعالیٰ کا حکم نہیں بڑوں کا حکم مانیں گے کامیابی کس کے حکم میں ہے۔ اللہ تعالیٰ کے یا غیر اللہ کے دعوت اور عمل میں تضاد کتنا اندازہ لگائیں بھائیوں دوستوں بزرگوں کا

(دعوتِ قرآن) اے ایمان والو حکم مانو اللہ کا اور اسکے رسول کا تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ. (اٰل عمران ء32)

(44) (مخالفتِ قرآن) ہمارے بڑے جتنا دین کو بہتر سمجھتے ہیں اتنا کوئی نہیں سمجھتا جیسا وہ کہیں گے ہم وہ ہی کریں گے۔ (نوٹ) معاذ اللہ کیا ہمارے بڑے اللہ تعالیٰ سے بھی بہتر دین کو سمجھتے ہیں۔ کیا یہ غیر اللہ کا حکم ماننا نہیں اللہ کے مقابلے میں جس میں دونوں جہانوں کی ناکامی ہے اور کامیابی تو ایک اللہ کے حکم کو مان کر عمل کرنے میں ہے چاہے سمجھ میں آئے یا نہ آئے بھائیو، دوستو، بزرگو۔

(دعوتِ قرآن) بدلہ لینا تم پر فرض کر دیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (البقرۃ 178)

(45)(مخالفتِ قرآن) ہمارے نبی نے کبھی بدلہ نہیں لیا اور کبھی بددعا تک نہیں دی کافروں کو بھی۔ (نوٹ) قنوت نازلہ میں کیا نبی نے کافروں کو دعائیں دی تھیں اور عثمان غنیؓ کی شہادت کا سن کر 1400 صحابہ کرام سے پیارے نبی نے بدلہ لینے کے لئے کیا مرنے مارنے پر بیعت نہیں کی تھی اور ایک قاصد کے قتل کا بدلہ لینے کے لئے 3000 کا لشکر روانہ نہیں کیا تھا کے جس میں حضرت زیدؓ، حضرت جعفرؓ اور حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کی شہادت کے بعد حضرت خالد بن ولیدؓ نے 9 تلواریں کیا ایک دن میں کافروں کی گردنوں پر نہیں توڑی تھیں کیا یہ بدلے نہیں لئے کتنا بڑا الزام ہے کہ اللہ حکم دے کہ بدلہ لینا تم پر فرض ہے اور کوئی یہ کہے کہ نبیؐ نے کبھی اس حکم پر عمل نہیں کیا معاذ اللہ۔

(دعوتِ قرآن) اے نبی (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہم نے تم کو سچائی کے ساتھ خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور اہل دوزخ کے بارے میں تم سے کچھ باز پرس نہیں ہوگی۔۔۔۔۔۔۔ (البقرۃ 119)

(46)(مخالفتِ قرآن) ایک ایک کافر جو جہنم میں جائے گا اس کے بارے میں پوری امت سے پوچھ ہوگی کہ اس کو دعوت کیوں نہ دی۔

(نوٹ) اللہ تعالیٰ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرماتا ہے کے آپ سے جہنمیوں کے بارے میں پوچھ نہیں ہو گی، اور یہ کہتے ہیں کہ پوری امت سے ایک ایک کافر کے بارے میں پوچھ ہوگی یعنی کافروں سے لڑنا چھوڑیں اور ان کی منتیں شروع کریں یہ کافروں کی ہمدردی میں مخالفت قرآن ہے یا نہیں۔

(دعوتِ قرآن) ہم نے اس قرآن کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اسکی حفاظت کرنے والے ہیں۔۔۔ (الحجر 9)

(47)(مخالفتِ قرآن) ہم اللہ کے خلیفہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نائب اور قرآن کے محافظ ہیں۔

(نوٹ) خلافت اسلامیہ افغانستان کے خاتمے کا سن کر خوش ہونے والے کیا یہ ہیں اللہ کے خلیفہ؟ اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخیاں دیکھ کر بھی ایمان بنانے کے بہانے بنانے والے کیا یہ ہیں نبی

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نائب؟ اور قرآن کی بے حرمتی کا سن کر بھی حرکت میں نہ آنے والے کیا یہ ہیں قرآن کے محافظ؟۔۔ یہ سب کچھ چور مچائے شور نہیں تو اور کیا ہے حقیقت میں کافروں نے مسلمانوں کو فریضہ جہاد سے غافل کرنے کے لئے مرزا غلام احمد قادیانی کو تیار کیا تھا تاکہ قرآن وحدیث کے خلاف باتیں مسلمانوں میں پھیلائے پھر قادیانیوں نے بھیس بدل کر مسلمانوں کے روپ میں وہ تمام باتیں مرزا غلام احمد قادیانی کی بتائی ہوئی دنیا بھر میں پھیلا دیں جنکی دعوت آج بھولے بھالے مسلمان ہی نہیں بلکہ بڑے بڑے عالم دین بھی مدرسوں میں دیتے نظر آتے ہیں اور بڑے بڑے مفتی حضرات قرآن حدیث کے خلاف قادیانیوں کی باتیں سن کر بھی قرآن کا دفاع نہیں کرتے بلکہ اُلٹا انکی حمایت کرتے نظر آتے ہیں افسوس۔

تو نے حق چھوڑا اندیشہ غربت سے فقط۔۔۔ سوچتا ہوں تو احساس سے دل دہل جاتا ہے
ہائے نہ تھی تجھے اس بات سے آگاہی۔۔۔ رزق تو اس دہر میں کتوں کو بھی مل جاتا ہے

مشنِ قادیانی امت مسلمہ کو درس قرآن علماءِ کرام اور جہاد بالسیف سے روکنا ہے۔

آج امت مسلمہ کو جہاد سے متنفر کرنے والے قادیانی کے ہم مشن، مثلِ قادیانی کون؟

دین کے نام پر بے دینی پھیلانے والے کون؟ ایمان بنانے کے نام پر ایمان بگاڑنے والے کون؟ اللہ تعالیٰ کے حکموں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نورانی طریقوں میں دونوں جہانوں کی کامیابی کا بتا کر جہاد وقتال والے حکموں اور سنتوں سے بہانے بنا بنا کر مسلمانوں کو روکنے والے کون؟

مثلِ قادیانی ، منکرین جہاد ، سنگین فتنہ کون؟

نوٹ: آج اگر کوئی بہت بڑا عالم دین قرآنی احکامات کی تبلیغ کرے۔ تو اس نبیؐ کے وارث کو کوئی بھی تبلیغی نہیں کہتا اور اگر کوئی جاہل ہاتھوں میں لوٹا بستر لیکر چلے۔ تو ہر کوئی اسے پکا تبلیغی کہتا ہے۔ چاہیے وہ رات دن صبح شام قرآن وحدیث کے خلاف پروپیگنڈہ کی دعوت دیتا ہی کیوں نہ پھیرے مگر پھر بھی وہ پکا تبلیغی کہلائے گا۔

کیا خوب نیک بنائے چوری چھڑوائی ڈاکو بنائے

مچھلی کا شکاری کانٹے کے آگے گوشت لگا کر پھینک دیتا ہے اسکا مقصد مچھلی کو ہمدردی سے گوشت کھلانا نہیں ہوتا بلکہ اس کے ذریعے سے مچھلی کو پکڑنا مقصد ہوتا ہے اسی طرح جو لوگ اچھی اچھی باتیں کر کے مسلمانوں کو جمع کرتے ہیں انکا مقصد بھی انکو پکا سچا مومن مجاہد بنانا نہیں ہوتا بلکہ ان کو فریضہ جہاد سے غافل کرنا ہوتا ہے جو آپ ابھی پڑھ چکے ہیں۔ مگر کچھ لوگ پھر بھی نہیں سمجھتے کہتے ہیں کہ چلو جی مسلمانوں کو یہ لوگ نمازی تو بنا لیتے ہیں۔ (نوٹ) نمازی تو بدعتی اور قادیانی بھی لوگوں کو بناتے ہیں پھر انہیں کافر قادیانی اور بدعتی جہنمی بھی کہتے ہیں یہ لوگ یہ نہیں سمجھتے کہ نمازی ہی نہیں بناتے بلکہ اور بھی بہت سے نیک کاموں میں لگانے کے ساتھ ساتھ چوری سے بھی چھڑوا دیتے ہیں مگر ساتھ ساتھ انکو قرآن و حدیث کی جہاد و قتال والی آیتوں پر ڈاکہ مارنے والا ڈاکو بھی بنا دیتے ہیں اور قادیانی کی طرح ان کو قرآن کی ہر ہر آیت پر جھوٹ بولنے کی دعوت کا فن بھی سکھا کر منکرین قرآن بنانے کا بیج بھی تو دل و دماغ میں بو دیتے ہیں۔ کہ جس جگہ بھی جب کوئی عالم کتاب اللہ کی سچی بات کرے تو یہ لوگ یہودیوں قادیانیوں کی پھیلائی ہوئی جھوٹی باتوں سے جواب دینے لگتے ہیں۔ اور اس عالم کو دعوت تبلیغ کا منکر کہہ کر اس کے دشمن بن جاتے ہیں۔ کیا قرآن و حدیث پر جھوٹ بولنے کا نام دعوت و تبلیغ ہے؟ اور یہ کس کی تبلیغ ہے۔

یہودی کہاوت: جھوٹ بول بول کر جھوٹی باتوں کو اتنا عام کر دو
کہ مسلمان جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ سمجھیں۔

شکاری بزرگ

حضرت سلمان علیہ السلام سے ایک کبوتر نے شکایت کی کہ فلاں شخص نے میرے ساتھی کا شکار کیا ہے۔ حضرت سلمانؑ نے اس سے پوچھا تو اس شخص نے جواب دیا کہ حضرت یہ حلال پرندہ ہے اور اسکے شکار کی اللہ تعالیٰ نے ہمیں اجازت دی ہے۔ تو پرندہ نے کہا کہ حضرت ہمیں شکایت اس بات کی ہے کہ یہ دور سے بزرگ بن کر آیا۔ تو میں نے اپنے ساتھی سے کہا کہ ہوشیار ہو جاؤ وہ آدمی آرہا ہے۔ تو میرے ساتھی نے جواب دیا کہ شرم کرو کیسی باتیں کررہے ہو دیکھتے نہیں کتنے بڑے بزرگ آرہے ہیں، سفید داڑھی، نورانی چہرہ، سر پر امامہ، ہاتھ میں تسبیح اور زبان پر سبحان اللہ کی صدائیں، اتنے بڑے بزرگ کے بارے میں ایسی باتیں کرتے ہو تمہیں شرم نہیں آتی۔ ا0 تنے میں بزرگ قریب آ گئے۔ پھر میں نے یہی کہا کہ ہوشیار ہو جاؤ۔ پھر اس نے یہی جواب دیا۔ اتنے میں اچانک بزرگ صاحب نے جبے سے تیر چلایا اور میرے ساتھی کا شکار کر دیا۔ ہمیں شکایت اس بات کی نہیں کہ اس نے شکار کیوں کیا۔ ہمیں شکایت اس بات کی ہے کہ یہ بزرگ بن کر آیا اور دھوکہ سے میرے ساتھی کا شکار کیا۔۔۔ اگر یہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ان کے شکار کی اجازت دی ہے۔ تو ہمیں بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے دفاع کیلئے پر دیئے ہیں۔ یہ شکاری بن کر آتا تو پھر پتہ چلتا کہ اس کا تیر پہلے چلتا ہے یا ہمارے پر پہلے کام کرتے ہیں۔ ہمیں دکھ اور شکایت اس بات کی ہے کہ اس نے دھوکہ سے بزرگ بن کر میرے ساتھی کا شکار کیا ہے۔

یا اللہ! کوئی ایسا مجاہد پیدا فرما جو امت مسلمہ کو اس بڑے فتنے سے آگاہ کرے۔

حضرت مولانا حسین شاہ صاحب مدظلہ العالی۔

کافی عرصہ سے تبلیغی جماعت کو قریب سے دیکھنے اور سننے کا موقع ملا تو محسوس ہوا کہ مروجہ تبلیغی جماعت اہل سنت والجماعت کے مسلک و مزاج اور اصولوں سے منحرف ہوتی جارہی ہے اور اس کی غلط تاویلات اور تجاوزات کی نشان دہی کرنے والا کوئی نہیں۔

یا اللہ! کوئی ایسا مجاہد پیدا فرما جو امت مسلمہ کو اس بڑے فتنے سے آگاہ کرے۔

یہ باطل فرقوں کا ایجنٹ ہے۔ امام اہلسنت حضرت شیخ مولانا سرفراز خان صفدر صاحبؒ

(مولانا محمد نواز بلوچ صاحب، مدرسہ ریحان المدارس گوجرانوالہ)

گزشتہ چند سالوں میں مولانا طارق جمیل صاحب کے صلح کل مواعظ، ادنی غیر ادنی کے مابین فرق ختم کرنے کی تقاریر اور حق و باطل کے خلط ملط بیانات کی شکایات سننے میں آ رہی ہیں۔

خصوصاً تاویل کے ذریعے جہاد کا انکار، دور نبویؐ اور خلفاء راشدینؓ کے دور کے بجائے بنی اسرائیل کے دور کو مثالی قرار دینا، حضرات شیخینؓ پر تنقید، صحابہ کرامؓ کی تکفیر کرنے والوں کو مسلمان کہنا، علماء دیوبند کی محنت اور باطل کے خلاف انکی تحریکوں کو ناکام کہنا۔ لہذا مولانا طارق جمیل کی تقاریر کے یہ اقتباسات علماء کی خدمت میں پیش کر کے ان کی آراء لی جائیں اور مولانا طارق جمیل کو ارسال کی جائیں۔ چند مخلص ساتھیوں کے کہنے پر استاد محترم امام اہلسنت حضرت شیخ مولانا سرفراز خان صفدر صاحبؒ کو یہ روئیداد سنائی۔ آپ کے حکم پر اگلے دن یہ مسوّدہ پڑھ کر سنایا۔ دو صفحات سن کر حضرت شیخ مدظلہ نے فرمایا: یہ باطل فرقوں کا ایجنٹ ہے۔ کلمۃ الہادی، صفحہ نمبر 33، مصنف: مفتی عیسیٰ خان صاحب (دامت برکاتہم)

ضروری گزارش

اگر کسی بزرگ عالم دین کو اس کتاب میں لکھی ہوئی قرآن و حدیث کے خلاف دعوتی باتوں پر یقین نہ آئے تو پھر کسی بھی مسجد یا تبلیغی مرکز میں ان کا بیان غور سے سنے کہ کس طرح جہاد و قتال کے احکامات جن میں فرائض، فضائل، اہمیت، وعیدیں، جنگی کارنامے، واقعات، اللہ کے رستے میں جہاد کے فائدے اور جہاد نہ کرنے پر نقصانات جو قرآن و حدیث میں بتائے گئے ہیں۔ ان کو کس کس انداز میں گھما پھیرا کر دعوت کے کام میں لگاتے ہیں اور پھر دعوت کے کام کو بڑھا چڑھا کر اس میں ثواب سمندر کی طرح ملتا ہے اور جہاد کی اہمیت کم کر کے اس میں ثواب قطرے کی طرح بتاتے ہیں۔ (چوری اوپر سے سینہ زوری)

یعنی جہاد وقتال کی جگہ دعوت اور دعوت میں ثواب سمندر اور جہاد میں قطرہ۔

قرآنی احکامات کے مطابق تبلیغ کرنے والے تو ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں لیکن قرآنی احکامات کے خلاف تبلیغ کرنے والے امتی کس کے نقش قدم پر ہیں؟ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمنوں کے؟

اے میرے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تبلیغ کر جو نازل کیا گیا تیری طرف تیرے رب کی طرف سے-------------------------------(مائدہ 67)

سوال: نبی اکرمؐ پر اللہ تعالیٰ نے کیا نازل فرمایا؟ ---جواب: قرآن کریم کو

سوال: نبی اکرمؐ کس کی تبلیغ کیا کرتے تھے؟ ---جواب قرآن کریم کی

سوال: نبی اکرمؐ کے وارث آج دنیا بھر کے مدرسوں میں کس کی تبلیغ کرتے ہیں؟ ---جواب: قران وحدیث کی

نبی اکرمؐ مسجد نبوی میں قرآنی احکامات کی جب تبلیغ کرتے تو صحابہ کرام سن کر وہ باتیں پوری دنیا میں پھیلاتے تھے تو نبی بھی تبلیغی اور صحابہ کرام بھی تبلیغی ہوئے اور آج دارالعلوم دیوبند والے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وارث جو قرآن وحدیث کی تبلیغ کرتے ہیں اور ان کے شاگرد ان سے سیکھ سیکھ کر پوری دنیا میں پھیلا رہے ہیں کیا دیوبند والے اور ان کے شاگرد تبلیغی ہوئے یا نہیں؟ تو کیا آج تک کسی نے ان علماء دیوبند یا ان کے شاگردوں میں سے کسی کو بھی چاہیے وہ مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیع (نور اللہ مرقدہ) ہی کیوں نہ ہوں کسی نے ان کو تبلیغی کہا ہے کہ یہ بہت بڑے تبلیغی ہیں؟ کبھی نہیں کہا اسلئے کہ یہودی کہاوت ہے کہ جھوٹ پھیلاؤ سچ چھپاؤ اور آج جھوٹ اتنا پھیلایا گیا ہے کہ مسلمانوں کو قرآنی احکامات (معاذ اللہ) جھوٹ لگتے ہیں اور قرآنی احکامات کے خلاف پھیلائی ہوئی باتیں سچ لگتی ہیں۔

اسی لئے تو کتنا ہی بڑا عالم قرآنی احکامات کا ترجمہ صحیح صحیح بیان کرے تو لوگ کہتے ہیں کہ یہ تبلیغی جماعت والوں کے خلاف باتیں کر رہا ہے۔

دوسری بات اصل تبلیغ قرآنی احکامات کی ہے یا مخالفتِ قرآن کریم کی؟۔ ۔ جواب: قرآن کریم کی۔ اور جو لوگ اس قرآن کریم کے خلاف پروپیگنڈہ کرتے ہیں وہ تبلیغی ہیں یا تخریبی ہیں؟ جو تبلیغ کے نام کو استعمال کرتے ہوئے مسلمانوں کو نمازی بنا کر ذکر کرتے ہوئے قرآنی احکامات کے خلاف تفسیر بالرائے اور تحریف معنوی کی دعوت کو پھیلاتے ہیں اور جو جو آیات تبلیغ کے بارے میں یہ پڑھتے ہیں ان میں سے کسی ایک آیت کا بھی ترجمہ درست نہیں کرتے۔ وہ تمام آیات ساری کی ساری مجاہدین، جہاد، قتال اور ہجرت فی سبیل اللہ کے بارے میں ہیں جن کو یہ لوگ تبلیغ میں لگاتے ہیں۔ جیسا کہ دار العلوم دیوبند دارالافتاء کے مفتی محمد حنیف صاحب نے فرمایا کہ تم جتنی آیات بھی تبلیغ کے بارے میں پڑھتے ہو ان میں سے ایک آیت کا بھی ترجمہ دنیا میں کہیں بھی درست کرو اور پھر مجھے اسرائیل میں کام کر کے بتاؤ۔

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں؟

کہ بغیر تحقیق کے کسی کے بارے میں حسن ظن رکھنے والے لاکھوں مسلمان ایک طرف ہوں اور تحقیق کے بعد کسی کے بارے میں رائے دینے والے صرف دو عالم ایک طرف ہوں تو کس کی بات قبول کی جائے گی؟

ایک ہے حکامات الٰہی کو سچ سچ بیان کرنے کی تبلیغ جو نبیوں والا کام ہے جس کی دعوت نبیوں
کے وارث علماء کرام دنیا بھر میں دے رہے ہیں۔ ۔ ۔ الحمد للہ

اور ایک ہے قرآن وحدیث کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈہ پھیلانے کی دعوت وتبلیغ
یہ علماء دیوبند مخالف کس دعوت وتبلیغ کے؟

نبیوں والی دعوت وتبلیغ کے یا قرآن وحدیث کے خلاف پروپیگنڈہ پھیلانے والی دعوت وتبلیغ کے؟

نوٹ: اس کتاب میں قرآن وحدیث کے خلاف پروپیگنڈے کے جوابات دیئے گئے ہیں۔ اور اگر کوئی بات قرآن وحدیث کے خلاف ہو تو ضرور اپنا ایمانی فریضہ سمجھتے ہوئے آگاہ فرمائیں۔ جزاک اللہ

دعا گو و خود طالب دعا: مفتی سعید احمد

(تقریظ سنگین فتنہ) حضرت مولانا محمد عرفان الحق المظاہری صاحب (دامت برکاتہم)

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم! اما بعد!

مروجہ تبلیغی جماعت کی بے اعتدالیاں اور اس کے ذمہ داروں کی حد درجہ غلو پر مبنی بیان بازیاں عالم آشکارا ہو چکی ہیں۔ ایسا محسوس ہونے لگا ہے کہ شاید اب اس جماعت کی خود ساختہ تقدس مآبی کا شیش محل چکنا چور ہو کر رہے گا اور اس کی من گڑھت کشفی و رؤیائی عظمت و عصمت کے جھوٹے قصے کہانیوں کا بازار ٹھنڈا پڑ جائے گا، اتنا ہی نہیں پتہ نہیں کتنے صاحب جبّہ و دستار کے علم و فضل پر سوالیہ نشان لگے گا اور ان کی علمی و فکری کجروی کی داستانیں سپرد قرطاس کی جائیں گی۔ کتاب و سنت سے صریح انحراف اور آیات و احادیث میں باطل تاویلات کا ایک طویل سلسلہ آئینہ ہو کر ہر خاص و عام کو کتاب و سنت کی طرف مراجعت کرنے پر مجبور کر دے گا۔ کما قال اللّٰہ تعالیٰ ما کان اللّٰہ لیذر المومنین علیٰ ما انتم علیه حتی یمیز الخبیث من الطیب، اللہ ایمان والوں کو ان کی حالت پر یوں ہی نہ چھوڑ دے گا جب تک کہ خبیث کو طیب سے الگ نہ کر دے۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے اور ہو کر رہے گا۔

وہ علماء کرام جو اب تک خاموشی کی تصویر بنے بیٹھے تھے انکی مُہر سکوت ٹوٹے گی اور ذمہ داریوں کا احساس انھیں جھنجھوڑ کر بیدار کر دے گا، وہ اپنے فرض منصبی سے عہدہ برآ ہونے کے لئے حق کی حقانیت اور باطل کا بطلان واضح کریں گے اور شریعت محمدی کے صاف و شفاف آئینے میں لگی گرد و غبار صاف کر کے خدا اور رسول کے نزدیک سرخرو ہوں گے۔ انشاء اللہ۔

الحمد اللہ وہ وقت آچکا ہے کہ اب دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی الگ ہو کر رہے گا، علم و عمل پر گرد و غبار کی جمی ہوئی تہیں صاف ہو جائیں گی اور ایمان و یقین کے نام پر پھیلائی گئی بدعات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ عادتُ اللہ یہی ہے کہ باطل کو آخر کار اپنی تمام سیاہ کاریوں کے ساتھ پسپا ہونا پڑتا ہے اور حق کی

روشنی چاروں طرف پھیل کر رہتی ہے۔ کون جانتا تھا کہ تبلیغی جماعت دین کے نام پر ایک فتنہ برپا کرے گی؟ کسے معلوم تھا کہ بانی جماعت حضرت مولانا محمد الیاس صاحب کو کشف والہام کے نام پر نبی بنا لیا جائے گا؟ اور جملۂ اکابر علمائے دیوبند کی تعلیمات سے آنکھیں بند کر لی جائیں گی؟ اور غلبۂ حال میں سرزد ہونے والی ان کی تمام علمی وفکری بھول چوک کو ایک مقدس نام دے کر ساری دنیا میں پھیلا دیا جائے گا؟ جماعتِ تبلیغ کو حق و باطل کا معیار گردانا جائے گا، اسے کشتیٔ نوح قرار دے کر جو اس میں شریک ہوا وہ کامیاب اور جو علیٰحدہ رہا اسے ناکام و نامراد قرار دیا جائے گا؟ مدارس وخوانق اور علمائے ربانیین ومشائخ کاملین کی دینی خدمات کی برملا تحقیر وتوہین کی جائے گی اور ان کے وجود مسعود کو اپنے غیر شرعی مشن کے لئے رکاوٹ سمجھ کر علماء و مدارس کے خلاف ذہن سازی کی جائے گی؟ سر سے پیر تک بدعات کا مجموعہ ہونے کے باوجود جماعت کو عین سنت اور نبیوں وصحابہ والا کام باور کرایا جائے گا؟

حقیقت یہ ہے کہ جس زاویئے سے بھی اس جماعت کا جائزہ لیا جائے اس کی نہایت مکروہ شبیہ ابھر کر سامنے آتی ہے اسی طرح بانیانِ جماعت حضرت مولانا محمد الیاس صاحب وشیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب، سابق امرائے جماعت مولانا محمد یوسف صاحب ومولانا انعام الحسن صاحب وغیرہم کی باتیں بھی ایسے نامناسب غلو وخود ساختہ تاویلات پر مبنی ہیں کہ کوئی غیر جانب دار شخص ان جیسے اکابر سے یہ باتیں منسوب ہونے کے باوجود بھی ہرگز قبول نہیں کر سکتا۔ چلّہ، گشت، خروج، تشکیل، قیام شب جمعہ، ترک نہی عن المنکر، التزام مالایلزم، اصرار علی المباح، ان میں سے کون سی ایسی چیز ہے جو بدعت و ضلالت کے دائرے میں نہ آتی ہو۔ لیکن حیرت اور تعجب ہے کہ اپنی آرا اور خواہشات اور سنت وشریعت سے غیر ثابت شدہ اعمال وافعال کو دین قرار دیا گیا اور بزرگوں کے مخترعہ طریقے کی اتنی اہمیت بیان کی گئی کہ ناواقف اور دین سے بے خبر اسی کو سنت وشریعت سمجھنے لگا۔ آخر بدعت اور کس کو کہتے ہیں؟

حضرت ابو حفص حدّاد رحمۃ اللہ علیہ سے بدعت کی حقیقت دریافت کی گئی تو فرمایا کہ احکام

میں تعدّی یعنی شرعی حدود سے تجاوز کرنا،

اور تہاون فی السنن یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں میں سستی کرنا اور اتباع الآراء والاھواء یعنی اپنی خواہشات اور غیر معتبر آراء رجال کی پیروی اور ترک الاتباع واالا اقتداء یعنی سلف صالح کی اتباع و اقتداء کو چھوڑنا۔

(کشکول ص،٦٧ الاعتصام ج١،ص ١٥٨)۔

اب تو کفریات بھی بکی جا رہی ہیں۔ قادیانی مرزا غلام قادیانی کو ظلّی، بروزی نبی قرار دے کر مردود و ملعون ٹھہریں اور ان کا رشتہ ایمان و اسلام سے کٹ جائے مگر یہ داعیان دین مولانا الیاس صاحب کو ''الہامی نبی'' مان کر اسلام کے ٹھیکیدار ہی بنے رہیں؟ آخر یہ کہاں کا انصاف ہے اور کون سا اسلام ہے؟

آیات جہاد کو اپنی مخترعہ چلت پھرت پر فٹ کر کے جہاد فی سبیل اللّٰہ کے سارے ثواب کا خود کو مصداق سمجھنا بلکہ بقول مولانا الیاس صاحب جہاد سے بھی افضل و اعلیٰ سمجھنے کا تصور روز اول ہی سے ان کی گھٹی میں پڑا ہوا ہے جس پر ہر زمانے میں نکیر ہوتی رہی ہے۔ چنانچہ حضرت مفتی رشید احمد صاحب لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

ان کے بارے میں یہ خبر بھی مشہور ہے کہ مسلح جہاد کے بارے میں قرآن و حدیث میں جو واضح ارشادات ہیں یہ انہیں توڑ مروڑ کر تبلیغی جماعت پہ چسپاں کر رہے ہیں یہ قرآن میں تحریف ہے جو صریح کفر ہے۔ (خطبات الرشید جلد ۴ صفحہ ٢٩٥)۔

اسی طرح اور دوسرے اکابر علماء نے بھی انہیں تنبیہیں فرمائیں، لیکن ان کی عادتیں نہیں بدلیں۔ بلکہ اب ترقی کر کے جہاد کا انکار بھی اس جماعت کا طرّہ امتیاز بن چکا ہے۔ اپنے اجتماعات میں

ان کے ذمہ دار امراء جہاد و مجاہدین پر ردّ و انکار کا ریکارڈ قائم کرنے میں لگے ہیں۔ جہاد کے اصلی معنی و مفہوم میں کھلم کھلا تحریف کی جا رہی ہے، ہجرت و نصرت کے معانی بدل دیئے گئے، دعوت و تبلیغ کا مفہوم بگاڑ دیا گیا، اسلامی اصطلاحات پر شب خون مارا جا رہا ہے۔ اور ان کے نئے معانی گڑھ کر اسے درست باور کرانے پر رات دن محنتیں ہو رہی ہیں، جماعت میں لگے عالم، جاہل سبھی ایک بولی بول رہے ہیں۔ گویا تبلیغِ دین کے نام پر اندر اندر ایک نئے دینِ تبلیغ کی بنیادیں مضبوط کی جا رہی ہیں نعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیّاٰت اعمالنا۔

حضرت مولانا قاضی عبدالسلام صاحب نوشہروی خلیفہ حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب شاہراہ تبلیغ کے صفحہ ۵۳ پر لکھتے ہیں۔

"سامان ایسا بن رہا ہے کہ تبلیغ کے معمولات علمی شعائر کے بالمقابل خود ہی ایک دین کا مقام لے رہے ہیں گویا تبلیغ دین کے بجائے دین تبلیغ پھیل رہا ہے جس کو زبانی دین کی محنت کہا جاتا ہی'۔

لیکن دوسرے رخ سے دیکھا جائے تو مایوسی کی کوئی وجہ باقی نہیں رہتی، ادھر چند سالوں میں جس تیزی سے اس جماعت کا محاسبہ علمائے کرام نے شروع فرما دیا ہے اس کے آگے ہزاروں لاکھوں جاہلوں کا یہ جماعتی سیلاب انشاء اللہ خس و خاشاک کی طرح بہہ جائے گا کیونکہ ابھی امت علمائے کرام سے اتنی دور نہیں ہوئی جتنا یہ سمجھنے لگے ہیں۔

حضرات علماء دیوبند کتاب و سنت کے علمبردار ہیں اور یہ صرف اپنی جہالت کی ٹوکری لیکر گھوم رہے ہیں، نہ ان کے پاس دلائل کا وزن ہے نہ کتاب و سنت کا نور ہے۔ جہالت کے پاؤں پر ان کا تعمیر کردہ فضائل کا گھروندہ بہت جلد زمیں بوس ہو کر رہے گا۔

ان کی شروع سے کوششیں تو یہی چل رہی ہیں کہ علماء دین کو نکمّا و نامعتبر قرار دے کر ان سے امت کو کاٹ دیا جائے۔ اور کہیں کہیں یہ اپنے مقصد میں کامیاب بھی ہوئے، لیکن باطل باطل ہی ہے،

اس میں زیادہ دیر ٹھہرنے کی صلاحیت نہیں ہوتی۔ عوام کالانعام علم نہ ہونے کے سبب معصومانہ صورتوں سے دھوکا کھا جاتے ہیں اور انھیں حق پرست سمجھ لیتے ہیں۔ ظاہری دینداری و مصنوعی پرہیزگاری سے فریب میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ لیکن اندر کا نفاق اور عقیدے کا بگاڑ زیادہ دن چھپ نہیں سکتا۔ ممکن ہے بہت سے لوگ اس کو زیادتی پر محمول کریں اور یہ فیصلہ دیں کہ علمائے دیوبند سے تعلق رکھنے والی جماعت میں نفاق یا عقیدے کے بگاڑ کا الزام لگانا درست نہیں ہے ان سے راقم السطور یہ عرض کرے گا کہ حضرت مولانا محمد الیاس صاحب کو الہامی نبی قرار دینا اور اس پر پوری جماعت کا خاموش رہنا کیا سنگین جرم نہیں ہے؟ اور یہ عقیدے کا بگاڑ نہیں ہے؟ اسی طرح بڑوں کی غلطیوں کو چھوٹوں کی طرف منسوب کر کے ان پر پردہ ڈالنا نفاق نہیں کہلائے گا؟ بھلے یہ نفاق اعتقادی نہ ہو نفاق عملی ہو۔ لیکن حقیقت کا اعتراف نہ کرنا اور بڑی بڑی غلطیوں سے چشم پوشی کرتے رہنا اور اسے جاہلوں کے سر مڑھ دینا راقم الحروف کے نزدیک منافقانہ رویہ ہے جس کی وجہ سے اب تک تمام لوگ یہی سمجھتے رہے کہ جماعت میں پیدا ہونے والی خرابیاں جاہلوں کی طرف سے آئی ہیں۔ ذمہ داران جماعت ان سے بری ہیں۔ پچاسوں سال سے یہی راگ الاپا جا رہا ہے لیکن علماء کرام نے اندر تک کھنگال کر دیکھا تو پتہ چلا کہ ان کا سرچشمہ حضرت مولانا الیاس صاحب کے ملفوظات، اور مکتوبات و ارشادات ہیں نیز مابعد کے جماعتی علماء کی پیدا کردہ ہیں۔

ہمیں حیرت ہوتی تھی کہ جن مفاسد اور خرابیوں کو جاہلوں کی طرف منسوب کر کے مرکز اور اس کے ذمہ داروں کا اب تک تزکیہ کیا جاتا رہا، آخر وہ ختم کیوں نہیں ہوتیں؟ جب کہ خبریں یہ بھی موصول ہوتیں کہ ذمہ داروں کی طرف سے نکیر بھی کی جاتی ہے۔ پھر یہ گڑبڑیاں کیوں پھیلتی جا رہی ہیں؟ کیا یہ گھومنے پھرنے والی جماعتیں اب مرکز کے کنٹرول میں نہیں رہیں؟ دراں حالے کہ امراء مرکز کے ساتھ جماعتوں کی عقیدت مندیاں عروج پر نظر آتیں۔ آخر معاملہ کیا ہے؟ قسم بخدا حیرت اور سخت حیرت ہوتی

تھی کہ جب مرکز سے تنبیہ کی خبریں بھی موصول ہو رہی ہیں اور ان کی عقیدتیں ساری حدوں کو پھلانگ کر کہیں سے کہیں جا پہنچی ہیں، تو پھر اصلاح نہ ہونے کے کیا معنیٰ؟ ضرور کچھ دال میں کالا ہے آخر علماء کرام نے پتہ چلا ہی لیا کہ بگاڑ اور فساد کا سرچشمہ کیا ہے؟ عقیدے اور عمل میں کہاں سے یہ گڑبڑی پیدا ہو رہی ہے؟ حقیقت سے بے خبر پتہ نہیں کتنے لوگ سن کر حیرت میں پڑ جائیں گے کہ حضرت مولانا الیاس صاحب کے ملفوظات اور مکتوبات و ارشادات ان تمام گمراہیوں کی بنیاد اور جڑ ہے جنہیں قرآن سے زیادہ مقدس سمجھا گیا اور سمجھایا گیا۔

ظاہر ہے کہ محض دعویٰ تو کوئی تسلیم نہیں کرتا۔ دلیل کی بھی ضرورت پڑتی ہے۔ مندرجہ ذیل ملفوظ پڑھئے۔ اور توجہ سے پڑھئے۔

۹۳۔ فرمایا۔ یہ سفر غزوات ہی کے سفر کے خصائص اپنے اندر رکھتا ہے اور اس کے لئے امید بھی ویسے ہی اجر کی ہے۔ یہ اگرچہ قتال نہیں ہے مگر جہاد ہی کا ایک فرد ضرور ہے۔

جو بعض حیثیات سے اگرچہ قتال سے کم تر ہے لیکن بعض حیثیات سے اس سے بھی اعلیٰ ہے مثلاً قتال میں شفاء غیظ اور اطفاء شعلہ غضب کی صورت بھی ہے اور یہاں اللہ کے لئے صرف کظم غیظ ہے اور اس کے دین کے لئے لوگوں کے قدموں میں پڑ کر اور ان کی منتیں خوشامدیں کر کے بس ذلیل ہونا ہے۔ (ملفوظات ص ۶۷۔ ۶۸)

قتال و جہاد کا اجر تو منصوص ہے اپنے طریقہ مخترعہ مخصوصہ پر بھی ویسے ہی اجر کی امید لگانا اور اس کو اسی جیسی خصوصیات کا حامل بتانا کسی صحیح الدماغ عالم دین کا کام تو نہیں ہے۔ پھر بات یہیں تک رہتی تو تلک امانیھم کہہ کر آدمی خاموش ہو جاتا۔ آگے جو جماعتی چلت پھرت کو غزوات کے سفر سے بھی اعلیٰ ہونے کا دعویٰ کر دیا گیا، کیا اس سے خلل دماغی کا ثبوت فراہم نہیں ہوتا۔ دعویٰ بغیر دلیل کے کب قابل سماعت ہے؟ اور اس کی جو علت بیان کی گئی کظم غیظ اور ذلیل ہونا، خوشامدیں کرنا، ہاتھ جوڑنا، قدموں میں پڑنا۔

اسے سوائے اجتہاد فاسد اور بناء الفاسد علی الفاسد کے اور کون سا مہذب نام دیا جائے؟

علامہ قاضی ابراہیم الحنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ۔

جو عابد و زاہد اہل اجتہاد نہیں وہ عوام میں داخل ہیں ان کی بات کا کچھ اعتبار نہیں ہاں اگر ان کی بات اصول اور معتبر کتابوں کے مطابق ہو تو پھر اس وقت معتبر ہوگی۔

(انفاس الازہار ترجمہ مجالس الابرار ص ۱۲۷)۔

علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ۔

انقطع المفتی المجتہد فی زماننا ولم یبق الا المقلد المحض (شرح عقود رسم المفتی ص، ۴۲) مجتہد مفتی کا سلسلہ ہمارے زمانے میں ختم ہو چکا ہے اور مقلد خالص ہی باقی ہیں۔

علامہ ابراہیم البیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ۔

لیس للمفتی فی زماننا الا نقل ما صح عن اہل مذہبہ الذین یفتی بقولہم (شرح عقود رسم المفتی ص، ۸۹) ہمارے زمانہ کا مفتی صرف اپنے مذہب کے

اکابر علماء کی معتبر بات کو نقل کر سکتا ہے جن کے اقوال پر فتویٰ دیا جاتا ہے۔

حضرت مولانا مفتی محمد زرولی خان صاحب فرماتے ہیں: ۔

ایک عجیب بات بتاتا ہوں کہ مقلد جب بھی قیاس کرے گا غلط کرے گا۔ کیوں کہ قیاس حق صرف مجتہد کا ہے (احسن البرہان ۷۵)

تبلیغی علماء جو صاحب اجتہاد نہیں تھے اپنے غلط قیاس کے ذریعہ تبلیغی جماعت کی پوری عمارت کھڑی کر دی اور امت کے لئے ضلالت و فتنہ کا سامان فراہم کر دیا۔

اگر کہا جائے کہ یہ سب الہامی اور منامی بشارتیں ہیں جو صرف مولانا الیاس صاحب پر ہی نازل ہوئی ہیں۔ تو قادیان کے مرزا غلام قادیانی کی الہامی بشارتوں نے کیا خطا کی تھی؟ اسے بھی تسلیم

کیجئے۔ اور لاکھوں کروڑوں ثواب گھر بیٹھے کمایئے۔ یا پھر شیعوں کے کذاب راویوں کے ذریعہ متعہ اور تقیہ پر ملنے والے اجر وثواب کا کیوں انکار کیا جائے؟ ہم خرما وہم ثواب، لذت بھی ثواب بھی، نہ ہلدی لگے نہ پھٹکری رنگ آئے چوکھا۔

آخر جہاد وقتال میں بھی نہ جانا پڑا اور ثواب اس سے کہیں زیادہ مل گیا۔ نفس امارہ کو اور کیا چاہئے؟ کتاب وسنت سے بے نیاز ہو کر من مانی ثواب اور فضیلتیں ہی بیان کرنی ہیں تو لاکھوں کروڑوں پر کیوں اکتفا کیا جائے؟ اربوں کھربوں میں بانٹیئے، کیا مضائقہ ہے؟

پھر ذرا ہوشیاری ملاحظہ فرمایئے کہ جن بعض حیثیات سے قتال سے کم تر ہونے کا اعتراف کیا گیا اس کی کوئی دلیل بیان نہیں کی گئی۔ لیکن جن حیثیات سے اعلیٰ ہونے کا دعویٰ کیا گیا اسے مدلل بیان کیا۔ تا کہ کہیں سے بھی جہاد کی فضیلت دل میں گھر نہ کرنے پائے۔ اب جو جماعتی جہلاء وامراء اسے جہاد سے افضل بتا رہے ہیں ان بے چاروں کا بھلا کیا قصور؟ وہ تو اندھی عقیدت کے مارے ہوئے ہیں جب بانئ جماعت خود اسے جہاد سے بھی افضل واعلیٰ قرار دے رہے ہیں تو سوچئے اور ہزار بار سوچئے کہ گمراہی کا سرچشمہ کہاں سے پھوٹ رہا ہے؟

اب ملفوظ نمبر ۹۴ ملاحظہ فرمایئے۔

۹۴۔ یہ تحریک در حقیقت اپنے بہت بڑے درجہ کی ریاضت ہے
افسوس لوگ اس کی حقیقت کو سمجھتے نہیں“۔ [۶۸] ے

اجر وثواب میں جماعت افضل واعلیٰ قرار پا ہی چکی تھی البتہ محنت اور ریاضت میں جماعت کا درجہ بڑا ہونے کی صراحت نہیں ہو پائی تھی۔ ممکن تھا کوئی جہاد کو اس پہلو سے تبلیغی جماعت پر فضیلت دینے لگتا، سو اس کی بھی صراحت کر دی گئی کہ جماعت کا قریہ قریہ بستی بستی گھومنا معمولی نہ سمجھا جائے، یہ بہت بڑے درجہ کی ریاضت ہے۔ پھر بھلا اب خانقاہوں میں جا کر مجاہدہ کرنے کی کیا ضرورت؟ اور جہاد میں تلوار

چلانے کی کیا حاجت؟ مقصود تو گھر بیٹھے حاصل ہے۔

آگے چلئے اب ان دونوں ملفوظ سے پہلے والا ملفوظ نمبر ۹۲ ملاحظہ فرمائیں۔

۹۲۔ فرمایا۔ ہمارے طریقہ کار میں دین کے واسطے جماعتوں کی شکل میں گھروں سے دور نکلنے کو بہت اہمیت ہے اس کا خاص فائدہ یہ ہے کہ آدمی اس کے ذریعہ اپنے دائمی اور جامد ماحول سے نکل کر ایک نئے صالح اور متحرک ماحول میں آجاتا ہے جس میں اس کے دینی جذبات کے نشوونما کا بہت کچھ سامان ہوتا ہے نیز اس **سفر وہجرت** کی وجہ سے جو طرح طرح کی تکلیفیں و مشقتیں پیش آتی ہیں اور در بدر پھرنے میں جو ذلتیں اللہ کے لئے برداشت کرنی ہوتی ہیں ان کی وجہ سے اللہ کی رحمت خاص طور سے متوجہ ہوجاتی ہیں۔

والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا۔

جہاد کا اجروثواب اور ریاضت بلکہ اس سے اعلیٰ وافضل فضیلت حاصل ہوجانے کے بعد **ہجرت ونصرت** کا ثواب بھی تو ملنا چاہئے تھا۔ جہاد تو ہجرت کے بعد ہی فرض ہوا تھا۔ اس لئے جماعتی چلت پھرت میں ہجرت ونصرت کی فضیلت حاصل ہونے کی سند بھی دے دی گئی اور جہاد وقتال کی بھی۔ (اب باقی کیا بچا؟ تین دن کی چلت پھرت سے سب کچھ حاصل ہوگیا اب نہ کسی مجاہدے کی ضرورت، نہ جہاد کی، نہ علم کی ضرورت نہ اعمال کی)

اسلامی اصطلاحات کا حلیہ بگاڑنا اور اس کے معنی ومفہوم سے کھلواڑ کرنا اور کس چیز کا نام ہے؟ اب علماء اسے تحریف فی الاصطلاح کہتے ہیں تو کہتے رہیں، لغوی اور اصطلاحی کا فرق بیان کرتے رہیں، بھلا جماعت کے جاہلوں کو اس سے کیا سروکار؟ وہ تو صرف مولانا الیاس صاحب کے ارشادات و فرمودات ہی کو اصل دین سمجھے بیٹھے ہیں اور اسی کی دن رات محنت کی جارہی ہے

ہمیں تو یہاں بس یہ دکھانا مقصود ہے کہ یہ گڑبڑیاں جاہلوں نے نہیں پیدا کی ہیں بلکہ بانی

جماعت کی طرف سے آئی ہیں۔ جسے ناقلین ومرتّبین نے آنکھ بند کر کے نقل کر دیا اور یہ نہ سوچا کہ اس سے امت کا کیا مزاج بنے گا؟ کہنے والا تو مغلوب الحال تھا، لیکن ناقل ومرتب تو صحیح الحواس اور صاحب علم تھے ان کے علم ادراک کو کس کی نظر لگ گئی تھی؟ اگر آج جہالت زدہ تبلیغی یہ کہتے ہیں کہ جماعت ہی چلتی پھرتی خانقاہ ہے، چلتا پھرتا مدرسہ ہے۔ نہ مدرسہ میں جانے کی ضروت ہے نہ خانقاہوں میں، بس چلّہ میں نکلو ساری نیکی اور ساری فضیلتیں حاصل ہوجائیں گی۔ علم بھی آجائے گا مجاہدہ وریاضت کا ثواب بھی ملے گا، ہجرت ونصرت حتی کہ جہاد وقتال تک کی ساری فضیلتوں کے مستحق بن جاؤ گے تو کون سا جرم کرتے ہیں؟ اور اگر یہ جرم ہے تو اس کا محاسبہ کیوں نہیں ہوتا؟

اب ذرا دو چار چیزیں مکتوبات وارشادات سے بھی ملاحظہ فرمائیے۔ فرماتے ہیں۔

یہ طریقۂ تبلیغ کشتی نوح ہے جو اس میں سوار ہوگا محفوظ ہو گیا۔ ص، ۳۷۔

اور جو سوار نہیں ہوئے وہ کہاں جائیں گے؟ اور ان کا کیا حشر ہوگا؟ اس کے بارے میں ارشاد نہیں فرمایا۔ بعض اہل علم یہ سمجھتے ہیں کہ کشتیٔ نوح کا لفظ بعد کے لوگوں نے ایجاد کیا ہے لیکن آپ دیکھ ہی رہے ہیں کہ یہ بانی جماعت کا ارشاد ہے۔ بعد والوں نے خود ایجاد نہیں کیا۔ اگر یہ غلو ہے اور قابل نکیر ہے تو پہلے مولانا الیاس صاحب سے اس کا صدور ہوا ہے۔ آج تک کسی امام مجتہد نے ایسا دعویٰ نہیں کیا جن کی دنیا میں تقلید کی جاتی ہے۔ مگر بانی جماعت اپنی ایجاد کردہ جماعت کے متعلق کتنے خوش گمان ہیں کہ بس اس میں لگنے والا ہی نجات پائے گا اور جو نہ لگے گا اس کی نجات نہیں ہوسکتی۔

امام دار الہجر ۃ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

السنة سفينة نوح من ركبها نجا ومن تخلف عنها غرق “ (تاریخ دمشق لابن عساکر جلد ۱۴ ص، ۹) سنت کشتی نوح کی طرح ہے جو اس میں سوار ہو گیا وہ نجات پا گیا اور جو پیچھے رہ گیا وہ غرق ہو گیا۔

کہاں طریقہ سنت؟ اور کہاں یہ من گھڑت طریقہ تبلیغ؟ کتنی جرأت بیجا ہے کہ امام مالکؒ نے جو بات سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے ارشاد فرمائی تھی وہ بات اپنے من گھڑت طریقہ پر منطبق کر دی گئی یعنی کشتی نوح کہہ کر اسے سنت کا درجہ دے دیا۔ چہ نسبت خاک را با عالم پاک۔

اسی طرح مولانا الیاس صاحب کا ایک اور ارشاد صفحہ ۸۷ پر نقل کیا گیا ہے۔

یہ تحریک دیگر اعمال کے مقابلہ میں ایسی ہے جیسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیگر مخلوقات پر فضیلت ہے۔

چودہ سو سال میں کسی تحریک کے بانی نے کب ایسا دعویٰ کیا ہوگا؟ جو مولانا الیاس صاحب فرما رہے ہیں۔ اب اگر جماعت والے تین دن چلہ لگا کر علماء و مشائخ سے اپنے کو افضل سمجھنے لگتے ہیں تو ان بے چاروں کی کیا خطا ہے؟ یہ سارا علم تو انہیں بانی جماعت ہی پڑھا کر گئے ہیں۔

مزید ایک اور حوالہ ملاحظہ کیجئے:۔

اللہ کی ذات اور دین ہم پلّہ ہیں۔ ص، ۸۹ے

اب تک مسلمان اس عقیدے پر قائم تھے کہ خدا کا ہم پلہ کوئی نہیں لیس کمثلہ شیئٌ۔ لیکن مولانا الیاس صاحب کے فرمان وارشاد کے ذریعہ کچھ اور ہی تعلیم دی جا رہی ہے آپ خود ہی غور فرما لیجئے کہ وہ امت کو کیا تعلیم دے رہے ہیں؟

ایک اور جگہ فرماتے ہیں:۔

قرآن شریف پڑھنا فرض نہیں ہے بلکہ اپنی زندگی کو قرآن شریف کے ماتحت کرنا فرض ہے۔ ص، ۵۷ے۔

چلئے چھٹی ہوئی۔ اب طلب العلم فریضۃ علی کل مسلم کے ذیل میں کیا قرآن کا پڑھنا نہیں آئے گا؟ جب پڑھے گا ہی نہیں تو عمل خاک کرے گا؟ یہ عجیب فلسفہ ہے کہ پڑھنا فرض نہیں بلکہ زندگی کو قرآن شریف کے ماتحت کرنا فرض ہے۔ ڈیڑھ ہزار سال میں ایسا الہام کہاں کسی پر آیا ہوگا؟ تبلیغی

جماعت والے جو درس قرآن اور تفسیر قرآن کے مخالف ہیں اور کسی مسجد میں فضائل اعمال یا منتخب احادیث کی تلاوت پر تو بہت زور دیتے ہیں مگر درس قرآن ان کے یہاں شجر ممنوعہ ہے۔ وہ غالباً مولانا الیاس صاحب کی اسی فکر کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ ان کے معمولات میں قرآن کے درس اور اس کی تعلیمات کی کوئی اہمیت نہیں۔

اب یہ سارے الہامات خدا جانے رحمانی ہیں یا کچھ اور؟ اس کا فیصلہ حضرات علماء کرام فرمائیں گے۔ راقم الطور حضرت مولانا مفتی محمد شفیع کے حوالے سے حضرت ابوسلیمان دارانی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد نقل کرتا ہے اسے ملاحظہ فرمائیں، فرماتے ہیں کہ

"بسا اوقات میرے قلب میں حقائق و معارف اور علوم صوفیاء میں سے کوئی خاص نکتہ عجیبہ وارد ہوتا ہے اور ایک زمانہ دراز تک وارد ہوتا رہتا ہے۔ مگر میں اس کو دو عادل گواہوں کی شہادت کے بغیر قبول نہیں کرتا اور وہ دو عادل گواہ کتاب و سنت ہیں"۔ (کشکول از حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ ص، ۶۷ ۔)

کتاب و سنت سے ہٹ کر جو کچھ بھی کیا جائے گا یا کہا جائے گا کہنے والا چاہے جتنا عظیم ہو، بزرگ ہو، اللہ والا ہو، وہ رد کر دیا جائے گا اسے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ کسی عمل یا عقیدہ کو قبول کرنے کی اولین شرط یہی ہے کہ وہ شریعت مصطفوی کے مطابق ہو۔ یہی راہِ حق ہے اور یہی صراطِ مستقیم ہے اس سے باہر جانے والا یقینا گمراہ کہا جائے گا۔

ملفوظات میں مولانا الیاس صاحب کے متضاد اقوال بھی ملتے ہیں پڑھنے والا حیران ہوتا ہے کہ یہ عجیب تضاد بیانی اور ذہنی انتشار ہے۔ ملفوظ ۲۱۰ میں فرماتے ہیں کہ صرف میرے کہنے پر عمل کرنا بددینی ہے میری باتوں کو کتاب و سنت پر پیش کر کے اپنی ذمہ داری پر عمل کرو، جہاں غلطی ہو ٹوکیں۔ دوسری طرف ملفوظ ۵۰ ۔ میں فرماتے ہیں کہ مجھ پر خواب میں علوم صحیحہ کا القا ہوتا ہے، تبلیغ کا طریقہ مجھ پر

خواب میں منکشف ہوا" وغیرہ وغیرہ۔ ان اقوال کی تفصیلات انشاء اللہ پھر کسی موقع پر پیش کی جائیں گی۔

مولانا الیاس صاحب بانی جماعت تبلیغ کے حوالے سے یہ چند حقائق پیش کئے گئے۔ اسی طرح کی ابھی سینکڑوں باتیں پیش کی جاسکتی ہیں لیکن طوالت کے خوف سے انہیں نظرانداز کرنا پڑا۔ ہمیں اس پوری تفصیل سے بس اتنا ہی بتانا ہے کہ آج جن مفاسد اور بے اعتدالیوں کو بعد والوں سے منسوب کر کے اکابر تبلیغ کی پاک دامنی بیان کی جاتی رہی وہ سراسر یا تو جھوٹ اور فریب پر مبنی ہے یا بے خبری اور حقیقت ناشناسی پر۔ لوگوں میں مولانا الیاس صاحب کے تقدس اور بزرگی کا اتنا پرچار کیا گیا کہ سننے والوں نے انہیں معصوم عن الخطا کا درجہ دے دیا اور ان کی جانب کسی غلطی کا انتساب گناہ عظیم سمجھنے لگے اور ملفوظات ومکتوبات کے حوالے سے جو کچھ پڑھا یا سنا گیا وہ بے جا عقیدت کی بنیاد پر منزل من السماء وحی سے کم نہیں سمجھا گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جماعتی علماء اور عوام دونوں سخت غلو میں مبتلا ہو گئے اور قابل نکیر امور پر بھی وہ توجہ نہیں دے سکے۔

یہی حال مولانا یوسف صاحب کا بھی ہوا ان کی بعض خصوصیات سے اہل علم اتنا متاثر ہوے کہ نقد و جرح جو اس امت کے علماء کی امتیازی خصوصیت ہے اس سے یکسر آنکھیں بند کر لی گئیں۔ اور جب عقیدت میں ڈوب کر آدمی کچھ دیکھتا یا سنتا ہے تو معائب بھی محاسن معلوم ہونے لگتے ہیں۔ حبک الشیء یعمی و یصم کسی چیز کی حد سے زیادہ محبت آدمی کو اندھا بہرا بنا دیتی ہے۔ پھر ہر رطب و یابس کی گنجائش پیدا ہو جاتی ہے، اور ہر غلط بات دین میں داخل کر لی جاتی ہے اور اصل حقیقت سو پردوں میں مستور ہو جاتی ہے۔ اس وقت تبلیغی جماعت میں یہی صورت حال ہے کہ ان کے اکابر ثلٰثہ ان کے معبود سے کم درجہ نہیں رکھتے۔ ان سے منسوب کوئی بات چاہے جتنی غلط ہو اس پر ایمان لانا ان کے نزدیک تمام فرائض سے بڑھ کر اہمیت رکھتا ہے۔ اب انہیں یہی تین نظر آتے ہیں بقیہ تمام اکابر ان کے نزدیک یا تو دعوت و تبلیغ کے مخالف ہیں یا ان کی تعلیمات و دینی خدمات امت میں توڑ پیدا کرنے والی

ہیں اور یا پھر بے کار محض ہیں۔ نعوذ باللہ و نستغفر اللہ، ذہنی بگاڑ اور فکری کجروی کی انتہا یہ ہے کہ جس حکیم الامت کی تعلیمات کو بانی جماعت اپنی جماعت کے ذریعہ عام کرنا چاہتے تھے آج ان داعیان دین کے نزدیک کوئی حیثیت نہیں رکھتیں۔ اور بھول کر بھی مولانا الیاس صاحب کے اوپر کے بزرگوں کا نام لینا ان کے اصول کے خلاف اور حد درجہ ناپسندیدہ سمجھا جاتا ہے۔

خدا گواہ ہے ہمیں تو ایسا محسوس ہونے لگا ہے کہ جس طرح عیسائیوں کے نزدیک ثالثُ ثلٰثہ کا مشرکانہ تصور ان کے ایمانیات میں داخل ہے اور وہ تین ایک، ایک تین، کی وادیٔ ضلالت میں بھٹک کر حیران و سرگردان ہیں اور راہِ ہدایت سے دور جا پڑے ہیں۔ کہیں وہی تثلیث پرستی کا فارمولا تھوڑے فرق کے ساتھ ان تبلیغی موحدین کا جزو ایمان تو نہیں بن چکا ہے؟ آخر کیا وجہ ہے کہ یہ جب بھی نام لیں گے بس انھیں تین کا لیں گے۔ اور تبلیغ دین کو انہیں تین کی طرف منسوب کریں گے۔ کیا امت کے باقی جملہ اکابر علمائے حق کا دین کی تبلیغ سے کوئی تعلق نہ تھا؟ سوچئے یہ تصور ہی کتنا بھیانک اور خطرناک ہے کہ جن اکابر کی تعلیمات پورے عالم کو منور کر رہی ہیں اور خود بانیٔ جماعت اس کی افادیت کو محسوس کر کے اسے اپنی جماعت کے ذریعہ عام کرنا چاہتے تھے۔ اب ان تبلیغ کے ٹھیکیداروں کے 18/7/2016 نزدیک وہ اس قابل نہیں کہ انہیں عام کیا جائے کیوں کہ وہ امت میں توڑ پیدا کرنے والی ہیں۔ نعوذ باللہ منہ۔ جماعت کے ایک نام نہاد مبلغ اعظم مولانا طارق جمیل صاحب ارشاد فرماتے ہیں کہ ''حضرت تھانویؒ کے مواعظ وخطبات اتنے مشکل ہیں کہ عوام ان کو سمجھ ہی نہیں سکتے ایسا لگتا ہے کہ حضرت کے سامنے صرف علماء حضرات بیٹھا کرتے تھے'' کہیں یہ عوام کو حضرت حکیم الامت کی تعلیمات سے دور اور بدظن کرنے کی منصوبہ بند سازش تو نہیں؟ جسے علمی عظمت کے اعتراف کے ساتھ بیان کیا جا رہا ہے؟ بہر حال جو کچھ بھی ہو کہنے والا بہت پہلے کہہ کر جا چکا ہے۔

داغ دل چمکے گا بن کر آفتاب لاکھ اس پر خاک ڈالی جائے گی

یہ حال تو گذشتہ اکابر تبلیغ مولانا الیاس صاحب، مولانا یوسف صاحب، مولانا انعام الحسن صاحب وغیرہم کا مذکور ہوا۔ اب ذرا موجودہ خودسر وخودساختہ عالمی امیر مولانا سعد کاندھلوی صاحب کا حال بھی ملاحظہ فرمایئے جن کی امارت خود مرکز میں انتشار وافتراق کا سبب بنی ہوئی ہے اور جنہیں اپنی امارت وولایت پر ایسا یقین کامل و وثوق راسخ حاصل ہے کہ جو انھیں امیر نہ سمجھے وہ جہنم واصل ہے۔ اپنے ایک بیان میں ارشاد فرماتے ہیں کہ:۔

رمضان کے روزوں کی وجہ سے چلت پھرت کو نہ چھوڑا جائے گا ہاں روزہ چھوڑ سکتے ہیں الخ

مزید گل افشانی ملاحظہ کریں۔

لوگ سمجھتے ہیں کہ معجزات نبوت کے ساتھ خاص ہیں، نہیں میرے دوستو! معجزات دعوت کے ساتھ ہیں۔"

ایک تیسری جگہ بیان فرماتے ہیں:۔

لیکن ہم یہ کہتے ہیں یہاں اللہ کے ہی ہاتھ میں ہدایت ہے چاہے کسی کو دیں یا نہ دیں، اللہ ہی کے ہاتھ میں گمراہی ہے جسے چاہیں گمراہ کردیں، نہیں ایسا نہیں ہے بلکہ یاد رکھنا میرے دوستو کہ انسان ہی انسان کی ہدایت کا ذریعہ ہے اور انسان ہی انسان کی گمراہی کا ذریعہ ہے لوگ سمجھتے نہیں بس اشکال پیدا کریں گے، لوگ کہتے ہیں کہ ہدایت اور گمراہی اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ ارے ایسا نہیں ہے بلکہ اللہ نے انسان کو انسان کی ہدایت کا سبب بنایا ہے"۔

ایسا محسوس ہورہا ہے کہ امیر صاحب ساتویں آسمان کی بلندی سے کلام فرمارہے ہیں ورنہ زمین پر رہ کر ایسی باتیں کہنا تو ممکن ہی نہیں۔ دارالعلوم دیوبند کے مفتیانِ کرام نے بھلے ایسے امیر کے جاہل اور گمراہ ہونے کا فتویٰ جاری کردیا ہو لیکن زمین کے یہ فتوے ساتویں آسمان پر بیٹھے ہوئے اس جاہل اور گمراہ امیر کا کیا بگاڑ سکیں گے؟

بات ذرا لمبی ہوگئی، عرض کرنے کا منشا صرف یہ ہے کہ بزرگی اور تقدس کا لبادہ اوڑھے ہوئے یہ صاحب جبّہ و دستار کس تاریک وادی میں بھٹک رہے ہیں اس کا صحیح اندازہ ہم اور آپ نہیں لگا سکتے۔ یہ بات بہرحال واضح ہوگئی کہ فساد و بگاڑ ان اکابر کے اندر پہلے آیا تب وہ منتقل ہوتے ہوئے نیچے پہنچا جس پر علماء کرام اب کھل کر لکھنے اور بولنے لگے ہیں۔ انکشاف حقیقت، کشف الغطاء، مصنفہ حضرت مولانا ابوالفضل عبدالرحمن صاحب دامت برکاتہم اور، تسلسل ایمان فروشاں، قاری فتح محمد صاحب مدظلہ العالی کی ملاحظہ فرمائیں تو انشاء اللہ امید ہے کہ بصیرت میں اضافہ ہوگا۔ تبلیغی جماعت سے متعلق علماء کرام کی آراء اوران کی علمی تنقیدات کو مفتی محمد سعید صاحب مدظلہ نے اپنی تصنیف ''سنگین فتنہ'' میں بڑی محنت سے جمع کر دیا ہے اس وقت اکثر علمائے دیوبند کا یہ احساس بڑھتا ہی جا رہا ہے کہ یہ جماعت امت مسلمہ کے لئے ایک سنگین فتنہ بنتی جا رہی ہے اس لحاظ سے نام بہت مناسب معلوم ہوتا ہے اس کا مطالعہ ہر شخص کو کرنا چاہیئے تاکہ وہ اس کے ذریعہ پھیلائی جارہی گمراہیوں سے واقف ہوسکے۔

فقط ناچیز: محمد عرفان الحق غفرلہ المظاہری۔ انڈیا 6-15-12

سنگین فتنہ کے متعلق نئی کتابیں پڑھنے اور اکابر تبلیغی جماعت کی خلاف شریعت بیابات اور انکے جوابات سننے کیلئے علماء دیوبند کے نظریات جاننے کیلئے دیکھتے رہیے

sangeenfitna.blogspot.com

کیا فرماتے ہیں علماء دارالعلوم دیوبند تبلیغی جماعت کے بارے میں

ماہنامہ : دارالعلوم (دیوبند) جلد نمبر ۳۵ شمارہ نمبر ۶ ۱۹۶۸ ماہ ستمبر صفحہ نمبر 4

نگران اعلیٰ: حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب، مہتمم دارالعلوم دیوبند

مدیر: ابن الانور سید محمد ازہر شاہ قیصرؔ

نوٹ: 47 سال قبل دارالعلوم دیوبند کے علماء کا جلسہ اور اسکی کارگزاری کی کتاب۔۔۔

اصولِ دعوت و تبلیغ۔۔۔جس کی تصدیق اوپر 1968 کے اس رسالہ میں ہے اور دارالعلوم کورنگی کراچی کی لائبریری میں بھی اسکا ریکارڈ موجود ہے۔۔۔قرآن وحدیث کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے والے جن پر لعنت کرتا ہے قرآن اور صاحب قرآن۔۔۔ برأت کا اعلان کرتے ہیں جن سے دارالعلوم دیوبند والے۔۔۔ 60 سے زائد کتابیں لکھتے ہیں جن کے خلاف پاکستان کے علماء دیوبند والے۔۔۔پھر بھی ان میں خیر کا غلبہ ہے کا کہنے والے۔

تو نے حق چھوڑا اندیشہ غربت سے فقط
سوچتا ہوں تو احساس سے دل دہل جاتا ہے

ہائے نہ تھی تجھے اس بات سے آگاہی
رزق تو اس دہر میں کتوں کو بھی مل جاتا ہے

حق بات سے خاموش رہنے والا گونگا شیطان ہے۔ (حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)
افضل جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کا کہنا ہے۔ (حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

الداعی الی الخیر: مفتی سعید احمد

sangeenfitna.blogspot.com